1699

ما شاء الله لا قوة الا بالله

بفضیلت بخشائی انجمن تمامی مبرّان بر دوم حسب فرمایش معظمی جناب قاضی محمد ابراہیم بن قاضی نور محمد صاحب بر طبق ارشاد ابن

رحمة للعالمین فی آیات الکلام المبین

باہتمام راجی غفران محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان مغفور تربیت یافتۂ خدمت برادر معظم جناب محمد مصطفیٰ خان مرحوم

در مطبع نظامی واقع کانپور مطبوع گردید

فہرست اجمالی معجزات سید المرسلین یعنی فہرست الکلام المبین فی آیات رحمۃ للعالمین

صفحہ	ابواب و فصول و معجزات وغیرہ	صفحہ	ابواب و فصول و معجزات وغیرہ	صفحہ	ابواب و فصول و معجزات وغیرہ
۹	**مقدمہ** بودن آنحضرت رحمۃ للعالمین				
۱۰	**باب ۱** دربیان معجزات عالم معانی مشتمل بر سہ فصل				
۱۰	**فصل ۱** معجزات پیشین گوئیہائے قرآن مجید				
۱۱	**معجزہ ۱** معجزہ ابدی قرآن مجید از راہ بلاغت و اخبار غیبیہ	۱۱	**معجزہ ۲** فتح خیبر	۱۳	**معجزہ ۳** عمرۃ القضاء
۱۳	**معجزہ ۴** حصول غنائم	۱۳	**معجزہ ۵** دفع شر مرتدین	۱۴	**معجزہ ۶** غلبۂ روم بر فارس
۱۵	**معجزہ ۷** عدم تمنائے موت یہود را	۱۵	**معجزہ ۸** خلافت خلفائے راشدین	۱۵	**معجزہ ۹** غلبۂ دین اسلام بر کل ادیان
۱۶	**معجزہ ۱۰** شکست در غزوۂ بدر	۱۶	**معجزہ ۱۱** طلب حاکم اسلام و امارگان سفر حدیبیہ برائے جنگ	۱۶	**معجزہ ۱۲** محفوظی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از قتل
۱۷	**معجزہ ۱۳** شکست یہود بمقابلہ اہل اسلام				
۱۸	**فصل ۲** پیشین گوئیہائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مشتمل بر ہفت قسم				
۱۸	**قسم ۱** اخبار متعلقہ بخلفائے اربعہ رضی اللہ عنہم				
۱۹	**معجزہ ۱۴** خلافت خلفاء رضی اللہ عنہم بترتیب	۲۰	**معجزہ ۱۵** شہادت حضرت عمر رضی اللہ عنہ	〃	**معجزہ ۱۶** بلوی بر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
۲۱	**معجزہ ۱۷** شہادت حضرت طلحہ و زبیر و عثمان رضی اللہ عنہم	〃	**معجزہ ۱۸** انسداد فتن تا حیات حضرت عمر رضی اللہ عنہ	〃	**معجزہ ۱۹** خواستن منافقین خلع خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ
۲۲	**معجزہ ۲۰** شہادت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ در فتنہ	〃	**معجزہ ۲۱** فتح خیبر بدست حضرت علی کرم اللہ وجہہ	〃	**معجزہ ۲۲** وقوع قتال فیما بین حضرت علی و حضرت زبیر رضی اللہ عنہما
۲۳	**معجزہ ۲۳** افراط و تفریط در شان حضرت علی رضی اللہ عنہ	۲۴	**معجزہ ۲۴** شہادت حضرت علی رضی اللہ عنہ بزخم شمشیر		
۲۴	**قسم ۲** اخبار متعلقہ بخلافت و فتوحات دران عہد				
۲۴	**معجزہ ۲۵** انقضائے خلافت ... بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم	〃	**معجزہ ۲۶** خلافت حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہما	۲۵	**معجزہ ۲۷** سلطنت ... بر مشارق و مغارب
۲۵	**معجزہ ۲۸** ... کسریٰ در ... مسلمانان	〃	**معجزہ ۲۹** فتح مصر ... حضرت ابوذر ...	۲۶	**معجزہ ۳۰** امن راہ در سفر
۲۷	**معجزہ ۳۱** ... خزائن کسریٰ ...	〃	**معجزہ ۳۲** شفائے سعد بن ابی وقاص از مرض	۲۸	**معجزہ ۳۳** فتح بیت المقدس ...
۲۹		۲۹	**معجزہ ۳۴** جہاد مسلمانان بر دریا و شرکت ام حرام دران		
۳۰	**قسم ۳** پیشین گوئیہائے متعلقہ باہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم				

135256

Marfat.com

۳۰ معجزه ۳۵ وفات [illegible] — معجزه ۳۶ [illegible] — ۳۱ معجزه ۳۷ شهادت حضرت امام حسین علیه السلام

۳۲ معجزه ۳۸ [illegible] — معجزه ۳۹ واقعهٔ جمل — ۳۳ معجزه ۴۰ وفات حضرت زینب [illegible]

۳۴ معجزه ۴۱ خلافت خلفای عباسیه

۳۴ فصل ۴ پیشین گوئیهای متعلقه بغزوات آنحضرت صلی الله علیه وسلم

۳۴ معجزه ۴۲ تعیین مقتولین بدر و جای قتل آنها — ۳۵ معجزه ۴۳ مقتول شدن ابی بن خلف بدست آنحضرت صلی الله علیه وسلم — ۳۵ معجزه ۴۴ [illegible]

۳۶ معجزه ۴۵ شهادت عمار بن یاسر از دست باغیان — معجزه ۴۶ [illegible] — معجزه ۴۷ جهنمی بودن قزمان

۳۷ معجزه ۴۸ فتح حنین و حصول غنائم — معجزه ۴۹ گرفتار شدن خالد بن ولید اکیدر را [illegible] — ۳۸ معجزه ۵۰ آمدن باد صرصر سخت

۳۸ فصل ۵ اخبار متعلقه بائمهٔ مجتهدین

۳۸ معجزه ۵۱ خبر وجود آمدن [illegible] امام ابوحنیفه و محمد اسمعیل بخاری وغیره در فارسیان — معجزه ۵۲ خبر عالم مدینه یعنی امام مالک رحمه الله — ۳۹ معجزه ۵۳ خبر عالم قریش یعنی امام شافعی رحمه الله

۳۹ فصل ۶ اخبار متعلقه بمذاهب اهل بدعت

۳۹ معجزه ۵۴ ظهور خوارج — ۴۰ معجزه ۵۵ ظهور روافض — معجزه ۵۶ ظهور قدریه

۴۱ حکایت مسخ بعض روافض — ۴۲ حکایت ایضاً مسخ بعض روافض — حکایت خسف بعض [illegible]

۴۳ معجزه ۵۷ خبر بودن این امت هفتاد و سه فرقه

۴۳ فصل ۷ اخبار متعلقه بدیگر وقائع متفرقه

۴۳ معجزه ۵۸ ظهور نار حجاز — ۴۴ معجزه ۵۹ فتح کشتی اتراک بر بغداد — ۴۵ معجزه ۶۰ [illegible]

۴۵ معجزه ۶۱ وجود حجاج و مختار در بنی ثقیف — معجزه ۶۲ رخنه اندازی یزید در اسلام — ۴۶ معجزه ۶۳ شهادت حضرت ثابت بن قیس

۴۶ معجزه ۶۴ واقعهٔ حره — ۴۷ معجزه ۶۵ آبادی بصره — معجزه ۶۶ یک کس حاضر مجلس جهنمی [illegible]

۴۸ معجزه ۶۷ وفات ابوذر در دشت — معجزه ۶۸ ناری بودن [illegible] از حاضران — ۴۹ معجزه ۶۹ اختیار [illegible]

۴۹ معجزه ۷۰ اذیت رسیدن بعبدالله بن زبیر از مردم — ۵۰ معجزه ۷۱ سبقت [illegible] ایشان — معجزه ۷۲ از بیان سهیل بن عمرو [illegible]

۵۱ معجزه ۷۳ گستردن امت فرش انماط — معجزه ۷۴ هلاک مسیلمهٔ کذاب

۵۱ فصل ۳ بیان واقعات حالی بغیر ملاحظه

۵۱ معجزه ۷۵ خبر شهادت زید و جعفر و عبدالله بن رواحه وقت وقوع — ۵۲ معجزه ۷۶ خبر وفات نجاشی روز وقوع — معجزه ۷۷ خبر [illegible] وقت وقوع

۵۳ معجزه ۷۸ خبر مال که نزد ام الفضل دفن کرده بود — معجزه ۷۹ خبر مشوره صفوان و عمیر در قتل آنحضرت — ۵۴ معجزه ۸۰ خبر ناقه گم شده

۵۵ معجزه ۸۱ خبر خط حاطب — ۵۵ معجزه ۸۲ خبر خوردن گوسفند طعام را سوای مالک خدا — ۵۶ معجزه ۸۳ خبر [illegible] کسری [illegible]

۵۷ معجزه ۸۴ خبر بودن گوشت [illegible] — معجزه ۸۵ خبر مضمر یک الغفاری و ثقفی — ۵۸ معجزه ۸۶ خبر مضمر [illegible]

۵۸ باب در بیان معجزات علم مالکه

۵۸	معجزه ۸۴ دیدن سعد بن ابی وقاص [illegible]	//	[illegible]		[illegible]
۵۹	معجزه ۹۰ دیدن ابوبرده و [illegible]	//	[illegible]		[illegible]
۶۰	معجزه ۹۱ دیدن ابو جهل ... فرشتگان را در جنگ بدر	//	[illegible]		[illegible]
۶۲	معجزه ۹۶ دیدن حضرت حمزه جبرئیل را	//	[illegible]		[illegible]
۶۲	معجزه ۹۹ دیدن ابو جهل خندق آتش و فرشتگان را	//	[illegible]		

۶۳	باب ۴ بیان معجزات عالم انسان [illegible]
۶۳	فصل ۱ معجزات ۳۲ متعلقه ظهور برکات و بهایت

۶۳	معجزه ۱۰۱ اسلام مادر ابی هریره بدعای آنحضرت صلی الله علیه وسلم	۶۴	معجزه ۱۰۴ [illegible] اجابت ابو هریره را بدعای آنحضرت صلی الله علیه وسلم		معجزه ۱۰۴ [illegible]
۶۵	معجزه ۱۰۴ ظهور برکت درباره عائذ بن عمرو	//	معجزه ۱۰۵ ظهور برکت بحق عمرو بن ثعلبه	//	معجزه ۱۰۶ ظهور برکت بحق [illegible]
۶۵	معجزه ۱۰۷ در برکت در حق جریر بن عبد الله	//	معجزه ۱۰۸ ظهور برکت درباره اهل بدر	//	معجزه [illegible] ظهور برکت [illegible]
۶۶	معجزه ۱۱۰ ظهور برکت در مال و اولاد انس بدعای آنحضرت	//	معجزه ۱۱۱ ظهور برکت درباره یک جاریه	//	معجزه ۱۱۲ برکت [illegible]
۶۷	معجزه ۱۱۳ برکت طعام ابو ایوب انصاری	//	معجزه ۱۱۴ [illegible]	//	معجزه [illegible]
۶۸	معجزه [illegible] سیر شدن ... از ... یک جام شیر	//	معجزه ۱۱۷ برکت طعام حضرت فاطمه زهرا رضی الله عنها	//	معجزه ۱۱۸ [illegible]
۶۸	معجزه ۱۱۹ مستجاب الدعوات شدن حضرت سعد بدعای آنحضرت	//	معجزه ۱۲۰ برکت علم حضرت عباس بدعای آنحضرت	۶۹	معجزه ۱۲۱ [illegible]
۶۹	معجزه ۱۲۲ برکت مال مقداد بدعای آنحضرت صلی الله علیه وسلم	//	معجزه ۱۲۳ برکت بیع عروة بن ابی الجعد بدعای آنحضرت	//	معجزه ۱۲۴ [illegible]
۶۹	معجزه ۱۲۵ دفع تکلیف گرسنگی از حضرت فاطمه بدعای آنحضرت	۷۰	معجزه ۱۲۶ ظهور نور در تازیانهٔ طفیل بن عمرو بدعای آنحضرت	۷۱	معجزه ۱۲۷ [illegible]
۷۲	معجزه ۱۲۸ برکت موی مبارک که در کلاه خالد بن ولید بودند	۷۲	معجزه ۱۲۹ شفای بیماران از آب شستهٔ جبهٔ مبارک	۷۲	معجزه ۱۳۰ [illegible]
۷۲	معجزه ۱۳۱ سیری اطفال شیر خواره	//	معجزه [illegible] خوشبوی بدن عتبه [illegible]		

۷۲	فصل ۲ معجزات [illegible] متعلقه بشفا از آفت رسیدگان

۷۳	معجزه ۱۳۳ شفای [illegible] از شکستگی ساق	۷۴	معجزه ۱۳۴ شفای ساق حضرت سلمة بن الاکوع		معجزه [illegible]
۷۴	معجزه ۱۳۶ دفع غدود دست شرحبیل	۷۵	معجزه ۱۳۷ بینا شدن نابینا [illegible] بدعای آنحضرت		معجزه [illegible]
۷۵	معجزه ۱۳۹ صحیح شدن چشم [illegible]	//	معجزه ۱۴۰ صحت [illegible] حضرت عبد الله [illegible]		[illegible]
۷۶	معجزه ۱۴۲ دفع سم [illegible] حضرت ابو بکر [illegible]	۷۷	معجزه [illegible] صحت [illegible]		[illegible]
۷۸	معجزه ۱۴۵ شفای حضرت علی رضی الله عنه از یک بیماری	//	معجزه [illegible] گویا شدن [illegible]		[illegible]

Marfat.com

۷۹ معجزه ۱۴۸ شفای زخم ابو قتاده — // معجزه ۱۴۹ گویا شدن گنگ خلقی — // معجزه ۱۵۰ شفا یافتن شخصی از جنون

فصل ۳
۷۹ معجزات متعلقه باحیای موتی

۷۹ معجزه ۱۵۱ زنده شدن دختر انصاری — // معجزه ۱۵۲ بعد از مردن سخن گفتن ثابت بن قیس — ۸۰ معجزه ۱۵۳ بعد زنده شدن سخن گفتن زید بن خارجه

کرامت
۸۰ کرامت حضرت غوث پاک باحیای موتی

فصل ۴
۸۱ معجزات متعلقه بقهر ادیان و محفوظ ماندن آنحضرت صلی الله علیه وسلم از شر اعدا

۸۱ معجزه ۱۵۴ بیکار شدن دست راست شخصی بدعای آنحضرت — // معجزه ۱۵۵ قحط افتادن بر قوم مضر بدعای آنحضرت صلی الله علیه وسلم — ۸۲ معجزه ۱۵۶ تباه شدن سلطنت فارس بدعای آنحضرت صلی الله علیه وسلم

۸۲ معجزه ۱۵۷ کشتن شیر عتیبه بن ابی لهب را بدعای آنحضرت — ۸۳ معجزه ۱۵۸ هلاک شدن ابو جهل و عتبه و غیره کافران بدعای آنحضرت — // معجزه ۱۵۹ عارض شدن عارضه اختلاج در حکم بن ابی العاص بدعای آنحضرت

۸۳ معجزه ۱۶۰ ندیدن حمالة الحطب آنحضرت را در مسجد حرام هرگاه باراده سنگ زدن آمده — ۸۴ معجزه ۱۶۱ محفوظ ماندن آنحضرت صلی الله علیه وسلم از شر عامر و دیگر کافران

باب ۴
۸۴ بیان معجزات عالم جنات

۸۴ معجزه ۱۶۲ آواز کردن جن از شکم گاو بر وحدت ... حضرت عمر رض — // معجزه ۱۶۳ قتل کردن خالد بن ولید عزی را — ۸۵ معجزه ۱۶۴ دیدن ابن مسعود جنیان را [illegible]

۸۵ معجزه ۱۶۵ خبر لیلة الجن مدینه — ۸۶ فائده حاضر شدن جن نصیبین در خدمت آنحضرت صلی الله علیه وسلم — // معجزه ۱۶۶ قصه سواد بن قارب

۸۷ معجزه ۱۶۷ قصه زن مدینه با جنی — // معجزه ۱۶۸ قصه حضرت عثمان رضی الله عنه بازنی کاهنه — ۸۸ معجزه ۱۶۹ قصه مازن [illegible]

۸۹ معجزه ۱۷۰ آواز کردن جنی در شکم بتی در موضع بوانه — ۸۹ معجزه ۱۷۱ قصه ذباب بن حارث — ۸۹ معجزه ۱۷۲ [illegible] کاهنه

۹۰ معجزه ۱۷۳ قصه [illegible] — ۹۰ معجزه ۱۷۴ قصه شخصی از بنی خثعم که اشعار مضمون نبوت آنحضرت از بتی شنیده — ۹۱ معجزه ۱۷۵ شنیدن [illegible] آنحضرت

۹۱ معجزه ۱۷۶ شنیدن جن [illegible] از شکم بتی خبر نبوت آنحضرت — ۹۱ معجزه ۱۷۷ قصه عباس بن مرداس — ۹۲ معجزه ۱۷۸ شنیدن سعید بن [illegible]

۹۳ معجزه ۱۷۹ شنیدن جعد بن قیس آواز جنان که سلام ایشان به محمد صلی الله علیه وسلم برسانید — ۹۳ معجزه ۱۸۰ و دیدن [illegible] هجوم جنان نزد آنحضرت صلی الله علیه وسلم — ۹۳ معجزه ۱۸۱ آمدن جنی در خدمت آنحضرت و [illegible] صحت [illegible] از آسیب جن

باب ۵
۹۴ بیان معجزات عالم علوی یعنی آسمان و ستارگان

۹۴ معجزه ۱۸۲ شق القمر — ۹۶ فائده جواب اعتراضات بیدینان بر معجزه شق القمر — ۹۷ معجزه [illegible]

۹۸ معجزه ۱۸۴ قریب شدن ستارگان بزمین در شب ولادت آنحضرت صلی الله علیه وسلم — ۹۸ معجزه حرکت [illegible] موافق اشارت آنحضرت [illegible]

باب ۶
۹۸ بیان معجزات عالم بسائط یعنی اربعه عناصر مشتمله بر چهار فصل

فصل ۱
۹۸ معجزات متعلقه بعنصر خاک

۹۹	معجزہ [illegible] — نور بیرون آمدن ... [illegible]	۱۰۰	[illegible]	
۱۰۱	معجزہ ۱۸۸ — بیرون آمدن ... [illegible] ... بعدا ... آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم	۱۰۱	[illegible]	

فصل ۱ ۱۰۲

معجزات متعلقہ آب

۱۰۲	معجزہ ۱۹۱ — جاری شدن چشمہ از انگشتان آنحضرت صلعم	۱۰۲	معجزہ ۱۹۲ — [illegible]	۱۰۳	[illegible]	
۱۰۳	معجزہ ۱۹۴ — جاری شدن آب از انگشتان مبارک در زوراء	۱۰۳	معجزہ — جاری شدن آب از انگشتان ... [illegible]	۱۰۴	[illegible]	
۱۰۵	معجزہ ۱۹۷ — باریدن باران در غزوۂ بدر بدعای آنحضرت صلعم	۱۰۵	معجزہ ۱۹۰ — [illegible] ... بابرکت ... شریف	۱۰۵	[illegible]	
۱۰۵	معجزہ ۲۰۰ — خوشبو شدن آب ببرکت مضمضۂ مبارک	۱۰۵	معجزہ ۲۰۱ — شیر شدن آب	۱۰۵	معجزہ — [illegible]	

فصل ۲ ۱۰۶

معجزات متعلقہ بآتش

۱۰۶	معجزہ ۲۰۳ — قصۂ حضرت زن جابر با بام عشرہ و خندق	۱۰۷	معجزہ ۲۰۴ — نسوختن آتش مجاور سنگ حرم را	۱۰۷	فائدہ — نسوختن ... [illegible]

فائدہ ۱۰۸

قصۂ دستر خوان حضرت انس منقول از مثنوی شریف

فصل ۳ ۱۰۸

معجزات متعلقہ بہوا

۱۰۹	معجزہ ۲۰۵ — بدرید ... [illegible] ... رفتن باشارت آنحضرت	۱۰۹	معجزہ ۲۰۶ — شکست لشکر احزاب از ہوا	۱۱۰	معجزہ ۲۰۷ — رسیدن آواز حضرت عمر بلشکر ... [illegible]	

باب ۵ ۱۱۰

بیان معجزات عالم جمادات میں

۱۱۰	معجزہ ۲۰۸ — سلام کردن سنگ و درخت بران حضرت صلعم	۱۱۰	معجزہ ۲۰۹ — تسبیح سنگریزہ در دست مبارک و دست خلفای ثلثہ	۱۱۱	معجزہ — سلام کردن ... [illegible]	
۱۱۱	معجزہ ۲۱۱ — آمین گفتن آستانہ و دیوار بدعای آنحضرت صلعم در حق حضرت عباس و اولاد ایشان	۱۱۲	[illegible]			

باب ۶ ۱۱۲

بیان معجزات عالم نباتات مشتمبر بر فصل

فصل ۱ ۱۱۲

معجزات متعلقہ باشجار

۱۱۲	معجزہ ۲۱۳ — آمدن درختان ہمراہ آنحضرت و القیام آنہا	۱۱۳	معجزہ ۲۱۴ — گواہی دادن درخت سلم ... نبوت آنحضرت		[illegible]	
۱۱۳	معجزہ ۲۱۶ — آمدن درخت بحکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم	۱۱۴	معجزہ ۲۱۵ — [illegible]	۱۱۴	[illegible]	
۱۱۴	معجزہ ۲۱۹ — گواہی دادن درخت برسالت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و برجی جان	۱۱۴	[illegible]			

فصل ۲ ۱۱۵

معجزات متعلقه بشاخهای منفصله و دیگر اشیای چوبین ۶

معجزه ۲۲۱ شمشیر شدن شاخ خشک در دست عکاشه ۱۱۵

معجزه ۲۲۲ شمشیر شدن شاخ خرما در دست عبد الله بن جحش ۱۱۶

معجزه ۲۲۳ روشن شدن شاخ درخت در دست قتاده بن نعمان ۱۱۶

معجزه ۲۲۴ قصهٔ ستون حنانه ۱۱۶

معجزه ۲۲۵ قصهٔ تحرک منبر شریف ۱۱۷

معجزه ۲۲۶ روشن شدن چوب خشک در دست اسید بن حضیر و عباد بن بشر رضی الله عنهما ۱۱۷

فصل ۳ ۱۱۷

معجزات متعلقه بثمار و طعام ساخته شده از ثمرات و غلات ۵

معجزه ۲۲۷ برکت خرماهای جابر رضی الله عنه ۱۱۷

معجزه ۲۲۸ برکت خرماهای توشه دان حضرت ابو هریره رضی الله عنه ۱۱۸

معجزه ۲۲۹ توشه دادن حضرت عمر بچهار صد سواران بچهار صاع خرما بحکم آنحضرت ۱۱۸

معجزه ۲۳۰ برکت توشهٔ اندک در غزوهٔ تبوک ۱۱۸

معجزه ۲۳۱ سیر شدن هفتاد یا هشتاد کس از نانهای جوین ام سلیم ۱۱۹

باب ۹ ۱۲۰

بیان معجزات عالم حیوانات مشتمل بر سه فصل ۲۱

فصل ۱ ۱۲۰

معجزات متعلقه بجانوران حلال ۱۵

معجزه ۲۳۲ تیز رفتار شدن اسپ ابو طلحه ببرکت سواری شریف ۱۲۰

معجزه ۲۳۳ تیز رفتار شدن شتر سست جابر رض که از اعیا کلال سست شده ۱۲۰

معجزه ۲۳۴ حکایت شتر از کثرت محنت و قلت علف و شکایت ۱۲۰

معجزه ۲۳۵ قصهٔ بز ام معبد ۱۲۱

معجزه ۲۳۶ ظهور برکت در گوشت بز خالد بن العزی ۱۲۲

معجزه ۲۳۷ قصهٔ بزهای خیبر ۱۲۲

معجزه ۲۳۸ سجده نمودن بزها آنحضرت صلی الله علیه وسلم را ۱۲۲

معجزه ۲۳۹ سجده کردن شتر آنحضرت صلی الله علیه وسلم را ۱۲۲

معجزه ۲۴۰ بیضه دادن کبوتران ۱۲۲

معجزه ۲۴۱ دویدن شتران بسوی آنحضرت برای قربانی ۱۲۳

معجزه ۲۴۲ آواز دادن مادهٔ آهو [illegible] کلمهٔ شهادت ۱۲۳

معجزه ۲۴۳ سیر شدن لشکر از شیر بز کوچک ۱۲۴

معجزه ۲۴۴ دوشیدن شیر بزی که هنوز بچه نزاده بود ۱۲۴

معجزه ۲۴۵ برکت در گوسفندان حلیمهٔ سعدیه ۱۲۴

معجزه ۲۴۶ برکت در اسپ جعیل اشجعی بدعای آنحضرت صلی الله علیه وسلم ۱۲۵

فصل ۲ ۱۲۵

معجزات متعلقه بجانوران درنده و غیر ماکول ۳

معجزه ۲۴۷ کلام کردن گرگ و خبر دادن بنبوت آنحضرت صلی الله علیه وسلم ۱۲۵

معجزه ۲۴۸ کلام کردن سوسمار و خبر دادن بنبوت آنحضرت صلی الله علیه وسلم ۱۲۵

معجزه ۲۴۹ راه نمودن شیر بسفینه مولای آنحضرت صلی الله علیه وسلم ۱۲۶

فصل ۳ ۱۲۶

معجزات متعلقه بشیای خوردنی که از شیر و اجزای حیوانات حاصل میشود ۲

معجزه ۲۵۰ برکت در روغن سفید ام مالک ۱۲۶

معجزه ۲۵۱ برکت در حلوای ام سلیم ۱۲۷

معجزه [illegible] ۱۲۷

اختتام ۱۲۸

مشتمل بر شکر الٰہی و چند فوائد

فائده ۱ در بیان رموز ۱۲۸

فائده ۲ بیان تعداد معجزه ۱۲۸

فائده ۳ گفتگو در معنی معجزه ۱۲۸

فائده ۴ معجزات تمامی اجسام عالم در قرآن مجید مذکور است ۱۲۹

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی نزل الفرقان علی عبدہ لیکون للعلمین نذیرا وارسلہ رحمۃ للعلمین بشیرا وانزل الیہ ایات بینات فعلیہ افضل الصلوات واتم التسلیمات وعلی الہ الکرماء البررۃ وصحبہ الرحماء الخیرۃ بعد حمد وصلوۃ کے بندہ نیازمند بارگاہ [illegible] الانبیا محمد عنایت احمد غفر اللہ الاحد بخدمت برادران مومنین کے گذارش کرتا ہی [illegible] جناب سید السادات ختم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر اشرف علوم ہی اور [illegible] حسنات کا ایمان ہی اور بنا ایمان کی اوپر اون معجزات کے ہی [illegible] اس خاکسار پر ایک یہ ہی کہ اوسنے ایک تقریر کمال [illegible] بطفیل آیہ کریمہ وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعلمین [illegible] نے اوس تقریر کو پسند کیا بغرض نفع رسانی [illegible] ایک مقدمے اور ۹ باب میں تحریر کیا [illegible] مستفید ہوں اور یہ امید ہے کہ [illegible] آمین بکلام [illegible] اجعلہ خالصا لوجہک الکریم [illegible]

Marfat.com

مقدمہ قال اللہ تعالیٰ وَمَآ اَرۡسَلۡنٰکَ اِلَّا رَحۡمَۃً لِّلۡعٰلَمِیۡنَ یعنی نہین بھیجا ہمنے تمکو ای محمد مگر رحمت واسطے سب عالمون کے یعنی اللہ جل جلالہ نے وجود باجود جناب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو رحمت سب عالمون کے لیے بنایا ہی اور پیغمبری آپکی جمیع عوالم کے واسطے رحمت ہی اور سر اسمین یہ ہی کہ مقصود خلق عالم سے معرفت الٰہی و عبادت ہی اور بعتد بطریقہ معرفت اور عبادت کا وہ ہی جو اللہ جل جلالہ نے طبیعت اور استعداد انسان مین رکھا ہی چنانچہ آیہ اِنِّیۡ جَاعِلٌ فِی الۡاَرۡضِ خَلِیۡفَۃً اور اکثر آیات اس بات کے دلیل ہین اور ظہور معرفت الٰہی اور عبادت کا بنی آدم مین بہدایت انبیاے کرام علیہم السلام ہوتا ہی پس اگر انبیا مبعوث نہون تو خلق راہ معرفت و عبادت سے واقف نہو پس سب عالمون کا وجود خالی از فائدہ و بیکار ہوجاوے اور بسبب ہدایت انبیاے کرام کے لوگ طریقہ معرفت و عبادت پر مستقیم ہوتے ہین اور جمیع عوالم اس سبب سے اپنے مقصود سے مرتبط ہوجاتے ہین اور اشرف انبیا جناب خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور کمال معرفت اور طریقہ اشرف و اعلیٰ عبادت کا بہت زیادہ بنسبت جمیع انبیاے کرام کے آپکے ذریعے سے خلق کو حاصل ہوا ظاہر ہی کہ جسقدر شیوع توحید اور عبادت رب وحدہ لاشریک کا آپکے سبب سے ہوا کسی پیغمبر یا نبی کے سبب سے نہین ہوا اور جتنے اولیاء اللہ اہل معرفت کاملہ آپکی امت مین ہوئے کسی امت مین نہین ہوئے پس جو امر کہ مقصود اصلی خلق عالم سے تھا وہ بوساطت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور مین آیا اور قاعدہ کلیہ ہی کہ اَلشَّیۡءُ اِذَا خَلَا عَنۡ مَقۡصُوۡدِہٖ لَغَا یعنی جب شی اپنے مقصود سے خالی ہو لغو اور نکمی ہوجاتی ہی اور قابل مٹادینے کے پس اگر وجود باجود جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نہوتا سب عالم قابل ابطال و اہلاک ہوجاتا آپکی ذات بابرکات اور آپکی پیغمبری کے سبب سے سب عوالم قائم رہے اور اسی سبب سے بعد مبعوث ہونے آپکے طریقہ عام عذابون کا جو امم انبیاے کرام کی امتون پر بسبب اونکی نافرمانی کے ہوتے تھے موقوف ہوگیا انبیاے سابقین کے عہد مین اصل مقصود عالم علی وجہ الکمال وجود مین نہین آیا تھا پس جب لوگون سے کوتاہی قدر موجود مین ہوتی تھی معذب بعذابات [illegible] ہوتے تھے چنانچہ حضرت نوح علیہ السلام کے عہد مین کہ طغیان بنی آدم حد سے گذرا تھا [illegible] کہ قیامت صغریٰ قائم ہوئی اور بسبب آپکی رسالت کے اصل مقصود خلق عالم کا بوجہ کمال موجود ہوا اور بوجہ استمرار کہ قیامت تک آپکی امت مین طریقہ معرفت اور عبادت کا قائم رہیگا اور عالم اپنے مقصود سے خالی نہوگا لہذا قابل مٹانے اور اہلاک اور بلاے عام کے نہین اور قیامت تبھی قائم ہوگی جب روے زمین

Marfat.com

کوئی آپکی امت کا آدمی نہین ہیگا [illegible]
نوعِ انسان بلکہ سب اقسام عالم کے آپکی رسالت [illegible]
ہی اور اسلیے اللہ جل جلالہ نے آپکو جملہ اقسام عالم مین معجزات عنایت فرمائے [illegible]
جاننا چاہیے کہ عالم دو قسم ہی عالمِ معانی اور عالمِ اعیان عالمِ معانی عبارت ہی اون چیزون سے
جو چیزین ہو کے پائی جاتی ہین بذاتِ خود قائم نہین اونکو عرض بھی کہتے ہین جیسے کلام اور علم
رنگ اور بو اور عالمِ اعیان عبارت ہی اون چیزون سے جو بذاتِ خود قائم ہین اونکو [illegible]
ہین جیسے زمین آسمان آدمی درخت پتھر عالم اعیان دو قسم ہی عالمِ ذوی العقول یعنی وہ لوگ جو عقل
رکھتے ہین جیسے انسان اور جن اور عالمِ غیر ذوی العقول یعنی وہ جو عقل نہین رکھتے جیسے جمادات
وحیوانات عالمِ ذوی العقول تین قسم ہی عالمِ ملائکہ اور عالمِ انسان اور عالمِ جنات اور عالمِ غیر ذوی العقول
یا علوی ہی یعنی آسمان اور ستارے یا سفلی یعنی وہ اجسام جو آسمان سے تلے ہین اور عالم سفلی دو قسم ہی
عالمِ بسائط اور عالمِ مرکبات عالمِ بسائط عبارت ہی عناصر اربعہ یعنی آب آتش باد و خاک سے اور عالمِ
مرکبات تین قسم ہی جمادات و نباتات و حیوانات اور انہین موالید ثلثہ کہتے ہین پس اقسام تفصیلی عالم کے ۹ ہوئے اور ہر قسم مین جناب سرور کائنات
صلے اللہ علیہ وسلم کے معجزات ظاہر ہوئے ہین چنانچہ بیان اونکا مطابق کتب معتبرہ حدیث کے ۹ بابون مین کیا جاتا ہی

باب اوّل بیان معجزات عالمِ معانی مین

پوشیدہ نرہے کہ اگرچہ عالمِ معانی سب قسم کے اعراض کو شامل ہی مگر مقصود اس باب مین بیان کرنا انہین
معجزات کا ہی جو کلام و اخبار مین واقع ہوئے ہین اسواسطے کہ اور قسم کے اعراض سے جو معجزات متعلق ہین اونکو علاقہ اعیان
اجسام سے ہی جو محل اون اعراض کے ہین پس ذکر اون معجزات کا اوس جسم کے باب مین مناسب تر ہی اور علاوہ
کلام و اخبارات مین باین کثرت معجزات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہر ہوئے ہین کہ بیان اونکا واسطے اظہار
معجزات عالم معانی کے وافی و کافی ہی اور اشرف معجزات کہ قرآن شریف ہی یہ بھی اسی عالم سے ہی کہ ہزارون معجزات
کے برابر ہی اور اس باب مین تین فصلین ہین فصل اوّل بیان معجزات قرآن مجید مین فصل دوم
اون اخبار کے بیان مین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل الوقوع بیان فرمائین فصل سوم
ایسی خبرون کے بیان مین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واقعات ماضی کو بغیر دیکھے بیان فرمایا

فصل اوّل بیان معجزات قرآن مجید مین

Marfat.com

معجزہ ۱ قرآن مجید وفرقان حمید کا شرف واظہر معجزات ہی کئی طریقے سے اوسکا اعجاز ہی منجملہ اون
طرق کے دو طریقونکا اس مقام پر ذکر ہوتا ہی سو ایک اعجاز کلام اللہ کا باعتبار بلاغت ہی کہ جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اُمّی محض تھے اور عرب کے لوگ ایسے فصیح وبلیغ تھے کہ قصائد طویلہ کا فی البدیہہ تصنیف
اور خطب عظیمہ کا بے تامل انشا کرنا اونکا روز مرہ تھا اور اوس مجمع فصحاے عرب مین آپ نے اونکا فَأْتُوا
بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ کا بجایا کوئی شخص اون مین سے مثل سورۂ اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ کے نہ لا سکا
حالانکہ کلام الٰہی اونھین الفاظ وحروف سے مرکب ہی جن سے اونکا کلام مرکب تھا اور عربی ہی زبان ہی اور
کوئی زبان نہین جس سے وہ لوگ واقف نہون اور اوس زمانے سے آج تک حالانکہ ہزارہا زباندان اہل عرب
فصحا وبلغا گذرے ہین اور اکثر اون مین سے اہتمام عظیم واسطے ابطال معجزات آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کے رکھتے ہین کوئی مثل اقصر سورہ کے نہ بنا سکا پس یہ معجزہ آپکا اب تک باقی ہی اور قیامت تک باقی رہیگا
اور ظاہر ہی کہ اس قسم کا معجزہ اور کسی پیغمبر سے ظہور مین نہین آیا **ف** حضرت قاضی عیاض نے کتاب الشفا
بتعریف حقوق المصطفٰے مین لکھا ہی کہ کلام اللہ مین باعتبار بلاغت کے سات ہزار سے کچھ زیادہ معجزے
ہین اور اسپر ایک دلیل قوی ذکر کی ہی یعنی یہ کہ محققین علما نے لکھا ہی کہ کلام اللہ مین جسقدر کلام برابر
انا اعطینا کے ہی معجزہ ہی اور سورۂ انا اعطینا مین دس کلمے ہین اور سارے کلام اللہ مین کچھ اوپر ستر ہزار
کلمے ہین سو جب ۷۰ ہزار کو دس پر قسمت کرین ۷ ہزار سات سو حاصل ہوتے ہین پس کلام اللہ مین سات ہزار
سات سو معجزے ہین اور دوسرا اعجاز کلام اللہ کا بسبب اشتمال کے خبر آیندہ پر ہی کہ مطابق اوسکے
واقع ہوا اور اس معجزے کو اہل کتاب پیشین گوئی کہتے ہین اور اسے اونھون نے عمدہ معجزات انبیا
مین شمار کیا ہی اور کلام اللہ بہت پیشین گوئیون پر بھی مشتمل ہی اس مقام پر ۱۲ پیشین گوئیان بیان کی جاتی ہین

معجزہ ۲ منجملہ پیشین گوئیہاے قرآن مجید کے یہ آیت ہی لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ
تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا
وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا تحقیق اللہ راضی ہوا مسلمانون سے
جب بیعت کرتے تھے تجھ سے تلے درخت کے سو جان لیا اللہ نے جو اونکے دلون مین تھا اور اوتارا
اطمینان اونپر اور ثواب مین دی اونھین ایک فتح نزدیک اور غنیمتین بہت سی کہ لینگے اونھین اور ہی اللہ زبردست
حکمت والا سنہ ششم مین ہجرت سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقصد عمرہ مکے مع چودہ سو

بائیس [illegible]
حضرت عثمان [illegible]
جناب ایک درخت کے تلے [illegible]
بیعت کی اور عہد کیا کہ جبتک تن میں جان ہی [illegible]
اور استقلال اور جان نثاری اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی [illegible]
یہ آیتیں واسطے اظہار رضامندی الٰہی کے اہل بیعت رضوان کے نازل فرمائیں [illegible]
اس بیعت کے عوض تمھیں ایک فتح قریب عنایت کی جسمین بہت سی غنیمتیں [illegible]
کہ حدیبیہ سے پھرتے ہی خیبر پر آپنے فوج کشی کی اور وہ آپ پر فتح ہوا اسکا [illegible] قلعے [illegible]
اور بہت سی غنیمت ہاتھ لگی اور باغات اور املاک غیر منقولہ بقبضہ اختیار آئے کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم غنی ہو گئے اور خود جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فدک وغیرہ باغات اپنی ذات سے
خاص کر لیے کہ اوسمین سے خرچ ایکسال کی قوت کا اپنے عیال کے واسطے رکھ لیتے تھے اور فقرا بنی ہاشم
بھی اوسمین سے خرچ کرتے تھے **ف** بعد نازل ہونے اس آیت کے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں شہرہ
اس بات کا ہوا تھا کہ عنقریب خیبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر فتح ہو جائیگا یہود جو مدینے میں تھے یہ بات
سنکر بہت جلے اور اونمیں سے جسکا کسی صحابی پر قرض تھا اوسنے تقاضا شدید کرنا شروع کیا چنانچہ ایک یہودی
کے عبد اللہ بن ابی حدرد اسلمی پر پانچ درم قرض آتے تھے اوسنے ایسا تقاضا کیا کہ ہر وقت اونکے
ساتھ رہتا عبد اللہ نے کہا مجھے تو اتنی مہلت دے کہ خدا تعالیٰ نے فتح خیبر کا وعدہ کیا ہی وہاں سے مجھے
غنیمت ہاتھ لگے گی اوسمیں سے تیرا قرض بھی ادا کرونگا اوسنے کہا کہ تم خیبر کی لڑائی کو [illegible]
قیاس مت کرو وہاں دس ہزار مرد جنگی ہیں عبد اللہ نے کہا کہ ای دشمن خدا تو ہمیں [illegible]
تو ہماری امان میں ہی پھر نوبت اس جھگڑے کی تا بمجلس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]
کر میں نے مقولہ یہودی کا بیان کیا آپنے اوس سے کچھ نکہا لیکن میں نے دیکھا کہ آپنے لب [illegible]
کہا پھر یہودی نے عرض کیا کہ یا ابا القاسم یہ میرا حق نہیں دیتا آپنے مجھے ارشاد کیا کہ [illegible]
میں نے تین درہم کو بیچا اور دو درم اور بہم پہنچا کے پانچوں درم اوس یہودی کے ادا کیے [illegible]
کپڑا دیا وہ پہن کر میں غزوۂ خیبر گیا وہاں اللہ تعالیٰ نے مجھے غنی [illegible]

[illegible]

Marfat.com

عورت کہ ایک شخص یہودی سے قرابت رکھتی تھی مجھے بندیوں میں ملی میں اوسے بخشے میں لاکر بہت مال کو پہنچا

معجزہ ۳ منجملہ پیشین گوئیوں قرآن شریف کے یہ آیت ہے لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُولَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ آمِنِينَ مُحَلِّقِينَ رُءُوسَكُمْ وَمُقَصِّرِينَ لَا تَخَافُونَ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوا فَجَعَلَ مِنْ دُونِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِيبًا یعنی بیشک سچی کی اللہ نے اپنے رسول کی خواب البتہ تم داخل ہوگے مسجد حرام میں اگر اللہ نے چاہا چین سے سر کے بال منڈا کر اور کترا کر بے خطرہ سو جان لیا اللہ نے جو تم نہیں جانتے ہو پس ٹھہرائی ہے پہلے اس سے ایک فتح نزدیک جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ ساتھ اصحاب کے آپ مکے کو تشریف لیگئے اور وہاں بفراغ خاطر عمرہ کیا یہ خواب اپنے اصحاب سے بیان کی اون لوگوں نے کہ از بس مشتاق زیارت کعبہ معظمہ کے تھے مکے کے چلنے کی طیاری کر دی اور آپ بھی طیار ہو کے روانہ ہوئے جب قریب مکہ معظمہ کے پہنچے کفار قریش مانع آئے اور آپنے حدیبیہ پر نزول فرمایا وہیں بیعت رضوان ہوئی جسکا ذکر معجزہ سابقہ میں ہو چکا اور آخر کار اوسی مقام میں خیما بین آپکے اور کفار قریش کے مصالحہ ہوا اور یہ قرار پائی کہ اس سال میں عمرہ نکریں سال آئندہ میں آکر کریں صحابہ اس بات سے بہت ملول ہوئے تھے بوقت مراجعت حدیبیہ سے سورہ فتح نازل ہوئی اوسمیں اللہ تعالی نے واسطے تسلی مسلمانوں کے یہ آیت بھی نازل کی اور ارشاد کیا کہ پیغمبر کی خواب بیشک سچی ہے اوسمیں کچھ اسی سال کی تعیین نتھی سال آئندہ انشاء اللہ تعالی بیشک تم مکے میں داخل ہوگے اور بفراغ خاطر سب ارکان عمرہ کے بجالاؤ گے سو مطابق اس خبر کے واقع ہوا اور سال آئندہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مع اصحاب مکہ معظمہ میں تشریف لائے اور عمرہ ادا کیا اور فتح قریب سے وہی فتح خیبر مراد ہے جسکا بیان معجزہ سابقہ میں ہو چکا اور ارشاد ہوا کہ مکے میں داخل ہونے سے پہلے خیبر فتح ہو جائیگا چنانچہ ایسا ہی ہوا

معجزہ ۴ منجملہ پیشین گوئیوں قرآن شریف کے یہ آیت ہے وَأُخْرَىٰ لَمْ تَقْدِرُوا عَلَيْهَا قَدْ أَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ۚ وَكَانَ اللّٰهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرًا اور وعدہ کیا ہے اللہ تعالی نے تم سے اور غنیمتوں کا کہ تمہارے قابو کی نہیں خدا تعالی اونپر محیط ہے اور خدا تعالی ہر چیز پر قادر ہے یعنی سوا غنائم [illegible] مسلمانوں کو اور ایسی غنیمتیں ملینگی کہ ملنا اون کا حیطہ قدرت مسلمانوں [illegible] بتائید ایزدی وہ غنیمتیں مسلمانوں کو ملینگی سو مطابق اس کے واقع ہوا اور مسلمانوں کو بہت سا غنائم ہاتھ لگی مثل غنائم بادشاہان فارس اور روم کے کہ مقابلہ اونکے مسلمانوں کے کچھ ہستی نتھی

معجزہ ۵ منجملہ پیشین گوئیوں قرآن مجید کے یہ آیت ہے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَنْ يَرْتَدَّ مِنْكُمْ

[illegible] قرآن شریف کے یہ آیت ہے قُلْ إِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ
عِندَ اللَّهِ خَالِصَةً مِّن دُونِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝ وَلَن يَتَمَنَّوْهُ أَبَدًا بِمَا
قَدَّمَتْ أَيْدِيهِمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالظَّالِمِينَ ۝ یعنی کہدے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہودیون سے اگر ہی تمہارے لیے دار آخرت اللہ
کے یہان خالص سوا سب لوگون کے تو آرزو کرو تم موت کی اگر ہو تم سچے اور تمنا نکرینگے موت کی بسبب اون کامون
کے جو اونھون نے کیے ہین اور اللہ خوب جانتا ہی ظالمون کو انتہی اللہ تعالی نے اس آیت مین خبر دی
کہ یہود تمنا موت کی نکرینگے اور مطابق اوسکے واقع ہوا یہ آیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کے
سامنے پڑھی اور تمنی موت ایک امر سہل تھا واسطے الزام مخالف کے لفظ تمنا موت زبان پر لانا
خلاف عقل اور محال نتھا مگر کوئی اونمین سے متمنی موت نہوا پس مطابق پیشین گوئی الہی کے واقع ہوا
معجزہ ۸ منجملہ پیشین گوئیہا قرآن مجید کے یہ آیت ہی وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا
الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ
دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ
بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ ۝ یعنی وعدہ کیا اللہ نے اون لوگون سے
جو ایمان لائے تم مین سے اور کیے نیک کام کہ خلافت وسلطنت دیگا اونھین زمین مین جیسے خلافت دی تھی اون
لوگون کو جو اون سے پہلے تھے اور جمادیگا واسطے اونکے دین اونکا جو اونکے لیے پسند کیا اور بدل دیگا اونھین بعد خوف کے امن
عبادت کرینگے میری اور نہ شریک کرینگے مجھسے اور جو کافر ہوا بعد اسکے پس وہ بڑے نافرمان ہین اس آیت مین اللہ جل جلالہ نے
اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ کیا ہی خلافت راشدہ کا کہ عبارت ہی سلطنت عظمیٰ سے ساتھ کمال غلبہ
دین کے سو مطابق اسکے واقع ہوا اور حضرت کے چار یار باصفا کو اللہ تعالی نے خلافت راشدہ عنایت فرمائی
معجزہ ۹ منجملہ پیشین گوئیہا قرآن مجید کے یہ آیت ہی هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ
وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ۝ وہ اللہ ہی جسنے بھیجا اپنے رسول کو
ساتھ ہدایت اور سچے دین کے تاکہ غالب کرے اوس سچے دین کو سب دینون پر اور
اس آیت مین اللہ تعالی نے وعدہ فرمایا کہ دین اسلام سب دینون پر غالب ہوجائیگا سو مطابق اسکے واقع ہوا
بعد تھوڑے عرصہ کے سب اہل ادیان پر غالب ہوئے مجوس فارس کے بعد اونکے عیسائیان روم سو بہت قریب زمانے مین اہل اسلام
اونکے مقابل ہوئے سلطنت فارس کی تو بالکل چند روز مین تباہ ہوگئی کچھ نام ونشان اوسکی سلطنت کا نرہا اور روم کی سلطنت

Marfat.com

معجزہ ۱۱ [illegible]

[illegible]

عثمان کے وقت میں شامیان بت پرز [illegible]

اور بادشاہ روم سے اور [illegible]

معجزہ ۱۲ [illegible]

[illegible] تِلْكَ [illegible]

اَلْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ [illegible]

تو پہنچا دیگا پیغام اپنے رب کا [illegible]

تو یہ ثابت ہوگا کہ گویا تم نے [illegible]

کوئی تمھیں قتل نہ کر سکے گا [illegible]

ہوگا انتہی اس آیت میں [illegible]

[illegible]

معجزہ ۱۱

معجزہ ۱۲

Marfat.com

لیکھو کہا آدمی آپکے دشمن تھے اور بہتیرون نے آپکے قتل کا قصد کیا صحیحین مین جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہی کہ ہم ایک سفر جہاد مین جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بجانب نجد تشریف لیگئے تھے آپکے ساتھ تھے
پھرتے ہوئے ایکدن دوپہر کے وقت ایک جنگل مین جہان بہت سے درخت خاردار تھے ٹھہرے اور لوگ
جابجا درختون کے سایے کے تلے متفرق ہو گئے آپ ایک سمرہ کے درخت کے تلے اوترے اور اپنی تلوار اوس
درخت سے لٹکا دی ہم لوگ تھوڑا سا سوئے تھے کہ آپنے ہمکو بلایا ہمنے جاکے دیکھا کہ ایک اعرابی آپکے سامنے
بیٹھا تھا اور آپنے فرمایا کہ مین سوتا تھا سو اسنے میری تلوار نکال لی اور مین جاگا اور مینے دیکھا کہ ننگی تلوار
اسکے ہاتھ مین تھی اور اسنے مجھسے کہا کہ اب تمکو کون بچالیگا مجھسے مینے کہا کہ اللہ اور آپنے اوسیر کچھ عتاب
نکیا انتھی اور روایت کی گئی ہی کہ جب آپنے فرمایا کہ اللہ تب تلوار اوسکے ہاتھ سے گر پڑی اور آپنے لے لی اور
اوس سے کہا کہ اب تجھے کون بچاویگا مجھسے اوسنے کہا کہ آپ مجھے بخش دیجیے اور وہ مسلمان ہو گیا اور اپنی قوم
سے جاکر کہا کہ مین ایسے شخص کے پاس سے آیا ہون کہ سارے آدمیون سے بہتر ہی **ف** اس جنس کے بہت قصے
واقع ہوئے ہین کہ اللہ جل جلالہ نے محض اپنی عصمت سے آپکو محفوظ رکھا چنانچہ بینندگان کتب احادیث
و سیر پر پوشیدہ نہین ہی **ف** **صحیح** ترمذی مین حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ آپ کی عادت تھی کہ دشمنون سے
محافظت اپنی کیلئے سونے کے وقت پہرہ رکھا کرتے تھے یہانتک کہ جب یہ آیت نازل ہوئی وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ
مِنَ النَّاسِ تب آپ نے خیمے مین سے سر مبارک نکال کے پہرے والون سے فرمایا کہ
اب چلے جاؤ اللہ نے محافظت کا وعدہ کیا ہی اب ہمین پہرے کی کچھ حاجت نہین ❊
معجزہ ۱۳ منجملہ پیشینگوئیہای قرآن مجید کے یہ آیت ہی لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ؕ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ
يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ یعنی یہود ضرر نہ پہنچا سکینگے تمھین مگر تھوڑا سا رنج اور اگر
لڑینگے تم سے تو بھاگ جائینگے پھر اونکی مدد نہوگی اس آیت مین اللہ جل جلالہ نے خبر دی کہ یہود کبھی اہل اسلام پر
غالب نہوسکینگے اور اون سے مسلمانون کو کوئی بڑا صدمہ نہ پہنچ سکیگا اور جب مسلمانون سے لڑائی کرینگے
اور ہمیشہ مغلوب رہینگے سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ کبھی یہود مسلمانون پر کوئی دست برد نکر سکے اور ہر لڑائی
مین اونھون نے شکست پائی چنانچہ بنی قریظہ اور بنی النضیر اور بنی قینقاع اور یہود خیبر سب نے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین لڑائیون مین شکست پائی اور مغلوب اور ذلیل ہوئے اور بالآخر
نوبت اونکی مغلوبیت کی یہانتک پہونچی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اونھین بالکل جزیرہ عرب سے

کمال دیا یہان تک بیان اعجاز قرآن [illegible]

مذکور ہین چونکہ یہ دونون قسمین ظاہر [illegible]

فصل دوم اون اخبار کے بیان مین جو [illegible]

صحیحین مین حضرت حذیفہ بن الیمان سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

جتنے امور قیام قیامت تک ہونے والے تھے سب بیان فرمائے جسنے یاد رکھا اوسے یاد رہے

اور بھول گئے جو بھول گئے اور میرے ان اصحاب کو اوس بات کی خبر ہی اور بعضی چیز اوس مین سے ایسی ہوتی

کہ مین اوسے بھول گیا تھا پھر مین جب دیکھتا ہون اوسے تب مجھے یاد آجاتی ہی یعنی بعد وقوع خبر کے

پہچان جاتا ہون کہ یہ وہی بات ہی جسکی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی جسطرح سے کہ کسی

شخص کی صورت آدمی کو یاد ہو اور وہ شخص غائب ہو جاوے پھر جب اوسے دیکھتا ہی پہچان جاتا ہی انتہی

اور فی الحقیقت خادمان فن حدیث پر یہ بات بخوبی واضح ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جملہ وقائع آیندہ

کی خبر دی اور اکثر کی تطبیق بعد وقوع کے منکشف ہوئی اور احصا آپکی پیشین گوئیون کا دشوار ہی اس

فصل مین کسقدر پیشین گوئیان مندرج ہین اور یہ فصل سات قسمون پر منقسم ہی قسم اول اخبار متعلقہ

بخلفاے اربعہ رضی اللہ عنہم قسم دوم اخبار متعلقہ بخلافت وفتوحات عہد خلافت قسم سوم اخبار متعلقہ

باہل بیت قسم چہارم اخبار متعلقہ بغزوات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قسم پنجم اخبار متعلقہ بائمہ مجتہدین

قسم ششم اخبار متعلقہ بمذاہب اہل بدعت قسم ہفتم اخبار متعلقہ بدیگر وقائع متفرقہ

قسم اول اخبار متعلقہ بخلفاے اربعہ رضی اللہ عنہم

معجزہ ۱۲۷ ابن حبان نے سفینہ مولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہی کہ جب جناب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد تعمیر فرمائی ایک پتھر آپنے بناے مسجد میں رکھا پھر حضرت ابو بکر

سے فرمایا کہ تم اپنا پتھر میرے پتھر کے پاس رکھو پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اپنا پتھر

ابو بکر رض کے پتھر کے پاس رکھو پھر حضرت عثمان سے کہا کہ اپنا پتھر [illegible]

فرمایا کہ یہ لوگ خلیفہ ہونگے بعد میرے انتہی اور اس حدیث کو حاکم نے [illegible]

کہا ہی اور بیہقی نے دلائل النبوة مین اس حدیث کی روایت کی ہی [illegible]

بعد آپکے اسی ترتیب سے ہوئی پہلے حضرت ابو بکر صدیق [illegible]

ف حذیفہ بن الیمان صحابی جلیل القدر ہین سابقین مین سے حلیف ہین انصار کے اوائل خلافت حضرت علی مین ۳۶ سنہ مین مدائن مین وفات پائی اور یمان لقب ہی نام یمان کا حسیل ہی [illegible] تصغیر وہ بھی صحابی ہین

[illegible]

معجزہ

Marfat.com

ف مطابق مضمون اس حدیث کے احادیث کثیرہ مین اشارہ طرف خلافت خلفاء کے بترتیب واقع ہوا ہی چنانچہ حاکم نے حضرت انس بن مالک سے روایت کی ہی کہ اونھون نے کہا کہ مجھے بنی المصطلق نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین بھیجا اور کہا کہ ہمارے لیے آپ سے پوچھو کہ بعد آپکے ہم صدقات کس کے پاس لاوین سو مین نے انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہو کر آپ سے پوچھا آپ نے ارشاد کیا کہ پاس ابی بکر کے لاوین مین نے آکر اون لوگون کو اس ارشاد سے مطلع کیا پھر اونھون نے مجھے بھیجا اور کہا کہ یہ پوچھ آو کہ اگر ابی بکر صدیق پر کچھ حادثہ ہو تب ہم صدقات کس کے پاس لاوین مین نے جاکر پوچھا انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عمر کے پاس پھر اون لوگون نے مجھ سے کہا کہ اب جاکے یہ پوچھ آو کہ اگر عمر پر بھی کچھ حادثہ ہووے تب ہم صدقات کس کے پاس لاوین مین نے جاکے پوچھا آپ نے فرمایا کہ عثمان کے پاس مین نے آکر اون لوگونکو بتایا اونھون نے کہا پھر جاکر پوچھ آو کہ اگر عثمان پر بھی کچھ حادثہ آوے تو کس کے پاس لاوین مین نے جاکر پوچھا آپ نے فرمایا کہ اگر عثمان پر کچھ حادثہ آوے تو خرابی ہی تمھین ہمیشہ اور خرابی انتہی اور صحیحین مین بروایت ابوہریرہ وابن عمر وارد ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین نے خواب مین دیکھا کہ مین ایک کنوئے پر ہون اور اوسپر ایک ڈول ہی سو مینے اوسمین سے جسقدر خدا نے چاہا پانی نکالا پھر اوس ڈول کو ابو بکر نے لیا اور اوس کنوئے مین سے ایک ڈول یا دو ڈول پانی نکالے پھر وہ ڈول بہت بڑا ڈول ہو گیا اور اوسکو عمر بن الخطاب نے لیا سو مینے کوئی آدمی جوان قوی اونکی مانند پانی نکالتے نہین دیکھا یہانتک کہ لوگ سیراب ہو گئے اور گرد کنوئے کے مجتمع ہو گئے اور ابو داود اور حاکم نے جابر بن عبداللہ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رات ایک مرد صالح نے خواب مین دیکھا کہ ابو بکر معلق کیے گئے ہین ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور عمر ساتھ ابو بکر کے اور عثمان ساتھ عمر کے جابر کہتے ہین کہ پھر جب ہم آپ کی خدمت سے اوٹھے ہمنے آپس مین کہا کہ وہ مرد صالح جسنے خواب دیکھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور ایک کا دوسرے کے ساتھ معلق ہونا اسکا یہ مطلب ہی کہ یہ لوگ والی ہونگے اس امر کے جسکے لیے اللہ تعالی نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا انتہی اور حاکم نے سفینہ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت تھی کہ جب نماز صبح سے فارغ ہوتے اصحاب کی طرف متوجہ ہو کے پوچھتے کہ کسی نے تم مین سے خواب دیکھی ہی ایک شخص نے عرض کیا کہ مینے خواب مین دیکھا کہ گویا ایک ترازو آسمان سے اوتری

Marfat.com

پس ایک پلے مین اوسکے آپ رکھے گئے اور دوسرے مین ابوبکرؓ سوآپکا پلہ بھاری رہا پھر ابوبکرؓ [illegible]
دوسرے پلے مین رکھا سو ابوبکرؓ کا پلہ بھاری رہا پھر عثمانؓ کو دوسرے پلے مین رکھا سو عمرؓ تول مین بھاری رہے پھر [illegible]
سو یہ بات سنکے چہرہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا متغیر ہوا پھر آپنے فرمایا کہ خلافت تیس برس رہیگی بعد اسکے بادشاہی ہوگی
اس حدیث کے مضمون کو ترمذی اور ابوداودنے ابوبکرہؓ سے بھی روایت کیا ہی اور ابوداودنے سمرہ بن جندب سے روایت کی ہی
کہ ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ مینے خواب مین دیکھا گویا ایک ڈول آسمان پر سے لٹکایا گیا سو آئے ابوبکرؓ
اور اوس ڈول کو اوسکی رسیون سے تھاما اور تھوڑا سا پانی پیا پھر آئے عمرؓ اور اونھون نے بھی
اوس ڈول کو رسیون سے تھام کے پیا یہانتک کہ خوب سیراب ہوگئے پھر آئے عثمانؓ
اور اونھون نے بھی ڈول کو رسیون سے تھام کے پیا یہان تک کہ خوب سیراب ہوگئے بعد
اوسکے علیؓ آئے اور ڈول کو رسیون سے تھاما سو رسیان کھل گئین اور کچھ اوسمین سے پانی علیؓ پر
پڑا انتہی اور اسیطرح اور احادیث مین بھی اسی جنس کا مضمون وارد ہی اسمقام پر اسی قدر پر اکتفا کی گئی
معجزہ ۱۵ بخاری نے انس بن مالکؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
جبل اُحد پر چڑھے اور آپکے ساتھ ابوبکرؓ اور عمرؓ اور عثمانؓ تھے سو وہ پہاڑ تھرتھرایا اور آپکو
ہلایا سو آپنے اوسکے لات ماری اور فرمایا ٹھہر اے اُحد تجھپر تو ایک نبی ہی اور ایک صدیق اور
دو شہید انتہی نبی اپنے تئین فرمایا اور صدیق حضرت ابوبکرؓ کو اور دو شہید حضرت عمرؓ اور حضرت
عثمانؓ کو سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ حضرت عمرؓ شہید ہوئے ابولولو مجوسی نے اونھین
شہید کیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی شہید ہوئے بلوائیون نے اونھین شہید کیا
معجزہ ۱۶ بخاری اور مسلم نے ابی موسیٰ اشعری سے روایت کی ہی کہ اونھون نے کہا کہ مین جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک باغ مین مدینے کے باغون مین سے تھا سو ایک شخص
دروازے پر آیا اور دروازہ کھلوایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ارشاد کیا کہ کھول دو اور اس
آنے والے کو بہشت کی بشارت دو مینے دروازہ کھولا ابوبکرؓ تھے اونکو مینے جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے ارشاد کے موافق بشارت دی وہ حمد الٰہی بجالائے پھر ایک اور شخص نے آکر دروازہ
کھلوایا حضرت نے ارشاد کیا کہ کھول دو اور بہشت کی اس آنے والے کو بشارت دو مینے دروازہ
کھولا عمرؓ تھے اونھین مینے حضرت کے فرمانے کے موافق بشارت دی وہ بھی حمد الٰہی بجالائے

پھر ایک اور شخص نے دروازہ کھلوایا آپ نے مجھے ارشاد کیا کہ کھول دو اور اس شخص کو بشارت دو بہشت کی اور ایک
بلوے کے جو اوسے پہونچیگا مینے دروازہ کھولا عثمانؓ تھے اونکو مینے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کی خبر دی حمد الٰہی بجا لائے
پھر اونھون نے کہا خدا کی مدد چاہیے انتہی اس حدیث مین آپنے حضرت عثمانؓ پر بلوے ہونے کی خبر دی سو مطابق
اسکے واقع ہوا کہ آخر خلافت حضرت عثمانؓ مین اہل مصر و عراق اون پر بلوا لائے اور اونھین شہید کیا

معجزہ ۱۷ صحیح مسلم مین ابو ہریرہؓ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جبل حرا پر تھے آپ اور حضرت
ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ اور حضرت طلحہؓ اور حضرت زبیرؓ سو وہ پھر ہلا سو آنحضرت نے فرمایا
ٹھہر جا نہین تجھ پر مگر نبی یا صدیق یا شہید انتہی اس حدیث مین آپنے حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ اور
حضرت علیؓ اور طلحہؓ اور زبیرؓ کے شہید ہونے کی خبر دی سو مطابق اسکے واقع ہوا اور یہ سب صاحب شہید ہوئے

معجزہ ۱۸ صحیحین مین ہی کہ شقیق نے حضرت حذیفہؓ سے روایت کی ہی کہ حضرت عمرؓ نے مجھسے پوچھا
کہ تمھین جو کچھ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اوس فتنے مین معلوم ہو جو سمندر کی طرح موجین مارےگا
تو بیان کرو مینے کہا کہ تمھین اوس فتنے سے کیا سروکار ہی تمھارے اور اوسکے درمیان میں ایک
دروازہ بند ہی پھر حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ وہ دروازہ ٹوٹے گا یا کھلے گا مینے کہا کہ ٹوٹے گا کھلیگا نہین
حضرت عمرؓ نے کہا پھر کبھی بند نہوگا شقیق کہتے ہین کہ ہمنے حذیفہؓ سے پوچھا کہ حضرت عمرؓ جانتے تھے
کہ دروازہ کون ہی حذیفہؓ نے کہا ہان ایسا جانتے تھے جیسا کہ کل سے پہلی رات ہی شقیق کہتے ہین
کہ ہم بسبب ہیبت کے حذیفہؓ سے پوچھ نسکے کہ دروازہ کون ہی ہمنے مسروق سے کہا کہ حذیفہؓ سے
پوچھو کہ دروازہ کون ہی اونھون نے پوچھا حذیفہؓ نے کہا کہ حضرت عمرؓ دروازہ تھے انتہی اس حدیث
سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خبر دینا باین امر ثابت ہوا کہ حضرت عمرؓ جبتک جیتے رہینگے کوئی
فتنہ امت مین واقع نہوگا سو مطابق اوسکے واقع ہوا کہ تا حیات حضرت عمرؓ اور خلافت اونکے روز بروز ترقی
اسلام کی ہوتی رہی اور باہم اہل اسلام کے کوئی فتنہ واقع نہوا اف ایکدن حضرت عمرؓ حضرت ابوذرؓ سے
ملاقی ہوئے اور اونکا ہاتھ پکڑ کر مروڑا حضرت ابوذرؓ نے کہا چھوڑ میرا ہاتھ اے قفل فتنے کے سو حضرت عمرؓ نے
کہا یہ کیا کہتے ہو ابوذرؓ نے کہا کہ ایکدن ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین تھے اور تم آئے سو تم لوگون کی پشت پر بیٹھ
گئے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبتک یہ شخص تم مین رہیگا کوئی فتنہ تم کو نہ پہونچیگا

معجزہ ۱۹ امام احمد اور ترمذی اور ابن ماجہ اور حاکم نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضؓ سے فرمایا کہ اے عثمانؓ بیشک اللہ تمھین ایک قمیص پہناویگا پھر اگر منافقین چاہین کہ وہ قمیص تم اوتار دو تو تم مت اوتار یو یہانتک کہ مجھ سے ملاقات کرو انتہی اس حدیث مین قمیص کنایہ ہی خلافت سے اور حضرت عثمانؓ کو ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالی تمھین خلافت دیگا پھر اگر کچھ بے دین لوگ تم سے خلعِ خلافت چاہین تم مت مانیو اور تادم مرگ خلعِ خلافت نکیجیو سو مطابق اسکے واقع ہوا اور حضرت عثمانؓ خلیفہ ہوئے اور بلوائیون نے اون سے خلعِ خلافت چاہا سو اوںھون نے بموجب حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قبول نہ کیا اور کہہ دیا کہ مجھ سے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عہد لیا ہی مین اوسپر صابر ہون چنانچہ ترمذی نے یہ مقولہ اونکا ابو سہلہ سے بسندِ صحیح روایت کیا ہی

معجزہ ۲۰ ترمذی نے عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک فتنے کا ذکر کیا اور حضرت عثمانؓ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ یہ اوس مین بے گناہ مارے جاوینگے انتہی سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ فتنہ بلوائے اہل مصر اور عراق مین حضرت عثمانؓ بے گناہ شہید ہوئے

معجزہ ۲۱ صحیحین مین سہل بن سعدؓ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن فرمایا کہ مین کل نشان ایسے شخص کو دونگا جسکے ہاتھ پر خداوند تعالی فتح دیگا وہ اللہ اور رسول کو دوست رکھتا ہی اور اللہ اور رسول اوسے دوست رکھتے ہین جب صبح ہوئی لوگ باُمید عطائے نشان حضور مین حاضر ہوئے آپنے پوچھا کہ علی ابن ابی طالب کہان ہین لوگون نے عرض کیا کہ اونکی آنکھین دکھتی ہین آپنے فرمایا کہ اونھین بلا بھیجو لوگ اونھین لے آئے آپنے آبِ دہن مبارک اونکی آنکھون مین لگا دیا پس وہ اچھی ہوگئین گویا کہ آنکھین دکھتی ہی نتھین پھر اونھین نشان عطا فرمایا انتہی اس حدیث مین آپنے خبر دی تھی کہ کل ہم جسے نشان دینگے اوسکے ہاتھ پر قلعہ فتح ہوجایگا سو مطابق اوسکے واقع ہوا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شجاعت اور صفدری سے خیبر مفتوح ہوا

معجزہ ۲۲ بیہقی نے روایت کی ہی کہ ایکدن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہما کو باہم ہنستے ہوئے دیکھا آپنے حضرت علیؓ سے پوچھا کہ تم زبیرؓ کو دوست رکھتے ہو اونھون نے کہا کہ مین کیسے نہ دوست رکھون وہ میری پھوپھی کے بیٹے ہین اور وہ میرے دین پر ہین پھر حضرت زبیرؓ سے پوچھا کہ تم علیؓ کو دوست رکھتے ہو اونھون نے کہا کہ مین کیونکر دوست نہ رکھون وہ میرے ماموں کے بیٹے ہین اور میرے دین پر ہین آپنے زبیرؓ سے فرمایا کہ ایسا اتفاق ہوگا کہ تم علیؓ سے قتال کروگے اور تم ظالم ہوگے سو جب جنگِ جمل واقع ہوئی حضرت علیؓ حضرت زبیرؓ کے مقابلے مین آئے

135256

اور لوں سے قسم دلا کر پوچھا کہ تمنے سُنا ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ تم مجھہ سے لڑوگے
اور تم ظالم ہوگے حضرت زبیرؓ نے کہا کہ واقعی مینے سُنا ہی لیکن مین بھول گیا تھا بعد اوسکے حضرت زبیرؓ وہان سے پھر گئے
اور ابن جرموزؓ نے جا کر اونھین وادی السباع مین سوتے ہوئے شہید کیا انتہی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خبر دی تھی
کہ درمیان حضرت علیؓ اور حضرت زبیرؓ کے قتال واقع ہوگا مطابق اوسکے واقع ہوا **ف** ظلم کہتے ہین بیجا کام کرنے کو
حضرت علی خلیفۂ برحق تھے اون کے ساتھہ مقابلہ کرنا اگرچہ بسبب عذر کے تھے اور بطور خطا کے ہو بیشک بیجا ہی

معجزہ ۲۳ امام احمد نے حضرت علیؓ سے روایت کی ہی کہ اونھون نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
مجھہ سے فرمایا کہ تیرا حال مثل حضرت عیسیٰ کے ہی کہ اونھین یہود نے دشمن رکھا یہانتک کہ اونکی مان کو تہمت لگائی اور
نصاریٰ نے اونھین دوست رکھا یہانتک کہ اونکو اوس مرتبے کو پہنچایا جو اونکا نتھا یعنی تمھاری شان مین
بھی افراط و تفریط ہوگی کچھہ لوگ تمھارے دشمن ہو جائینگے اور تمھارا رتبہ اتنا گھٹائینگے کہ تمھین برا کہینگے
اور تم پر تہمتین جھوٹھی لگائینگے اور کچھہ لوگ تمھارے دوست بن کر تمھین اتنا بڑھاوینگے کہ بہت زیادہ مرتبہ تمھارے
لیے ثابت کرینگے یہانتک کہ خدا کہینگے سو مطابق اس کے واقع ہوا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے
حال مین ایسا ہی اختلاف ہوا نواصب اور خوارج اونھین برا کہتے ہین اور جھوٹھی تہمتین مثل
شرکت در قذف حضرت عایشہؓ و قتل حضرت عثمانؓ لگاتے ہین اور غلاۃ روافض اونھین خدا کہتے ہین

معجزہ ۲۴ امام احمد نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے فرمایا
کہ کچھہ جانتے ہو کہ اگلی استون مین سب سے زیادہ شقی کون تھا اور اس امت مین سب سے زیادہ شقی کون ہی
اونھون نے عرض کیا کہ مجھے نہین معلوم آپنے فرمایا کہ بدبخت ترین اگلی استون کا وہ مرد سرخ رنگ تھا قوم
ثمود مین یعنی قدار بن سالف جسنے ناقہ اللہ کی کونچین کاٹین اور بدبخت ترین اس امت کا وہ شخص ہی کہ
تمھارے سر پر تلوار ماریگا یہانتک کہ ڈاڑھی تمھاری خون سے رنگین ہوجائیگی اور اوس تلوار سے شہید ہوگے
انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ قاتل حضرت علی کا اونکے سر پر تلوا[ر]
اوس سے ڈاڑھی اونکی خون سے رنگین ہوجائیگی اور اوسی سے شہید ہونگے سو مطابق اس [کے]
کہ عبد الرحمن بن ملجم خارجی نے صبح کے وقت آپکی پیشانی پر تلوار ماری کہ خون اوسکا بہکر آپ کی ڈاڑھی تک
آیا اور اوسی سے آپ شہید ہوئے **ف** حضرت علیؓ کو باخبار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہانتک
مفصل اپنی شہادت کا حال معلوم تھا کہ اوس رات جسکی صبح مین ابن ملجم نے آپ کو زخمی کیا کبھی باہر

Marfat.com

علی رضؓ نے نکل کے آسمان کو دیکھا اور یہ کہتے تھے کہ واللہ نہ مینے جھوٹھی بات کہی اور نہ مجھ سے جھوٹھی بات
کہی گئی یہ تو وہی رات ہی جسکا مجھہ سے وعدہ تھا اور سحر کے وقت بطین آپ کے سامنے چلانے لگین
لوگون نے اونھین ہانکا آپنے فرمایا کہ چھوڑدو انھین کہ یہ نوحہ گر ہین پھر موذن نے آکر نماز کے لیے کہا
آپ نماز کے لیے نکل کے مسجد کو تشریف لے چلے تب ابن ملجم نے آپکی پیشانی پہ تلوار ماری اور ایکبار کسی شخص نے
حضرت علی رضؓ سے کہ وہ منبر کوفہ پر تھے اس آیت کے معنی پوچھے رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ
فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا حضرت علی رضؓ نے فرمایا کہ یہ آیت
میری شان مین اور میرے چچا حمزہؓ اور میرے چچا کے بیٹے عُبیدہؓ بن حارث کی شان مین نازل ہوئی
ہی سو عُبیدہؓ نے کام پورا کیا کہ شہید ہوئے بدر کے دن اور حمزہؓ شہید ہوئے اُحد کے دن اور مین منتظر
ہون شقی ترین اس امت کا کہ میری ڈاڑھی کو میرے خون سر سے رنگین کرے گا ایسا ہی مجھہ سے
میرے حبیب ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم نے عہد کیا ہی اور ایکبار حضرت علیؓ کی خدمت مین ابن ملجم
سواری مانگنے آیا آپ نے اوسے سواری دی پھر فرمایا کہ واللہ یہ میرا قاتل ہی لوگون نے کہا کہ
آپ اسے قتل کیون نہین کرڈالتے آپ نے فرمایا کہ پھر مجھے کون قتل کرے گا کذا فی الصواعق

قسم دوم اخبار متعلقہ بخلافت و فتوحات عہد خلافت

معجزہ ۲۵ امام احمد اور ترمذی اور ابو داؤد نے سفینہ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ خلافت تیس برس ہوگی پھر ہوجایگی کٹکھنی بادشاہی سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ خلافت
خلفاء راشدین یعنی چار یار باصفا کی کہ جمال دینداری و شوکت تھی تیس برس کے عرصے مین تمام ہوگی چنانچہ
خود سفینہ راوی اس حدیث کے کہتے ہین کہ ابوبکرؓ دو سال خلیفہ رہے اور عمرؓ دس برس اور
عثمانؓ بارہ برس اور علیؓ چھہ برس اور یہ حساب اونھون نے بحذف کسور کیا ہی ورنہ چھہ مہینے
بعد خلافت حضرت علیؓ کے بچ رہے تھے کہ اونھین حضرت امام حسنؓ نے پورا کیا بعد اسکے کٹکھنی
بادشاہی ہوئی یعنی انتظام دینداری و رعایت عدل جیسا کہ خلفاء راشدین کے عہد مین تھا باقی نرہا

معجزہ ۲۶ امام احمد اور بیہقی نے دلائل النبوۃ مین حضرت حذیفہؓ سے روایت کی ہی کہ جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رہیگی نبوت تم مین جبتک خدا چاہے گا پھر اوٹھا لے گا اوسے
اللہ تعالی پھر ہوگی خلافت اوپر طریقے نبوت کے جبتک خدا چاہیگا پھر اوٹھا لے گا اوسے

اللہ تعالی پھر ہوگی بادشاہی جبر والی جبتک خدا چاہے گا پھر اوسے اوٹھا لے گا اللہ تعالی پھر ہوگی خلافت اوپر طریقے نبوت کے پھر آپ نے سکوت فرمایا حبیب کہ راوی ہیں اس حدیث کے ہین کہتے ہین کہ جب عمر بن عبد العزیز خلیفہ ہوئے تب مین نے یہ حدیث اونھین لکھ بھیجی اور مین نے لکھا کہ مجھے امید ہی کہ بعد بادشاہی کٹکھنی جبری کے خلیفہ راشد تم ہوئے سو وہ یہ حدیث سنکے بہت خوش ہوئے انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خبر دی تھی مطابق اوسکے واقع ہوا یعنی بعد ارتفاع نبوت کے کہ عبارت وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی خلافت خلفائے اربعہ کی بر طریقہ نبوت ہوئی بعد اونکے بادشاہی جبر والی ہوئی بعد چند بادشاہیون جبر والی کے پھر خلافت بر طریقہ نبوت ہوئی حضرت عمر بن عبد العزیز کی چنانچہ خود حبیب راوی حدیث نے انطباق اس پیشین گوئی کا بیان کر دیا ہی

معجزہ ۲۷ صحیح مسلم مین ثوبان سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے زمین کو سمیٹ کر مشارق اور مغارب زمین کے مجھے دکھا دیے سو جہان تک مین نے دیکھا وہان تک عنقریب بادشاہی میری امت کی پونہچے گی انتہی سو مطابق خبر آپکے واقع ہوا اور بہت ہی زمانہ قریب مین یعنی عہد خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم اجمعین مین اتنا عرض و طول آپکی امت کی بادشاہی کا ہوا کہ پردہ زمین پر کسی بادشاہ کی اتنی سلطنت نتھی چنانچہ حضرت عثمان کے عہد مین عرض سلطنت اسلام کا قسطنطنیہ سے عدن تک اور طول اندلس سے بلخ و کابل تک پونہچا اور بعد اسکے سعی مجاہدین سے سلطنت ہند و سند وغیرہ بھی داخل ملک اسلام ہوئی اور تب طول ملک اسلام ہند اور بنگالہ سے کہ منتہا مشرق ہی بحر طنجہ تک کہ منتہاے آبادی غربی زمین ہی پونہچا اور آپ کی پیشین گوئی نے بخوبی ظہور کیا

معجزہ ۲۸ صحیح مسلم مین جابر بن سمرہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فتح کر کے لیگی ایک جماعت مسلمانون کی خزانہ کسری بادشاہ فارس کا جو سفید کوشک مین ہی انتہی مطابق اسکے حضرت عمر کے عہد مین واقع ہوا کہ شہر مداین جو دار الخلافت خاندان کسری کا تھا حضرت سعد بن ابی وقاص کے ہاتھہ پر فتح ہوا اور یزدجرد جو اوس زمانے مین بادشاہ خاندان کسری مین تھا شہر چھوڑ کے بھاگ گیا اور کوشک ابیض کا سب خزانہ اہل اسلام کے ہاتھ لگا

معجزہ ۲۹ صحیح مسلم مین ابوذر سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہی کہ تم فتح کر لوگے زمین مصر کو جہان نام قیراط کا لیا جاتا ہی پس وہان کے لوگون سے نیکی کیجیو

اسواسطے کہ اونھین امان ہی اور اون سے قرابت ہی اور جب دیکھو تم دو آدمیون کو
جھگڑتے تو وہان سے نکل آیو ابا ذر ابو ذر کہتے ہین کہ بیٹے عبد الرحمن بن شرحبیل بن حسنہ
ربیعہ اوسکے بھائی کو ایک اینٹ کی جگہہ پر جھگڑتے دیکھا پس مین وہان سے نکلا انتہی اس حدیث
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح ملک مصر کی خبر دی اور اس بات کی کہ ابو ذر دو آدمیون کو ایک
کی جگہہ پر جھگڑتے دیکھین گے سو مطابق اس خبر کے واقع ہوا اور ملک مصر حضرت عمرؓ کے عہد
فتح ہوا اور ابو ذرؓ نے دو آدمیون کو ایک اینٹ کی جگہہ پر جھگڑتے بھی دیکھا **ف** حضرت ماریہ قبطیہ
حرم آپ کی جنکے بطن سے ابراہیم فرزند آپکے پیدا ہوئے تھے قوم قبط سے تھین جو لوگ اصل باشندہ
مصر کے تھے اور مقوقس بادشاہ اسکندریہ و مصر نے آپ کو بھیجی تھین پس بطفیل اونکے مصر کے
لوگون کو امان ہوئی اور حضرت ہاجرہ مان حضرت اسماعیل کی بھی مصر کی تھین اور عرب حضرت اسمٰعیلؑ
کی اولاد ہین پس عرب کے اہل مصر ننہالی رشتہ دار ہوئے **ف** قیراط ایک جو برابر سونے کے
ہوتا ہی مصر مین اوسکا بہت رواج تھا **ف** یہ جو آپنے فرمایا کہ جب دو آدمیون کو ایک اینٹ کی جگہہ پر لڑتے
ہوئے دیکھو تو وہان سے نکل آئیو ظاہرا اسکی یہ وجہ ہی کہ مصر سے فتنہ برپا ہونے والا تھا حضرت
عثمانؓ پر وہان کے آدمی بلوا کرکے چڑھ آئے تھے سو ایک اینٹ کی جگہہ پر جھگڑنا علامت کمال خصومت و جنگجوئی
و فتنہ انگیزی کی ہی اسواسطے آپنے فرمایا کہ جب ایسا حال دیکھو تو فتنہ انگیزی بان سے قریب ہوگی وہان سے نکل جائیو
معجزہ ۳۰ صحیح بخاری مین ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عدیؓ بن حاتم سے خطاب کرکے
فرمایا کہ اگر عمر تیری بڑی ہوگی تو تو دیکھے گا کہ اکیلی شتر سوار عورت حیرہ سے چلے گی یہان تک کہ طواف
کرے گی کعبے کا نہ ڈرتی ہوگی کسی سے سوائے اللہ کے اور اگر زندگی تیری زیادہ ہوگی تو کھولے
جاوینگے کسریٰ کے خزانے اور اگر عمر تیری زیادہ ہوگی تو دیکھے گا کہ آدمی اپنی مٹھی بھر سونا اور چاندی
خیرات کے لیے نکالے گا اور تلاش کرے گا ایسے شخص کو کہ اوسے قبول کرے اور نپاویگا انتہی
اس حدیث مین تین باتون کی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ایک امن ملک عرب مین امن طریق
کی کہ اکیلی عورت سفر دور و دراز کرے گی حیرہ کہ ایک شہر ہی متصل کوفے کے وہان سے مکے تک بقصد
حج باطمینان تمام جائے گی اور کوئی اوسکا متعرض حال نہوگا اور دوسری فتح ملک ایران اور تقسیم خزانون کے
خزاین کی اہل اسلام پر اور تیسری کثرت غنا کی باین رتبہ کہ کوئی مفلس صدقہ لینے والا تلاش سے نملیگا

عدی بن حاتم نے کہا بعد روایت حدیث مذکور کے کہ مینے اپنی آنکھون سے دیکھا کہ ایک عورت شتر سوار حیرہ سے کعبے کو
باطمینان تمام جاتی تھی اور مین تھا اوس لشکر مین جس نے فتح کیا خزانہ کسری کا اور جو جیے گا وہ تیسری
بات بھی دیکھے گا **ف** بعضے علما نے لکھا ہی کہ وہ تیسری بات بھی ہو چکی حضرت عمر بن عبد العزیز
کی خلافت مین اور بعضے کہتے ہین کہ حضرت امام مہدی کے زمانے مین واقع ہو گی کذا فی ترجمۃ الشیخ

معجزہ ۲۱ بیہقی نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سراقہ بن مالک سے
فرمایا کہ کیسا حال ہو گا کہ تمھارے ہاتھون مین دونون کنگن کسری کے پہنائے جاوین گے پھر جب
حضرت عمر رض کے عہد مین دونون کنگن کسری کے حضرت عمر رض کے پاس آئے اونھون نے سراقہ کے
ہاتھون مین پہنائے اور کہا کہ شکر ہی اوس خدا کو جس نے یہ کنگن کسری کے ہاتھون سے چھینے اور سراقہ کے
ہاتھون مین پہنائے **ف** وہ کنگن کسری کے بہت قیمتی تھے سونے کے سو حضرت
عمر رض نے واسطے تصدیق خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سراقہ کے ہاتھون مین ڈال
دیے تھے کہ اونکے کندھون تک پونہچے ہمیشہ سراقہ اوسے پہنے نہین رہے پس یہ شبہہ لازم
نہین آتا کہ سونے کا پہننا مردون کو جائز نہین ہی سراقہ کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کنگن سونیکے کیون پہنائے

معجزہ ۲۲ صحیحین مین سعد بن ابی وقاص سے روایت ہی کہ وہ مکے مین ایام حجۃ الوداع مین بیمار
ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اونکی عیادت کو تشریف لیگئے وہ بسبب غلبہ مرض کے سمجھتے
تھے کہ مین اس مرض سے مرجاؤنگا سو اونھون نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا
کہ میری وارث ایک بیٹی ہی ہو گی مین اپنے مال کے دو حصے کے لیے خیرات کی وصیت کر جاؤن
آپنے فرمایا کہ نہین پھر اونھون نے عرض کیا کہ نصف مال کے لیے آپنے فرمایا کہ نہین پھر اونھون نے واسطے
تہائی کے عرض کیا آپنے فرمایا کہ ہان تہائی بہت ہی پھر آپنے ارشاد فرمایا کہ توقع ہی کہ تم جیتے رہو
یہان تک کہ تم سے بہت لوگونکو نفع ہو اور بہت لوگ مضرت اوٹھاوین انتہی اس حدیث مین جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ سعد بن ابی وقاص اوس بیماری سے شفا پاوینگے
اور اتنا جیینگے کہ بہت سے شخصون کا بھلا اور بہت سے شخصون کا برا اونکے ہاتھ سے ہو گا
سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ سعد بن ابی وقاص بعد صحت کے اوس بیماری سے قریب پچاس برس
کے اور جیے اور مسلمانون کو اونسے نفع عظیم ہوا اور کافران مجوس کو اونسے ضرر عظیم پونہچا

Marfat.com

کہ عہد حضرت عمرؓ مین ملک فارس انھین کے ہاتھ پر مفتوح ہوا وہ بڑی لڑائی قادسیہ کی کہ جسمین بتیس ہزار آدمی اہل اسلام کی جانب اور ڈیڑہ لاکھ مجوس تھے اور رستم بن فرخ زاد کو جو وجیر دولت مجوس نے اپنے لشکر پر سپاہ لار کیا تھا انھین یعنی حضرت سعد کی حسن تدبیر سے فتح ہوئی اور رستم مارا گیا اور شہر مداین جو تختگاہ سلاطین نوشیروانی کا تھا انھین کے جہاد سے قبضۂ اہل اسلام مین آیا اور وہ خزانہ سفید محل کا کہ خاندان نوشیروانی مین قدیم سے چلا آتا تھا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نسبت اوسکے خبر دی تھی کہ اہل اسلام اوسے باہم تقسیم کرینگے حضرت سعد کے ہی سبب سے اہل اسلام کے تصرف مین آیا اور اونمین تقسیم ہوا خیال کرنا چاہیے کہ کیا بڑا نفع اہل اسلام کو بسبب حضرت سعد کے پہونچا کہ سلطنت عظمیٰ قبضۂ اہل اسلام مین آئی اور کروردن روپے کا مال نقد و جنس اہل اسلام کے ہاتھ لگا اور کیا بڑا ضرر کافران مجوس کو حضرت سعد کے ہاتھ سے ہوا کہ ہزارہا آدمی تہ تیغ ہوئے اور صدہا لونڈی غلام بنائے گئے اور ملک و مال اونکا سب چھن گیا پس بخوبی وجہ مطابق خبر جناب صدق الصادقین صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہر ہوا

معجزہ ۲۳ بخاری مین عوف بن مالکؓ سے روایت ہے کہ وہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین غزوۂ تبوک مین حاضر ہوئے اور آپ ایک چمڑے کے خیمے مین تھے سو آپ نے ارشاد فرمایا کہ چھ چیزون کو قیامت سے پہلے شمار کر لو پہلی موت میری بعد اوسکے فتح ہونا بیت المقدس کا پھر ایک وبا کہ تم مین ہوگی مانند قعاص بکریون کے پھر بہت ہونا مال کا یہان تک کہ ایک آدمی کو سو دینار دینگے تس پر بھی ناخوش رہے گا پھر ایک فتنہ کہ باقی نرہے گا کوئی گھر عرب کا مگر او سمین داخل ہوجائے گا پھر ایک صلح کہ ہوگی درمیان تمہارے اور نصاریٰ کے پھر وہ بد عہدی کرینگے اور تمہارے مقابلے کو آئینگے تلے اسّی نشان کے ہر نشان کے تلے بارہ ہزار انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان علامات قیامت مین کئی باتون کا وقوع بیان فرمایا ایک فتح ہونا بیت المقدس کا بعد وفات آپکے سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ حضرت عمرؓ کے ایام خلافت مین بیت المقدس فتح ہوا حضرت ابو عبیدہ بن الجراح نے کہ امیر الامرا افواج شام کے بعہد حضرت عمرؓ تھے قلعہ بیت المقدس کو محاصرہ کیا قلعے مین ایک قسیس تھا اوس نے حضرت ابو عبیدہ کی صورت دیکھکے کہا کہ یہ قلعہ تمہارے ہاتھ پر فتح نہوگا اس قلعے کے فتح

Marfat.com

کرنے والے کا نام اور حلیہ ہمارے ہان لکھا ہوا ہی نام اوسکا عمر ہی حضرت ابو عبیدہ نے حضرت امیر المومنین عمر کو اس مضمون سے مطلع کیا اور حضرت عمر خود بیت المقدس کو تشریف لے گئے اوس قسیس نے آپ کی صورت دیکھتے ہی بیان کیا کہ یہی شخص ہین جنکے ہاتھ پر قلعے کا فتح ہونا لکھا ہی اور فوراً قلعہ کو خالی کرا دیا سو اس فتح بیت المقدس مین دو دلیلین نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہر ہوئین ایک مطابق پیشین گوئی کے ہونا دوسرے ظاہر ہونا اس بات کا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے اصحاب کا حال بتفصیل کتب سابقہ مین تحریر ہی دوسرے بعد فتح بیت المقدس کے ایک وباے عظیم کا ہونا کہ مطابق اوسکے بھی واقع ہوا عمواس مین جہان لشکر ابو عبیدہ بن الجراح کا متصل بیت المقدس کے تھا سنہ ۱۸ ہجری مین ایسی وباے عظیم واقع ہوئی کہ تین دن مین ستر ہزار آدمی مر گئے حضرت ابو عبیدہ نے اوسی وبا مین وفات پائی تیسرے کثرت مال کی سو یہ امر بھی زمانہ خلفاے راشدین بالخصوص زمانہ حضرت عثمان مین واقع ہوا چوتھے ایک فتنہ عظیمہ کہ سب گھرون مین عرب کے داخل ہو جاے گا مراد اس سے فتنہ قتل حضرت عثمان ہی کہ ایک بلاے عظیم اہل اسلام مین واقع ہوئی اور بہت سے مقاتلات اوسکے سبب سے اہل اسلام مین واقع ہوئے حقیقت مین کم کوئی شخص اوس فتنے کے آشوب سے بچا پانچوین واقع ہونا ایک صلح کا درمیان نصاری اور اہل اسلام کے اور بعد اوسکے بد عہدی کرنا نصاری کا اہل اسلام سے اور انکے مقابلہ کیلئے چڑھنا اہل اسلام پر سو یہ قریب زمانہ قیامت کے ہوگا اور حضرت امام مہدی اوس لشکر پر فتح پاکے نصاری کا استیصال کرینگے

معجزہ ۲۴ صحیح بخاری مین ام حرام سے روایت ہی کہ ایک دن جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر سوئے اور ہنستے ہوئے جاگے مینے پوچھا آپ کے ہنسنے کا کیا سبب ہی آپ نے فرمایا کہ مینے دیکھا کہ میری امت کے لوگ جہاز پر سوار دریا مین جہاد کرتے ہین جیسے بادشاہ اپنے تختون پر ہوتے ہین سو جو لشکر کہ اول دریا مین جہاد کرے گا اونکو بہشت واجب ہوئی مینے عرض کیا کہ یا رسول اللہ دعا کیجیے کہ مین اون غازیون مین شریک ہون آپنے فرمایا کہ تو اونمین داخل ہی پھر آپ سو رہے پھر ہنستے ہوئے جاگے مینے پوچھا کہ آپ کے ہنسنے کا کیا سبب ہی آپ نے فرمایا کہ جو لشکر کہ روم یعنی قسطنطینہ سے لڑے گا اوسکے گناہ معاف ہوئے مینے کہا کہ یا رسول اللہ مین بھی اون غازیون مین ہون آپنے فرمایا کہ تو اونمین نہین تو پہلی قسم کے غازیون مین ہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین باتون کی خبر دی ایک اپنی امت کے جہاد کرنے کی

Marfat.com

دریائے شور مین دوسری اُمّ حرام کے شریک ہونے کی ساتھ اون غازیون کے جو دریائے شور مین اول جہاد کرینگے تیسری جہاد کی قسطنطینیہ پر جو شہر دار السلطنۃ روم کا تھا سو تینون باتین واقع ہوئین اول جہاد دریائے شور مین حضرت عثمانؓ کے عہد مین باہتمام حضرت معاویہؓ کے واقع ہوا اور ام حرام ساتھ شوہر اپنے عُبَادہ بن صامتؓ کے اسی جہاد مین شریک تھین اور جہاز پر سوار ہوئین بلکہ اسی سفر مین جہاز سے اوترکے گھوڑے پر سے گرکے شہید ہوئین اور شہر قسطنطینیہ کو بھی آپکی امت نے جہاد کرکے فتح کیا چنانچہ اب دار السلطنۃ روم کا وہی شہر ہی اور اوسے استنبول کہتے ہین

قسم سوم اخبار متعلقہ باہل بیت اطہارؓ

معجزہ ۳۵ صحیحین مین حضرت عایشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایکدن حضرت فاطمہؓ آئین آپنے اونھین مرحبا کہکے پاس بٹھاکے اونسے کچھ کان مین باتین کین وہ بہت سا روئین پھر آپنے اونھین غمگین دیکھ کے دوسری بار کچھ کان مین باتین کین وہ ہنسنے لگین جب آپ اوٹھ گئے تب مینے اونسے اون سرگوشیون کا حال پوچھا اونھونے کہا کہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھید ظاہر نکرونگی پھر بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مینے پوچھا اونھون نے کہا کہ ہان اب مین بتائے دیتی ہون پہلی بار آپنے فرمایا تھا کہ ہر سال جبرئیل مجھسے قرآن شریف کا دور ایکبار کرتے تھے اسکی سال اونھون نے دوبار کیا مجھے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ میری اجل قریب ہی تب مین روئی پھر دوسری بار آپنے فرمایا کہ سب سے پہلے اہل بیت مین سے تو میرے پاس پہونچیگی تب مین ہنسی انتہی مطابق اس خبر کے واقع ہوا کہ حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا نسبت سب اہل بیت کے پہلے آپسے ملحق ہوئین اور بعد چھ مہینے کے وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اونھون نے وفات پائی

معجزہ ۳۶ صحیح بخاری مین ابوبکرہؓ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسنؓ کی طرف اشارہ کرکے فرمایا کہ یہ میرا بیٹا سید ہی اور امید ہی کہ اللہ تعالی اسکے سبب سے دو بڑے گروہ مسلمانون مین صلح کروائے گا انتہی سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ جب بعد شہادت حضرت علیؓ کے حضرت امام حسنؓ کے ہاتھ پر لوگون نے بیعت کی اور آپ خلیفہ ہوئے اور بڑا لشکر جرار کہ چالیس ہزار آدمی تھے لیکے امیر معاویہ پر چڑھ گئے اور اودھر سے وہ بھی بڑا لشکر لیکے آئے حضرت امام حسنؓ نے بمقتضائے سیادت ذاتی اور حلم جبلی کے باین خیال کہ درصورت جنگ طرفین سے ہزارہا مسلمان مارے جائینگے صلح کرلی اور باعث امن و امان اہل اسلام کا ہوئے اور یہ مصالحہ اجمادی الاولی

عُبَادہ بضم عین مہملہ و تخفیف باء موحدہ و دال مہملہ بن صامت بصاد مہملہ و تاء مثناۃ فوقانیہ بروزن فاعل صحابی انصاری خزرجی بدری بین سنہ ۳۴ ہجری در بیت المقدس وفات یافت

معجزہ ۳۵

کنزالدقائق [illegible] منہ رحمہ اللہ تعالی

معجزہ ۳۶

۴۱ سنہ ہجری مین ہوا اور اِس سال کا نام عرب نے عام الجماعۃ رکھا اسواسطے کہ سب امت ایک خلیفہ پر جمع ہو گئی
معجزہ ۲۷ بیہقی نے ام الفضل رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہی کہ اُنھون نے کہا کہ مینے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے حضور مین حاضر ہو کے عرض کیا کہ یارسول اللہ مینے رات بہت بُری خواب دیکھی ہی آپنے
فرمایا کہ بیان کرو مینے کہا کہ مینے خواب مین دیکھا کہ گویا ایک ٹکڑا آپکے جسدِ مبارک کا کٹ کے میری گود
مین گھا گیا آپنے فرمایا کہ تم نے اچھی خواب دیکھی فاطمہؓ کے بیٹا پیدا ہوگا وہ تمھاری گود مین رہیگا
سو حضرت امام حسینؓ پیدا ہوئے اور میری گود مین رہے جیسا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا تھا اور مین ایکدن آپ کی خدمت مین حاضر ہوئی اور امام حسینؓ کو آپکی گود مین دیا پھر اِدھر اُدھر
دیکھنے لگی یکبارگی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کی آنکھون سے آنسو جاری ہین مینے
کہا کہ یا نبی اللہ میرے ماں باپ آپکے قربان کیا ہی جو آپ روتے ہین آپنے فرمایا کہ جبریل نے آکر
مجھے خبر دی کہ میری امت اس میرے بیٹے کو قتل کریگی مینے کہا اسے کہا ہان اور مجھے ایک مٹی
سُرخ لادی انتہی اِس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ اشقیاے امت
امام حسینؓ کو شہید کرینگے سو مطابق اسکے واقع ہوا اور حضرت امام حسینؓ کو کربلا مین اشقیاے عراق
نے شہید کیا **ف** اخبار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بواقعۂ کربلا و شہادتِ امام حسینؓ بطرق صحیحہ
معتبرہ وارد ہی حتی کہ جناب شاہ عبدالعزیز صاحب قدس اللہ سرہ العزیز نے رسالہ سر الشہادتین مین
اِسکی خبر کو مشہور و متواتر لکھا ہی اور بتفصیل تمام جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی خبر دی تھی
اور حضرت علیؓ اور اَور اصحاب اور اہل بیت کو یہ خبر معلوم تھی چنانچہ ابو نعیمؒ نے یحیی حضرمی سے روایت
کی ہی کہ مین سفرِ صفین مین جناب امیر المومنین علیؓ کے ساتھ تھا جب حضرت قصبۂ نینویٰ کے
مقابل پونہچے حضرت امام حسینؓ کو پکار کے آپنے فرمایا کہ صبر کرنا ای ابا عبداللہ کنارۂ فرات پر
مینے پوچھا کہ کیا آپنے فرمایا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبریل نے مجھے خبر
دی کہ حسینؓ کنارۂ فرات پر قتل ہونگے اور مجھے ایک مٹھی وہانکی مٹی دکھادی آ
اصبغ بن نباتہؒ سے روایت کی ہی کہ حضرت علیؓ نے موضع قبر امام حسینؓ پر پہنچکے فرمایا کہ یہان اُنکے
اونٹ بیٹھے ہونگے اور یہان اونکے اسباب کی جگہہ ہوگی اور یہان اونکے خون بہنے کا مکان ہوگا ایک
جماعت ہوگی آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی کہ اس میدان مین ماری جائیگی اُون پر آسمان و زمین روویگا

معجزہ ۳۸ ابن عساکر نے محمد بن عمر بن حسن سے روایت کی ہی کہ ہم کربلا مین حضرت امام حسین کے ساتھہ تھے سو اونھون نے شمر کو دیکھہ کے فرمایا کہ سچ کہا اللہ نے اور اوسکے رسول نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین دیکھتا ہون کہ ایک کتا کبرا میرے اہلبیت کے خون مین مونہہ ڈالتا ہی اور شمر ابرص تھا یعنی اوسکے بدن پر سفید داغ تھے انتہی جناب رسول اللہ نے اس حدیث مین جو خبر دی تھی مطابق اوسکے واقع ہوا چنانچہ خود حضرت امام شہید نے اوسکی تطبیق کو بیان فرمایا

معجزہ ۳۹ بزار اور ابو نعیم نے ابن عباس سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات کو خطاب کر کے فرمایا کہ کوئی تم مین سے سرخ اونٹ والی نکلے گی یہان تک کہ بھونکین گے اوسے کتے حوأب کے مارے جائینگے گرد اوسکے بہت لوگ نجات پاویگی بعد اوسکے کہ قریب بقتل ہوجائیگی انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی واقعہ جمل کی کہ وہ ایک لڑائی بحسب اتفاق فیمابین حضرت عایشہ اور حضرت علی کے واقع ہوئی تھی اور حضرت عایشہ کی سواری مین شتر سرخ تھا اسی سبب سے یہ واقعہ واقعہ جمل کہلاتا ہی اور اس بات کی خبر دی کہ مرور حضرت عایشہ کا اس سفر مین آب حواب پر ہوگا اور اونپر وہان کے کتے بھونکین گے اور اون لڑائی مین گرد اونکے بہت سے لوگ مارے جائینگے سو مطابق اس خبر کے واقع ہوا کہ بعد شہادت حضرت عثمان جب قاتلین عثمان لشکر حضرت علی مین داخل ہو گئے اور اونھون نے حضرت طلحہ و زبیر اور اور اصحاب کو جو حضرت عثمان کو بخیر یاد کرتے تھے ڈرایا وہ لوگ مدینے سے نکل کے طرف مکے کے حضرت عایشہ کے پاس بقصد حج وہان وارد تھین آئے اور حال بیان کیا کہ حضرت عثمان مظلوم مارے گئے اور اونکے قاتلین نے بہت سر بشورش اوٹھایا ہی حضرت علی بسبب غلبے اونکے کے تدارک اونکا نہین کر سکتے ہین سو تم ام المومنین ہو لڑکا جب کچھ خوف کھاتا ہی مان کے دامن مین آ چھپتا ہی اس بات مین کچھ اصلاح امت کی تدبیر کرو پھر سب کی صلاح یہ ہوئی کہ کوفہ اور بصرہ محل اجتماع لشکر اسلام ہی وہان چل کے حضرت علی کو بھی ملا کے اپنے ساتھہ کرلین گے بسبب تقویت لشکر اسلام کے انتقام قاتلین عثمان کا بخوبی ممکن ہوگا چنانچہ حضرت عایشہ نے مکے سے بجانب ملک عراق کے کوچ کیا راہ مین جب آب حواب پر پونہچین اور وہان کے کتے بھونکے حضرت عایشہ نے پوچھا اس پانی کا کیا نام ہی لوگون نے بیان کیا کہ حواب حضرت عایشہ کو یہ حدیث

یاد آئی اور اونھون نے کہا کہ مجھے پھیر لے چلو مگر لشکر کے لوگون نے اونکے ساتھ موافقت نکی اور مروان نے قریباً اسّی آدمی وباقین گرد و نواح سے حاضر کیے کہ اونھون نے گواہی دی کہ اس پانی کا نام حواب نہین ہی تب لشکر نے حضرت عایشہ رضؓ کے آگے کوچ کیا اور بصرے مین پونہچے اور اودھر حضرت علی کو لوگون نے یہ خبر پونہچائی کہ طلحہ و زبیر رضؓ باغی ہو گیے اور حضرت عایشہ رضؓ کو ساتھ لیکے بقصدِ قتالِ تمہارے بجانب بصرہ گیے حضرت علی رضؓ نے مدینے سے کوچ کیا اور براہ کوفہ لشکر لیکر بصرے پر آئے اور وہان پہونچ کے قعقاع کو پاس حضرت عایشہ رضؓ کے واسطے دریافت حال کے بھیجا حضرت عایشہ رضؓ نے اون سے فرمایا کہ مجکو دفعِ فتنہ اور صلح درمیان سب مسلمانون کے منظور ہی اور حضرت طلحہ اور زبیر رضؓ نے بھی یہی بات کہی کہ مقصود دفع شر قاتلانِ عثمان رضؓ ہی اون کا تدارک کیا جاوے اور قعقاع نے کہا کہ یہ بات تبھی ہو سکتی ہی کہ سب مسلمان متفق الکلمہ ہو جاوین اور یہ فتنہ اور بلوا کم ہو جاوے تم ذرا تامل کرو اونھون نے کہا کہ بہت خوب پھر قعقاع نے یہ بات حضرت علی رضؓ سے بیان کی وہ بہت خوش ہوئے اور تین دن تک توقف ہوا کسی کو صلح ہو جانے مین شک نتھا آخرکار تیسرے دن یہ بات ٹھہری کہ کل صبح کو حضرت علی اور طلحہ اور زبیر رضی اللہ عنہم مین ملاقات ہو اور اوس صحبت مین قاتلانِ عثمان رضؓ حاضر نہون یہ وضع صلح کی اون اشقیا پر ناگوار ہوئی اور سمجھے کہ ہماری بیخ کنی کی فکر ہی حیران اور سراسیمہ ہو کر عبد اللہ بن سبا سے کہ مُغوی اونکا تھا صلاح پوچھی اوس نے صلاح دی کہ رات کو اوٹھکر لڑائی شروع کر دو اور حضرت علی رضؓ سے کہدو کہ اوس جانب سے غدر واقع ہوا چنانچہ ایسا ہی کیا اور طلحہ اور زبیر رضؓ کے لشکر مین شہرہ ہوا کہ حضرت علی رضؓ نے غدر کیا اور جنگِ عظیم واقع ہوئی حضرت عایشہ رضؓ سرخ اونٹ پر ہودج مین سوار تھین گرد اونکے اونٹ کے ہر بار لوگ مجتمع ہو جاتے تھے اور اوسپر حملہ ہوتا تھا چنانچہ بہت لوگ گرد اوس اونٹ کے مارے گئے آخرکار لشکریانِ حضرت امیر نے اوس اونٹ کی کونچین کاٹین اور محمد بن ابی بکر بھائی حضرت عایشہ کے کہ لشکر حضرت علی رضؓ مین تھے حضرت عایشہ رضؓ کو وہان سے لے گیے بالجملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن امور کی اس حدیث مین خبر دی تھی وہ سب مطابق بیان آپ کے وقوع مین آئے

معجزہ ۴۰ صحیحین مین حضرت عایشہ رضؓ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواجِ مطہرات کو خطاب فرما کے فرمایا کہ تم مین سب سے پہلے مجھے وہ ملے گی جسکے ہاتھ سب سے

Marfat.com

زیادہ لنبے ہین حضرت عایشہؓ کہتی ہین کہ ازواج مطہرات آپکی بعد آنحضرت کے ایک
لکڑی سے ہاتھ ناپنے حال آنکہ مراد لنبائی ہاتھ کی باعتبار ہاتھ کے کام اور صدقہ کے تھی
مین زینب سب سے زیادہ عقین اور غنین کی سب سے پہلے بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وفات [illegible]
ف محاورہ ہی کہ سخی کو دست فراخ دست کشادہ کہتے ہین اوسی محاورے کے موافق آپنے خبر دی
تھی کہ زیادہ تر صدقہ کرنے والے کو اَطْوَلُکُنَّ یَدًا فرمایا تھا ازواج مطہرات پہلے حقیقی معنی سمجھین تھین
یعنی جسکے سب سے زیادہ لنبے ہاتھ ہون پھر معلوم ہوا کہ مراد معنی مجازی ہین یعنی زیادہ خیرات کرنیوالی
کہ حضرت زینب مین یہ وسعت سب سے زیادہ تھا سو وہ سب سے پہلے جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے لاحق ہوئین اور مطابق خبر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واقع ہوا

معجزہ ۴۱ ابو نعیم نے ابن عباسؓ سے روایت کی ہی کہ ام الفضل مان اونکی جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوکے گذرین آپنے اون سے فرمایا کہ تمھارے اس حمل سے بیٹا
پیدا ہوگا سو جب لڑکا پیدا ہو تو میرے پاس لے آئیو ام الفضل کہتی ہین کہ جب لڑکا پیدا ہوا
مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین لے گئی آپنے داہنے کان مین لڑکے کے اذان
کہی اور بائین کان مین اقامت کہی اور لعاب دہن مبارک اوسے چٹھا دیا اور نام اوسکا عبد اللہ رکھا
اور کہا لیجاؤ خلیفون کے باپ کو مینے یہ بات آکر حضرت عباس سے کہی اونھون نے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے حضور مین جاکر اس بات کا ذکر کیا آپ نے فرمایا کہ واقعی یہ باپ خلیفون کا ہی انتہی اس
حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ اولاد حضرت عبد اللہ بن عباس
مین سلاطین ہونگے سو مطابق اسکے واقع ہوا اور خلفاے بنی عباس اونکی اولاد مین
ہوئے اول اون مین سے ابو العباس سفاح تھا اور پانسو برس سے زیادہ اونکی خلافت رہی

قسم چہارم وہ اخبار جنکو کچھہ علاقہ غزوات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہی

معجزہ ۴۲ مسلم نے روایت کی ہی کہ حضرت عمرؓ نے اہل بدر کے حال مین بیان کیا کہ جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمین جاے قتل ایک ایک کافر کی جو بدر مین مارے گئے ایکدن پہلے
دکھا دی تھی اور فرمایا تھا کہ کل اس جگہہ فلانا قتل ہوگا انشاء اللہ اور اس جگہہ فلانا قتل ہوگا انشاء اللہ
پھر حضرت عمرؓ نے کہا کہ قسم اوس ذات کی جسنے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دین حق کے

Marfat.com

ساتھہ بھیجا کسی نے اونمین سے اوس جگہہ سے تجاوز نکیا جہان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکا مقتل بتایا تھا انتہی تحقیق اس پیشین گوئی کا راوی یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بیان سے واضح ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جن کافرون کے قتل کی خبر دی تھی اور جا بے قتل اون کی نشان دی تھی سب مقتول ہوے اور اوسی جگہہ مقتول ہوئے جہان جہان آپ نے فرمایا تھا

معجزہ ۴۳ بیہقی نے عروہ اور سعید بن المسیب سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُبَیّ بن خلف سے کہا تھا کہ مین تجھے قتل کرونگا سو اُبَیّ بن خلف آپ کے ہاتھہ سے زخمی ہوا اور اوسی زخم سے مر گیا انتہی **ف** اُبَیّ بن خلف کافران قریش مین سے بڑا شدید العناد ساتھہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تھا جب آپ کو مکے مین ملتا تو کہتا کہ میرے پاس ایک گھوڑا ہی اوسے مین دانہ گھاس دیتا ہون اس لیے کہ اوسپر سوار ہوکر تمھین قتل کرونگا سو آپ فرماتے کہ مین ہی تجھے قتل کرونگا انشاء اللہ تعالی سو روز جنگ اُحُد مین وہ آپکی طرف آیا یہ کہتا ہوا کہ کہان ہین محمد آج میرے ہاتھہ سے وہ نہ بچین گے اصحاب نے چاہا کہ اوسے روکین اور آپ تک نہ پہنچنے دین آپنے فرمایا کہ آنے دو جب متصل پہنچا تب آپنے اوسکے حلق پر ایک جگہہ زرہ سے خالی دیکھکر ایک نیزہ مار دیا ایک زخم پوست خراش لگا کہ اوسمین سے خون بھی نہ نکلا مگر وہ گھوڑے سے گر پڑا اور پھر بھاگ کے قریش مین جا ملا لوگون نے کہا کہ تجھے کچھہ اندیشے کی بات نہین ہی اوسنے کہا کہ یہ محمد کے ہاتھہ کا زخم ہی اگر وہ میرے اوپر تھوک مارتے تو بھی مین نہ بچتا چنانچہ وہ اوسی زخم سے راہ مین مکے کو پھرتے ہوئے واصل جہنم ہوا **ف** بیہقی نے ابن عمر سے روایت کی ہی کہ اُبَیّ بن خلف بطن رابغ مین مرا تھا سو ایکبار تھوڑی رات گئے مین بطن رابغ مین چلا جاتا تھا ایکبار گی ایک آگ مشتعل ہوئی مین اوسکے متصل گیا مینے دیکھا کہ ایک آدمی زنجیرون مین بندھا ہوا اوس آگ مین سے نکلنا چاہتا ہی اور چلاتا ہی کہ مین پیاسا ہون اور ایک شخص کہتا ہی کہ اسے پانی مت دیجیو یہ مقتول رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی اُبَیّ بن خلف

معجزہ ۴۴ بخاری نے سلیمان بن صُرَد سے روایت کی ہی کہ جب غزوہ خندق سے کفار کا بھاگ گیا اور محاصرہ مدینے سے اوٹھہ کے چلا گیا تب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اب ہم اونپر چڑھہ جائینگے وہ ہم پر چڑھہ نسکینگے ہم ہی اونپر لشکر کشی کرینگے انتہی سو مطابق اس خبر کے واقع ہوا کہ بعد غزوہ خندق کے کفار قریش مدینہ منورہ پر لشکر کشی

بعد شہادت حضرت امام حسین کے واسطے طلب قصاص امام کے اونھون نے لشکر جمع کیا تھا سو عین الوردہ مین سنہ ہجری

Marfat.com

نکرسکے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روز فتح مین اونکے باپ کی جگہ ...
معجزہ ۴۵ مسلم نے ابی قتادہ رضہ سے روایت کی ہو کہ ایام غزوہ خندق مین عمار بن یاسر
کھودتے تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے سر پہ ہاتھ پھیر کے فرمایا کہ اے
ابن سمیہ تجھے ایک گروہ باغیون کا قتل کریگا انتہی سمیہ نام حضرت عمار کی ماں کا ہو جناب رسول
صلی اللہ علیہ وسلم نے براہ شفقت عمار کے سر پہ ہاتھ پھیر کے یہ خبر فرمائی کہ تمھین باغی لوگ شہید کرینگے سو مطابق اس خبر کے
واقع ہوا کہ حضرت عمار جنگ صفین مین حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اور معاویہ کے لشکر نے اونھین شہید کیا
معجزہ ۴۶ ابن سعد نے طبقات مین حضرت عثمان بن طلحہ رضہ سے روایت کی ہو کہ اونھون نے کہا
کہ ہم ایام جاہلیت مین کعبے کو دو شنبے اور جمعرات کے دن کھولا کرتے تھے ایکدن آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم لوگون کے ساتھ کعبے مین داخل ہونے کو آئے مینے آپکے ساتھ درشت کلامی کی اور
آپکو برا کہا آپنے حلم کیا اور فرمایا کہ اے عثمان ایکدن تو اس کنجی کو میرے ہاتھ مین دیکھیگا کہ مین جسے
چاہون اوسے دیدون مینے کہا کہ تب قریش مرجاینگے اور ذلیل ہوجاینگے آپنے کہا کہ نہین اوسدن
قریش کو اور زیادہ عزت ہوگی اور پھر آپ کعبے مین داخل ہوئے اور میرے دل مین آپکی اوس بات نے ایسا اثر
کیا کہ مین سمجھا کہ یہ بات ضرور ہونے والی ہی پھر جب بروز فتح مکہ آئے مجھسے کنجی منگوائی مینے لادی سو آپنے
لی پھر جب آپنے مجھے دی فرمایا کہ لو یہ تمھارے پاس ہمیشہ رہے گی پھر جب مینے پیٹھ پھیری آپنے مجھے پکارا
مین پھر حاضر ہوا آپنے فرمایا کہ وہ بات جو مینے کہی تھی کہ ایکدن یہ کنجی ہمارے ہاتھ ہوگی سو ہوئی یا نہین
مینے کہا کہ بیشک ہوئی اور مین گواہی دیتا ہون کہ آپ بیشک رسول خدا ہین انتہی اس حدیث مین دو پیشین گوئیون کا
ذکر ہی ایک یہ کہ قبل ہجرت آپنے عثمان سے یہ بات کہی تھی کہ یہ کنجی ایکدن میرے ہاتھ مین ہوگی سو مطابق
اوسکے بروز فتح مکہ واقع ہوا اور دوسری یہ کہ آپ نے جب کنجی عثمان کو بروز فتح مکہ پھیر دی آپنے فرمایا
کہ یہ کنجی ہمیشہ تمھارے خاندان مین رہے گی سو آج تک اونہی کے خاندان مین کنجی خانہ کعبہ کی ہی
معجزہ ۴۷ بخاری مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ ہم غزوہ حنین مین جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے سو آپنے ہمراہیون مین سے ایک شخص کو کہ دعوی اسلام
کرتا تھا فرمایا کہ یہ دوزخی ہی پھر اوس شخص نے لڑائی کے وقت کفار سے خوب مقاتلہ کیا
اور بہت زخمی ہوا پھر ایک شخص نے آکے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جسے آپنے فرمایا تھا

تو یہ شخص دوزخی ہی اللہ کی راہ مین اوسنے خوب قتال کیا اور بہت زخمی ہوا آپ نے فرمایا کہ بیشک وہ
دوزخی ہی اور بعضے لوگون کو شک ہونے لگا پھر اوس شخص نے تکلیف زخمون پہ بے صبری کر کے
اپنے ترکش سے تیر نکال کے اپنے تئین ہلاک کیا پس دوڑتے گئے کچھ لوگ مسلمانون مین سے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین اور کہا کہ یا رسول اللہ اللہ تعالی نے آپ کی حدیث کو سچا کیا
فلانے شخص نے اپنے تئین آپ مار ڈالا آپ نے فرمایا کہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَشْہَدُ اَنِّی عَبْدُ اللّٰہِ وَرَسُوْلُہٗ انتہی
اس حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس شخص کے دوزخی ہونے کی خبر دی تھی
اور مطابق اوسکے واقع ہوا کہ اوسنے اپنے آپ کو قتل کیا اور بمقتضاے قَاتِلُ النَّفْسِ فِی
النَّارِ سب لوگون کو یقین ہوا کہ وہ دوزخی ہی **ف** اوس شخص کا نام قزمان تھا اور وہ منافق تھا

معجزہ ۴۸ ابوداؤد نے سہل بن حنظلیہ سے روایت کی ہی کہ غزوہ حنین مین ایک سوار نے
آپ کی خدمت مین آکر عرض کیا کہ مین فلانے پہاڑ پر چڑھا تھا سو مینے دیکھا کہ قبیلہ ہوازن کے
لوگ سب کے سب اپنے اونٹ ہودج دار اور اپنے مواشی لیکے حنین مین آموجود ہوے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے اور فرمایا کہ وہ سب مسلمانون کی غنیمت ہوگی کل انشاء اللہ تعالی
انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ حنین مین قبل لڑائی کے خبر دی کہ کل
لڑائی فتح ہوگی اور سارے مواشی دشمنون کے مسلمانون کو غنیمت مین ملینگے سو مطابق اوسکے وقوع ہوا کہ
دوسرے دن لڑائی فتح ہوئی سب مواشی اور چارپائے دشمنون کے کہ بکثرت تھے غنیمت مین اہل اسلام کے ہاتھ آئے

معجزہ ۴۹ بیہقی اور ابن اسحق نے روایت کی ہی کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
حضرت خالد بن ولید کو اکیدر حاکم دومۃ الجندل پر بھیجا ارشاد کیا کہ وہ گاے کے شکار سے پایا
ہوگا تب تم اوسے پکڑ لوگے سو ویسا ہی ہوا **ف** جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ تبوک
مین حضرت خالد بن ولید کو ساتھ چار سو بیس سوار کے اکیدر بن عبد الملک حاکم دومۃ الجندل پر کہ نصرانی
تھا بھیجا سو حضرت خالد بن ولید چاندنی رات مین اوسکے قلعے کے متصل پہونچے اکیدر کو
شکار کا بڑا شوق تھا سو قبل پہونچنے حضرت خالد بن ولید کے ایسا اتفاق ہوا کہ وہ اپنے بالاخانہ پر
چاندنی رات مین لیٹا تھا چند نیل گاؤن نے آکر اوسکے قلعے کی دیوار سے اپنا بدن رگڑنا شروع
کیا اوسنے کھڑکھڑاہٹ سنکر فصیل قلعے سے دیکھا کہ چار نیل گائین اوسکے قلعے کے تلے ہین واسطے

Marfat.com

شکار کے قطعے سے باہر نکلا حسان اوسکا بھائی اوسکے ساتھ تھا کہ حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے جا پہونچے وہ گرفتار ہو گیا اور اوسکا بھائی جنگ کر کے مارا گیا حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ اوسکو پکڑ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین لائے اور آپنے اوس سے جزیہ مقرر کرکے اوسے چھوڑ دیا سو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی حضرت خالد بن الولید کو کہ تم اوسے نیل گاے کے شکار مین پکڑ لوگے مطابق اوسکے واقع ہوا

معجزہ ۵۰ صحیحین مین ابو حمید ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ غزوۂ تبوک مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن فرمایا کہ آج رات کو ہوا بہت ہی سخت چلے گی سو اوسمین کوئی نہ اوٹھے اور جسکے پاس اونٹ ہو اوسے مضبوط باندھ لے سو رات کو آندھی بہت ہی شدید چلی ایک شخص اوٹھا اوسکو آندھی اوڑا لیگئی یہانتک کہ دونون پہاڑون طی مین جا ڈالا

ف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبل آنے آندھی کے خبر دی تھی سو مطابق اوسکے واقع ہوا

قسم پنجم اخبار متعلقہ بائمہ مجتہدین

معجزہ ۵۱ صحیحین مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر دین ثریا پر لٹکا ہوا ہوگا تو بھی کچھ لوگ فارس کے اوسے پالینگے اور ایک روایت مین ہی کہ آپ نے فرمایا اگر علم ثریا پر معلق ہوگا تو کچھ لوگ فارس کے اوسے پالینگے انتہی اس حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ فارسی لوگون مین بھی بڑے بڑے دیندار اور ذی علم پیدا ہونگے سو مطابق اوسکے واقع ہوا حضرت امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ کہ اولاد ہرمز بن نوشیروان بادشاہ فارس سے ہین اتنے بڑے عالم و دیندار ہوئے کہ اونکے سبب سے نفع عظیم امت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو باعتبار دین کے ہوا اور قیامت تک اونکا فیض باقی رہیگا گویا مصداق اتم اس حدیث کے وہی ہین اور اور بھی علماے کاملین اہل فارس مین ہوئے چنانچہ محمد بن اسمعیل بخاری رئیس المحدثین بھی فارسی ہین

معجزہ ۵۲ حاکم نے بسند صحیح روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عنقریب ایسا ہوگا کہ لوگ سفر دور و دراز کرینگے اور نپاوینگے کوئی عالم زیادہ علم والا مدینے کے عالم سے انتہی علما نے اس حدیث سے حضرت امام مالک پیدا ہوئے چنانچہ حضرت سفیان بن عیینہ نے انطباق اس حدیث کا اونپر بیان کیا ہی اور واقع مین ایسا ہی حال تھا امام مالک کا کہ جسقدر فیض علم حدیث اونکے زمانے مین اونسے ہوا دوسرے شخص سے نہین ہوا بکثرت لوگ مشقت سفر اختیار کرکے اونکی خدمت مین آکر مستفید ہوئے

معجزہ ۵۳ ابوداؤد نے ابن مسعود سے اور بیہقی نے حضرت علیؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قریش مین ایک بڑا عالم ہوگا کہ زمین کو علم سے مالامال کردیگا انتہی سو مطابق اس خبر کے امام شافعی رح کہ قریشی تھے اولاد مطلب بن عبد مناف مین سے پیدا ہوئے چنانچہ امام احمد نے تطبیق اس حدیث کی امام شافعی رح پر بیان کی ہی اور کہا ہی کہ طباق زمین ثلث کسی عالم قریشی کا مثل امام شافعی رح کے علم نہین ہوا **ف** اس حدیث کو اگرچہ صنعانی نے موضوع کہا ہی مگر نزدیک محققین کے موضوع نہین ہی چنانچہ عراقی نے تصریح کی ہی البتہ بسند ضعیف منقول ہی لیکن کثرت طرق سے تقویت ہوگئی ہی اور امام احمد رحمۃ اللہ علیہ کا اس حدیث کو قبول کرنا اور امام شافعی رح پر منطبق کرنا دلیل کامل اوپر ثبوت اس حدیث کے ہی اور حافظ ابن حجر نے اس حدیث کے طرق کو ایک کتاب مین جمع کیا ہی اور اوس کتاب کا نام رکھا لذۃ العیش فی طرق حدیث الائمۃ من قریش

قسم ششم اخبار متعلقہ بمذاہب اہل بدعت

معجزہ ۵۴ صحیحین مین ہی کہ حضرت ابو سعید خدریؓ نے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین ہم لوگ حاضر تھے اور آپ غنائم تقسیم کر رہے تھے کہ ذوالخویصرہ آیا اور وہ ایک شخص بنی تمیم مین سے تھا پس اوس نے کہا کہ یا رسول اللہ عدل کرو آپنے ارشاد کیا کہ خرابی ہو تجھے اور کون عدل کریگا اگر مین عدل نکرونگا نا امید اور زیان کار ہی تو اگر مین عدل نکرون حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ مجھے اذن دیجیے کہ مین اسکی گردن مارون آپنے کہا چھوڑ دو اسے بیشک اسکے کچھ لوگ ساتھی ہون گے کہ اسطرح پر نماز پڑھینگے اور روزہ رکھین گے کہ تم اپنے نماز روزے کو اونکی نماز روزے کے سامنے حقیر سمجھوگے اور کلام اللہ پڑھین گے لیکن اونکے گلون سے اوپر نجائیگا یعنی مقبول نہوگا اور دین سے وہ لوگ ایسا باہر نکل جائینگے جسطرح تیر شکار سے خشک اور صاف نکل جاتا ہی کچھ اوسمین اوپر سے نیچے تک اثر خون کا نہین ہوتا نشانی ایک کالا آدمی ہوگا کہ اوسکا ایک بازو مثل پستان عورت کے ہوگا جنبش کرتا ہوا وہ لوگ اوپر بہترین فرقے کے آدمیون مین سے حضرت ابو سعید خدریؓ فرماتے تھے کہ مین گواہی دیتا ہون کہ مینے یہ حدیث جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی اور قسم کھا کے کہتا ہون کہ حضرت علیؓ بن ابی طالب نے اونکے ساتھ قتال کیا اور مین اوس لڑائی مین حضرت کے

Marfat.com

ساتھ تھا سو حضرت علی رضؓ نے اوس آدمی کو ڈھونڈھوایا لوگ ساتھ لے آئے دیکھا اوس [illegible]
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
خوارج کی خبر دی کہ قوم ذوالخویصرہ مین سے ہونگے اور اونمین سے ایک شخص ہوگا کہ اوسکا ایک بازو
نرم مثل پستان عورت کے ہوگا اور وہ لوگ افضل خلائق پر خروج کرینگے سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ
حضرت علی رضؓ کے زمانے مین حضرت علیؓ پر خوارج نے خروج کیا اور وہ لوگ قوم ذوالخویصرہ مین سے
تھے اور اونکا سردار ذوالثدیہ تھا یعنی وہی شخص جو ایک ہاتھ مثل پستان عورت کے رکھتا تھا
حضرت علی رضؓ نے اون سب کو قتل کیا اور راوی حدیث جنھون نے یہ پیشین گوئی جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم سے سنی تھی اوس لڑائی مین موجود تھے چنانچہ اونھون نے خود تصدیق اس پیشین گوئی کی بیان کی
معجزہ ۵۵ دارقطنی نے حضرت علی رضؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ قریب ہی کہ بعد میرے ایک قوم آویگی اونکا لقب ہوگا کہ اونھین رافضی کہینگے اور
تو اونھین پاوے تو قتل کیجیو کہ وہ لوگ مشرک ہین حضرت علی رضؓ کہتے ہین کہ مینے عرض کیا
یا رسول اللہ اونکی علامت کیا ہی آپنے فرمایا کہ تجھے بڑھاوینگے ایسے اوصاف کہ جو تجھ مین نہین
او رطعن کرینگے سلف پر انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدوث
فرقہ روافض کی خبر دی سو مطابق اسکے واقع ہوا زمانہ حضرت علیؓ مین باغوا عبد اللہ بن سبا یہودی
فرقہ رافضی پیدا ہوا اور خالص اتباع یہودی مذکور کے حضرت علیؓ کو خدا کہنے لگے اسی لیے
آپنے اونھین مشرک فرمایا اور یہ وصف اونکا کہ حضرت علیؓ کی مدح مین اتنا افراط کرتے ہین کہ
پیغمبرون کے برابر بلکہ اکثر پیغمبرون سے افضل جانتے ہین اور اصحاب کبار اور سب بزرگان سلف پر
طعن کرتے ہین سارے فرقے مین ظاہر ہی **ف** اس حدیث کو دارقطنی نے بروایت حضرت
علی رضؓ کئی سندون سے روایت کیا ہی اور ایک طریق مین اوسکے یہ بات بھی ہی کہ وہ لوگ
دعوی اہلبیت کی محبت کا کرینگے اور حقیقت مین ایسے نہونگے اور پہچان اونکی یہ ہی کہ وہ حضرت
ابو بکر رضؓ اور عمر رضؓ کو برا کہینگے اور بھی دارقطنی نے یہ حدیث کئی سند سے حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ
عنہا اور ام سلمہ رضؓ سے روایت کی ہی اور کہا ہی کہ اس حدیث کی ہمارے پاس بہت سندین ہین کذا فی الصواعق
معجزہ ۵۶ امام احمد اور ابو داؤد نے ابن عمر رضؓ سے اور طبرانی نے معجم اوسط مین انس رضؓ سے

Marfat.com

روایت کی ہو کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قدریہ مجوس اس امت کے ہین یعنی کچھ لوگ اس امت مین قدریہ ہو جائینگے وہ بمنزلے مجوس کے ہونگے انتہی قدریہ اون لوگون کو کہتے ہین جو بندے کو قادر مختار اور خالق اپنے افعال کا جانتے ہین اور تقدیر الٰہی کے منکر ہین اور بندون کے افعال مین خداے تعالی کو بے دخل محض جانتے ہین سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فرقے کے پیدا ہونے کی خبر دی اور مطابق اوسکے واقع ہوا معتزلہ اور روافض سب قدریہ ہین کہ بندے کو خالق اپنے افعال کا سمجھتے ہین اور قدر یعنی تقدیر الٰہی کے منکر ہین اور اس فرقے کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وجہ سے مجوس فرمایا کہ جسطرح مجوس دو خالق کے قائل ہین ایک یزدان خالق خیر دوسرا اہرمن خالق شر اسیطرح یہ لوگ خداے تعالی کو خالق جواہر کا اور بندون کو خالق اپنے افعال کا اعتقاد کرتے ہین

ف قدریہ کی مذمت مین بہت حدیثین وارد ہین امام احمد اور ابو داود نے ابن عمر سے روایت کی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قدریہ مجوس اس امت کے ہین جب وہ بیمار ہون اونکی عیادت نکرو اور جب مرجاوین اونکے جنازے پر مت جاؤ اور مسلم اور ابو داود اور ترمذی نے حضرت ابن عمر سے روایت کی ہو کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت مین خسف اور مسخ ہوگا اور یہ اون لوگون مین ہوگا جو منکر قدر کے ہونگے **ف** روافض بھی منکر قدر کے ہین اور اون مین مسخ اور خسف واقع ہوا ہی مسخ کی چند حکایتین شواہد النبوة مین مذکور ہین ایک یہ ہی

حکایت امام مستغفری نے کتاب دلائل النبوة مین روایت کی ہو کہ ایک ثقہ نے بیان کیا کہ ہم تین آدمی یمن کو جاتے تھے اور ہمارے ساتھ ایک شخص کوفے کا تھا کہ وہ حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو برا کہا کرتا تھا ہم ہر چند اوسے منع کرتے تھے باز نہین آتا تھا جب ہم نزدیک یمن کے پہنچے ایک جگہ اوترے کے سو رہے اور جب کوچ کا وقت آیا ہم سب نے اوٹھ کے وضو کیا اور اوس کوفی کو جگایا وہ اوٹھ کے کہنے لگا کہ افسوس مین تم سے جدا ہوکے اسی منزل مین رہجاونگا ابھی مینے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکھا کہ آپ میرے سر پر کھڑے فرماتے ہین کہ ای فاسق تو اس منزل مین مسخ ہوگا ہمنے کہا کہ وضو کر اوس نے پانون لپیٹے ہمنے دیکھا کہ اونگلیون سے اوسکی مسخ ہونا شروع ہوا اور دونو پانون اوسکے بندر کے سے ہوگئے پھر گھٹنون تک پھر کمر تک پھر سینے تک پھر سر اور منہ تک مسخ پہونچا اور وہ بالکل بندر ہوگیا ہمنے اوسے پکڑ کے اونٹ پر باندھ لیا اور وہان سے روانہ ہوئے اور وقت غروب

Marfat.com

آفتاب کے ایک جنگل مین پہونچے وہان چند بندر جمع تھے اوسنے جب اونھین دیکھا رسّی توڑ کر اون مین جا ملا

دوسری حکایت یہ ہی کہ امام مستغفری سے نے روایت کی ہی کہ ایک مرد صالح سنے بیان کیا کہ ایک شخص کوسنے کا کہ حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کو بُرا کہتا تھا ہمارے ساتھ ہم سفر ہوا ہمنے ہر چند اوسے نصیحت کی اور سمجھایا نہ مانا ہم سنے اوس سے کہا کہ ہم سے تو علحدہ ہو جا وہ علحدہ ہو گیا جب ہم اوس سفر سے پھرے اوسکے غلام کو ہمنے دیکھا ہمنے اوس سے کہا کہ اپنے آقا سے کہدیا کہ ہمارے ساتھ گھر چلے اوسنے کہا کہ اوسکی ایک عجیب حالت ہو گئی ہی دونون ہاتھ اوسکے مثل خوک کے ہو گئے ہین ہم اوسکے پاس گئے اوس سے کہا کہ ہمارے ساتھ گھر کو چل اوسنے کہا مجھے عجیب مصیبت پہونچی ہی اور اپنے ہاتھ دونون آستین سے نکال کے دکھائے کہ مثل خوک کے تھے پھر وہ ہمارے ساتھ ہوا راہ مین ایک جگہہ بہت خوک مجتمع تھے اوسنے اپنے تئین سب سے گرا دیا اور بالکل خوک کی صورت ہو کے خوکون مین جا ملا

اور خسف کی روایت یہ ہی کہ محب طبری سنے ریاض النضرۃ مین روایت کی ہی کہ ایک قوم رافضیان حلب مین سے پاس امیر مدینۂ منورہ کے آئی اور بہت سا مال اور اچھے عمدہ تحفے لائی اور یہ درخواست کی کہ ایک دروازہ حجرۂ شریفہ مین کھلوا دے تا کہ وہ جسد اطہر حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر فاروق کو وہان سے نکال لیجاوین امیر مدینہ سنے کہ بدمذہب تھا بسبب محبت دنیا کے اس بات کو قبول کر لیا اور دربان حرم شریف کو بلا کے کہدیا کہ جب یہ لوگ آوین دروازہ حرم شریف کا کھول دیجیو اور جو کچھ کرین انھین منع مت کیجیو دربان مذکور کہتا ہی کہ جب لوگ نماز عشا کی پڑھ کے مسجد شریف سے چلے گئے اور دروازے حرم شریف کے بند ہو گئے چالیس آدمی پھاوڑے اور کدال لیے ہوئے مشعل ساتھ لے آئے اور باب السلام پر کھڑے ہوئے اور کیواڑ کھٹکھٹائے مینے موافق حکم امیر کے دروازہ کھول دیا اور ایک گوشۂ مسجد مین بیٹھ کے رونا شروع کیا کہ الٰہی کیا قیامت قائم ہو گی سبحان اللہ ہنوز متصل منبر شریف کے نہین پہونچے تھے کہ سب کو ساتھ تمام اسباب اور آلات کے پاس اوس ستون کے جو قریب محراب عثمانی کے ہی زمین نگل گئی امیر مدینہ منتظر تھا کہ بعد فراغت کے اپنے کام سے وہ لوگ میرے پاس آئینگے جب دیر ہوئی تب امیر سنے مجھے بلا کر حال پوچھا مینے جو کچھ دیکھا تھا بیان کیا امیر کہنے لگا تو دیوانہ ہو گیا ہی سمجھ کے کہہ کیا کہتا ہی مینے کہا کہ امیر خود چلکے دیکھ لیوے کہ ابتک اثر خسف اور اونکے بعض کپڑے موجود ہین طبری نے نسبت اس حکایت کی طرف ثقات کے کی ہی جو بصدق و دیانت مشہور تھے انتہی ؁

حکایت خسف بعض روافض

Marfat.com

معجزہ ۵۷ امام احمد اور ابو داؤد اور ترمذی اور حاکم نے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریب ہے میری امت تہتر فرقے ہو جائے گی وہ سب دوزخی ہونگے مگر ایک فرقہ اصحاب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ کون لوگ ہونگے جو نجات پاوینگے فرمایا کہ جو لوگ میرے طریقے پر اور میرے اصحاب کے طریقے پر ہونگے انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ آپ کی امت مین تہتر فرقے ہو جاوینگے اور وہ سب دوزخی ہونگے مگر ایک فرقہ جو آپ کے طریقے پر اور آپکے اصحاب کے طریقے پر ہوگا سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ بعد زمانہ خلفاے راشدین کے اختلاف امت مین باعتبار عقائد کے بکثرت شروع ہوا اور روافض اور خوارج اور معتزلہ اور جبریہ وغیرہ پیدا ہو اور اختلافات بڑھتے بڑھتے نوبت تہتر فرقون کی پہنچی اونمین سے اہل سنت وجماعت کہ اوپر طریقے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب کے ہین جنتی ہین اور باقی دوزخی اور تفصیل تہتر فرقون کی اون کتابون مین جو واسطے تفصیل مذاہب کے تصنیف ہوئی ہین مذکور ہی اس مقام پر اوس کا بیان کرنا کچھ ضرور نہین ۔

قسم ہفتم اخبار متعلقہ بدیگر وقائع متفرقہ

معجزہ ۵۸ صحیحین مین ابو ہریرہ رض سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے آنے سے پہلے ملک حجاز مین ایک آگ نکلے گی کہ روشن کردیگی اونٹون کی گردنون کو شہر بصرے مین یعنی ایسی روشن ہوگی کہ ملک حجاز سے روشنی اوسکی شہر بصریٰ تک کہ ملک شام مین ہی پہنچیگی اونٹ اوس شہر کے اوسکی روشنی مین راہ چلین گے اونٹ کی چال مین گردن اوسکی ہلتی ہی اور خوب نمود ہوتی ہی لہذا اس بات کو کہ اوسکی روشنی مین اونٹ راہ چلین گے اسطرح تعبیر فرمایا کہ گردنین اونٹون کی اوس سے روشن ہونگی سو مطابق اسکے واقع ہوا اواخر عہد خلفاے عباسیہ مین کہ تیسری تاریخ جمادی الآخرہ سنہ ۶۵۴ ہجری مین روز جمعہ کے بعد عشاء کے آگ ملک حجاز مین متصل مدینہ طیبہ کے نکلی مانند بڑے شہر کے جسمین قلعہ اور برج اور کنگرہ ہون طول اوسکا بقدر چار فرسنگ کے تھا یعنی بارہ میل اور عرض بقدر چار میل اور ارتفاع بقدر [illegible] آدمی کے اور مانند دریا کے موجین مارتی تھی اور مانند سیلاب کے چلتی تھی اور مانند رعد کے آواز کرتی تھی اور یہ بات اوسمین عجیب تھی کہ پتھرون کو جلادیتی تھی اور پہاڑون کو رانگ کی طرح گلادیتی تھی اور درختون پر اوس سے کچھ اثر نہین پہونچتا تھا اور اوسکی روشنی سے عالم کو

ایسا روشن کیا تھا کہ مدینہ کے لوگ رات کو اوسکی روشنی مین دن کے مانند کام کرتے تھے اور اوس
آگ کا تیمے مین اور شہر بصری اور تیما مین معاینہ کیا گیا قسطلانی نے کہ اوسی زمانے مین تھے
اس آگ کے بیان مین ایک کتاب علحدہ تصنیف کی ہی اور سب عجائب و غرائب حالات اسکے لکھے ہین
اور لکھا ہی کہ ستائیسوین رجب ویں ۶۵۴ سنہ ہجری مین وہ آگ فرو ہوئی اور سید سمہودی نے
کتاب خلاصۃ الوفا باخبار دار المصطفے مین اور شیخ عبد الحق دہلوی نے جذب القلوب الی دیار المحبوب
مین اور بھی ترجمہ مشکوۃ شریف مین حالات اسکے بیان کیے ہین بالجملہ یہ پیشین گوئی آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی اس وضوح سے ظہور مین آئی کہ معاندین کو مجال انکار نرہا مندرج ہونا اس
پیشین گوئی کا صحیح بخاری و صحیح مسلم وغیرہ کتابون مین کہ صدہا سال قبل وقوع اسکے تصنیف
ہوئی ہین اور پھر مطابق بعینہ وقوع مین آنا دلیل اوپر تحقق پیشین گوئی کے ہی
اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی اَصْدَقِ الصَّادِقِیْنَ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۝
معجزہ ۵۹ ابو داود نے ابو بکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ ایک بڑا شہر ہوگا مسلمانون کا نزدیک نہر دجلہ کے اور دجلے پر پل ہوگا اور وہ شہر
بہت آباد ہوگا اور آخر زمانے مین ترک جنکے چہرے چوڑے ہین اور آنکھین چھوٹی اوس شہر پر
چڑھ آوینگے اور نہر کے کنارے ٹھہرینگے سو شہر کے لوگ تین فرقے ہوجاوینگے ایک
فرقہ اپنا اسباب بیلون پر لاد کے جنگل کی راہ لینگے یعنی شہر چھوڑ کے بھاگ جائینگے وہ لوگ
ہلاک ہوئے اور ایک فرقہ ترکون کی پناہ مین آجاوینگے وہ بھی ہلاک ہوئے اور ایک فرقہ
اپنے لڑکے بالون کو پیچھے کر کے لڑینگے اور کفار ترک سے مقاتلہ کرینگے وہ لوگ شہید
ہین انتہی مطابق اس حدیث کے عہد مستعصم باللہ خلیفہ عباسی مین واقع ہوا کہ ترکان تتار نے
شہر بغداد پر جو دار الخلافۃ اور شہر عظیم مسلمانون کا تھا اور دجلہ اوسکے بیچ مین واقع ہی اور دجلے پر
پل بھی عہد عباسیہ مین رہتا تھا چڑھائی کی اور شہر کو گھیرا شہر کے باشندون مین بعضے مع
اپنے عیال و اطفال کے بھاگ گئے اون لوگون کو ترکون کے ظلم سے نجات نملی مقتول و
غارت ہوگئے اور خود مستعصم باللہ اور اکثر اشراف اور اعیان شہر نے بادشاہ اتراک سے
امان چاہی اور اونکی اطاعت مین داخل ہوئے وہ بھی نبچے اور ترکون کی تیغ بیدریغ سے

مقتول ہوئے اور کچھ لوگون نے مردانگی کی اور ہمت قوی کرکے اون کافرون سے جہاد کیا
خدا تعالی نے اونھین شہادت نصیب کی پہلے دونون فرقون کو دنیا مین بھی نجات نہ ملی اور آخرت کے درجے
سے بھی محروم رہے اور تیسرا فرقہ دنیا مین بھی بمردانگی و شجاعت نیکنام ہوا اور آخرت مین بدرجہ شہادت فائز ہوا
ف یہ پیشین گوئی بھی جس کتاب مین درج ہی یعنی سُنن ابوداؤد وہ چارسو برس زمانہ وقوع سے پہلے کی تصنیف ہی
معجزہ ۶۰ بیہقی نے دلائل النبوۃ مین زید بن ارقم رضہ سے روایت کی ہی کہ وہ بیمار ہوئے
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اونکی عیادت کو آئے اور آپ نے فرمایا کہ تم اس بیماری سے
اچھے ہوجاؤگے لیکن تب کیا حال ہوگا کہ میرے بعد تم جیتے رہوگے اور اندھے ہوجاؤگے
زید بن ارقم رضہ نے عرض کیا کہ مین ثواب سمجھکر صبر کرونگا آپ نے فرمایا کہ تو تم بےحساب بہشت مین داخل ہوگے
انیسہ بیٹی زید کے کہتے ہین کہ بعد وفات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زید بن ارقم اندھے ہوگئے تھے
پھر ایک مدت کے بعد خداوند تعالی نے آنکھین اونکی اچھی کردین بعد اوسکے وہ مر گئے انتہی
اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خبر دی تھی یعنی زید کا اوس بیماری سے اچھا
ہوجانا اور زندہ رہنا بعد وفات آپکے جیتا رہنا اور اونھین ایام مین اندھا ہونا مطابق اوسکے واقع ہوا
معجزہ ۶۱ صحیح مسلم مین حضرت اسماء بنت ابی بکر رضہ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ بیشک قوم ثقیف مین ایک بڑا ظالم خونریز ہوگا اور ایک بڑا جھوٹھا انتہی سو
مطابق اس خبر کے واقع ہوا ظالم خونریز قوم ثقیف مین حجاج پیدا ہوا کہ ظلم مین ضرب المثل ہی بعضی
کتابون مین لکھا ہی کہ حجاج ایسا ظالم تھا کہ کسی چیز مین اوسکو ایسا مزہ نہین ملتا تھا جیسا
قتل ناحق مین اور ترمذی نے اپنی جامع صحیح مین ہشام بن حسان سے نقل کیا ہی کہ ایک لاکھ
بیس ہزار آدمی اوسنے ناحق قتل کیے اور بڑا جھوٹھا مختار ثقفی پیدا ہوا کہ اپنے تئین اوسنے
براہ فریب نائب حضرت امام محمد بن الحنفیہ کا قرار دیکے باظہار قصد قصاص قاتلان امام
ریاست حاصل کی اور آخر جھوٹھا دعوی پیغمبری کا کیا **ف** تطبیق اس
خود حضرت اسماء راویہ حدیث نے روبرو حجاج کے بیان کی تھی
معجزہ ۶۲ ابو یعلی نے اپنی مسند مین ابو عبیدہ رضہ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امر میری امت کا انتظام سے رہیگا یہان تک کہ سب سے پہلے

Marfat.com

اوس مین رخنہ ڈالے گا ایک شخص بنی اُمیہ مین سے جسکا نام یزید ہوگا انتہی سو مطابق
واقع ہوا اور سب سے پہلے رخنہ انتظام اسلام مین یزید کے سبب سے واقع ہوا کہ وہ شخص فاسق
تھا بادشاہ ہوا اور امام حسینؓ کو اوسنے شہید کرایا اور مدینے پر لشکر خونریز بھیجکر اکثر صحابہ اور
صحابی زادون کو قتل کرایا اور بہت بڑے ظلم کیے اور مکے پر بھی لشکر واسطے عبداللہ بن زبیر
کے بھیجا اور اوسکے لشکر نے کعبے کا محاصرہ کیا اور وہان پتھر مارے حتی کہ سقف مسجد حرام کہ
لکڑی کی تھی اون پتھرون سے بہت صدمہ پہونچا بلکہ روئی مین گندک لپیٹ کے اون ملاعنہ نے آگ
مسجد حرام مین پہونچائی کہ پردۂ خانۂ کعبہ کا اور دیوار جانب کعبہ کی سب جل گئین غرض کہ جسقدر ظلم
اور بے دینی کی باتین یزید سے واقع ہوئین کبھی واقع نہین ہوئین تھین اور خبر جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی صادق آئی **ف** اگرچہ سند اس حدیث کی مسند ابو یعلی مین ضعیف ہے مگر رویانی
نے اپنی مسند مین ابو درداء رضی اللہ عنہ سے اس مضمون کی حدیث روایت کی ہے اور مضمون اس
حدیث کو اور بہت احادیث سے تقویت ہے حضرت ابو ہریرۃؓ دعا مانگتے تھے کہ الٰہی تیری پناہ
شروع ۶۰ سنہ ہجری سے اور لڑکون کی امارت سے اور یزید کی بادشاہی ۶۰ سنہ ہجری مین
ہوئی اور حضرت ابو ہریرہؓ کا انتقال اس سے پہلے ۵۹ سنہ ہجری مین ہو چکا تھا پس معلوم ہوا کہ ابو ہریرہؓ کو بھی
بموجب اخبار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یزید کی بادشاہی اور اوسکے ظلم اور قبایح کی خبر تھی اور
ابو داؤد نے حضرت حذیفہ بن الیمانؓ سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت تک جتنے
فتنہ انگیز ہونے والے ہین سب کا نام مع نام اونکے باپ دادا اونکی قوم کے بتا دیا ہے پس بے شک آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے نام یزید کا کہ سب سے زیادہ فتنہ اوسکے سبب سے ہوا بتایا ہوگا

معجزہ ۶۳

۵۰ حاکم اور بیہقی اور ابو نعیم نے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے ثابت بن قیس بن شماسؓ سے فرمایا تَعِيشُ حَمِيدًا وَتُقْتَلُ شَهِيدًا یعنی زندگانی کرو گے
تم بحالت محمود اور مارے جاؤ گے تم شہید ہو کر انتہی سو مطابق اس خبر کے واقع ہوا کہ حضرت
ثابت جنگ یمامہ مین کہ عہد خلافت ابو بکر صدیقؓ مین ساتھ مسیلمہ کذاب کے واقع ہوئی تھی شہید ہوئے

معجزہ ۶۴

۵۱ ابو داؤد نے حضرت ابو ذرؓ سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے مجھے خطاب کرکے یہ مضمون فرمایا کہ مدینے مین ایک بار ایسی خونریزی ہوگی کہ خون

اجحار زیت سے کہ اوپر ہے گا اور اونکو ڈھانپ لیگا انتہی **ف** مدینہ منورہ کی جانب غرب مین
زمین ہی اوسمین پتھر ہین سیاہ گویا کہ اونپر تیل چھپڑا ہوا ہی اسلیے وہ پتھر احجار الزیت کہلاتے
ہین سو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی کہ ایکبار مدینے مین ایسی خونریزی ہوگی کہ وہ
پتھر خون مین ڈوب جاوینگے اور مطابق اسکے واقعہ حرہ واقع ہوا یزید پلید کے وقت
مین بعد شہادت امام حسین رض کے جبکہ باشندگان مدینہ کہ اکثر اصحاب اور اولاد اصحاب تھے اطاعت
یزید سے بسبب اوسکے شنائع اعمال کے منحرف ہوگئے تب یزید نے اونپر لشکر خونخوار بسرکردگی
مسرف بن عقبہ کے بھیجا اور مقاتلہ عظیم واقع ہوا اور صدہا اصحاب اور اولاد اصحاب شہید ہوے
اور اوسی سنگستان مین خون بہا اور ایسے شنائع اور قبائح واقع ہوے کہ زبان قلم پر نہین آسکتے

معجزہ ۶۵ ابو داود نے انس بن مالک رض سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ ای انس لوگ شہر آباد کرینگے اور اونمین سے ایک شہر ہوگا جسے بصرہ کہینگے
سو اگر تم اوس شہر مین داخل ہو تو اوسکے سباخ یعنی زمین شور اور کلا اور باغات اور بازار اور
امیرونکے دروازون سے بچنا اور کنارون پر اوسکے رہنا اسواسطے کہ اوس شہر مین خسف ہوگا
یعنی زمین مین دھس جانا اور قذف ہوگا یعنی پتھرون کا برسنا اور رجف یعنی زلزلہ اور مسخ یعنی
صورت کا بدل جانا انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو باتونکی خبر دی
ایک یہ کہ ایک شہر نیا آباد ہوگا اور اوسکا نام بصرہ ہوگا دوسری یہ کہ اوس شہر مین خسف وغیرہ واقع
ہونگے سو پہلی بات حضرت عمر رض کے عہد مین واقع ہوئی کہ عتبہ بن غزوان نے شہر بصرہ کو اونکے
سنہ ۱۷ ہجری مین آباد کیا حضرت عمر رض کو خبر پہونچی تھی کہ اس جگہہ ملک فارس سے ہندکو راہ ہی
اور اندیشہ اس بات کا ہی کہ بادشاہ فارس ہندوستان سے اس راہ سے مدد طلب کرے تب آپ نے
حکم بھیجا کہ وہان ایک شہر بنا کرو تا کہ مجمع مسلمانون کا وہان رہے اور دوسری خبر آیندہ واقع

معجزہ ۶۶ طبرانی نے رافع بن خدیج رض سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے ایکبار حاضرین مجلس سے فرمایا کہ تم مین سے ایک آدمی کی داڑھ دوزخ مین مانند
جبل احد کے ہوگی حضرت ابو ہریرہ رض کہتے ہین کہ مین بھی اوس مجلس مین تھا سو وے سب لوگ تو
مرگئے ہین اور ایک اور آدمی باقی رہا سو وہ دوسرا شخص جنگ یمامہ مین مرتد ہوکے مارا گیا انتہی اس حدیث

مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ عنقریب تم مین سے ایک شخص [illegible]
اسکے واقع ہوا کہ ایک شخص مرتد ہو کے مارا گیا نسیم الریاض مین لکھا ہے کہ نام اوس شخص کا رجال بن عنفوہ
تھا اور وہ اہل یمامہ مین سے تھا وفد بنی حنیفہ کے ساتھ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
حضور مین حاضر ہوا تھا اور مسلمان ہو کر کلام اللہ سیکھا تھا جب مسیلمہ کذاب نے دعوی پیغمبری کیا تو
اوسپر ایمان لے آیا اور جنگ یمامہ مین ہمراہیان مسیلمہ مین تھا زید بن الخطاب کے ہاتھ سے مقتول ہو کے واصل جہنم ہوا

معجزہ ۵۴ بیہقی نے روایت کی ہے کہ جب حضرت ابوذر رض کی وفات قریب ہوئی تب زوجہ اونکی
ام ذر رونے لگین اونھون نے کہا کہ تم کیون روتی ہو ام ذر نے کہا کہ کیسے نہ روؤن تمھاری وفات
جنگل مین ہوئی اور ہمارے پاس کفن بھی نہین حضرت ابوذر نے کہا کہ مت روؤ جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے ایک جماعت کو کہ مین بھی اونمین تھا خطاب کرکے فرمایا کہ تم مین سے ایک آدمی
زمین غیر آباد مین مرے گا اوسکے جنازے پر ایک جماعت مسلمانون کی حاضر ہو گی سو وہ آدمی
مین ہی ہون تم راہ کو جاکر دیکھو وہ کہتی ہین کہ مین نکلی سو کچھ لوگ مسافر سوار آتے دیکھے اونھین مینے
حضرت ابوذر رض کے حال کی خبر کی وہ سب حضرت ابوذر رض کے پاس آئے اونسے حضرت
ابوذر رض نے کہا کہ تم مین سے مجھے کفن وہ دیوے جو نقیب نہ ہو امیر ایک جوان نے
اونمین سے کہا کہ مین تمھین کفن دیتا ہون اے عم اپنا ازار اور دو کپڑے کہ میری گٹھری مین ہین
میری مان کے کاتے ہوئے سوت سے بنے ہوئے حضرت ابوذر رض نے کہا کہ اچھا تم مجھے
کفن دیجیو پس جب وہ مر گئے اون لوگون نے تجہیز و تکفین کرکے نماز جنازہ پڑھکے اونھین دفن کر دیا انتہی جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خبر دی تھی کہ ایک شخص حاضرین مجلس مین سے غیر آباد زمین مین مریگا
اور ایک جماعت مسلمانون کی وہان پہنچیگی اوسکی تجہیز و تکفین کریگی سو مطابق اوسکے واقع ہوا

معجزہ ۵۵ طبرانی اور بیہقی نے ابن حکیم ضبی سے روایت کی ہے کہ حضرت ابوہریرہ رض
جب مجھے ملتے مجھ سے سمرہ کا حال پوچھتے اور جب مین اونکی صحت کی خبر دیتا تو خوش
ہوتے مینے اسکا سبب پوچھا اونھون نے بیان کیا کہ ہم دس آدمی ایک گھر مین
تھے سو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم مین سے پیچھے جو مریگا نار مین
ہوگا سو آٹھ تو مر چکے ہین مین اور سمرہ باقی ہین یعنی اوسی خبر کے ڈر سے سمرہ کے

Marfat.com

حال کی تفتیش کرتا ہون اور حضرت ابو ہریرہؓ کا یہ حال تھا کہ جو کوئی کہدیتا کہ سمرہ مر گئے تو اونھیں
غش آجاتا یہانتک کہ سمرہ سے پہلے اونکا انتقال ہوا اور ابن عساکر نے ابن سیرین سے
روایت کی ہی کہ سمرہ کو مرض کزاز لاحق ہوا سو بڑی دیگ مین خوب گرم کھولتا پانی بھر کے اوسپر
گرمی حاصل کرنے کو بیٹھتے ایک دن اوسمین گر پڑے اور جلکر مر گئے انتہی جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اون دس آدمیون کے حق مین جو فرمایا تھا کہ تم مین پچھلا
از روے موت کے نار مین ہوگا سو وہ لوگ نار سے نار جہنم سمجھتے تھے اسی سبب سے
حضرت ابو ہریرہؓ جب وہ اور سمرہ ہی باقی رہگئے تو سمرہ کا حال پوچھتے رہتے تھے اور ڈرتے
تھے کہ جو وہ پہلے مرجاوینگے تو آخر موت میری ہوگی اور پچھلی موت والے کو
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ نار مین ہوگا اور مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
نار سے آگ دنیا کی تھی سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ سمرہ بن جندب جو سب سے پیچھے مرے آگ مین جلکر مرے
معجزہ ۶۹ صحیحین مین ابو سعید خدری سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ تم لوگ پیروی کروگے اون لوگون کے طریقون کی جو تم سے پہلے ہوئے
ہین بالشت بہ بالشت دست بدست یہانتک کہ اگر وہ سوسمار کے سوراخ مین گھسے ہونگے
تو اس بات مین بھی اونکی پیروی کروگے لوگون نے عرض کیا یا رسول اللہ پہلے آدمیون سے
یہود اور نصاریٰ مراد ہین آپنے فرمایا اور کون انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے خبر دی کہ کچھ لوگ آپ کی امت کے روش یہود و نصاریٰ کی اختیار کرینگے
سو مطابق اوسکے واقع ہوا یہود کی روش تھی حسد اور حق کا چھپانا اور بطمع دنیوی مسئلہ غلط
بتانا اور کتاب الٰہی مین سے جو حکم اپنے موافق ہوا اوسکا ظاہر کرنا اور جو خلاف ہوا اوسکا چھپانا سو
اس جنس کی باتین علماے بد مین اس امت مین پائی جاتی ہین اور نصاریٰ کی روش ہی نبی اور بزرگ کے
حق مین اسطرح کا اعتقاد کرنا جو خدائی کے رتبے کو پہونچا دے سو یہ بات بھی اس امت
مین پائی جاتی ہی اور سوا اسکے اکثر وضعون مین لوگون نے مشابہت نصاریٰ کی اختیار کی ہی
معجزہ ۷۰ طبرانی اور بیہقی اور دارقطنی اور حاکم اور بغوی اور بزار نے روایت کی ہی
کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن زبیرؓ سے فرمایا کہ مصیبت تمھین لوگون سے

Marfat.com

اور لوگونکو تم سے انتہی اس حدیث مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی
بن زبیر کو لوگون سے مصیبت پہونچے گی اور لوگون کو اون سے جو مصائب اونکے
وفات معاویہ اور شہادت امام حسین رضی اللہ عنہ کے [illegible] سنہ ہجری مین خلیفہ ہوئے
ملک شام کے اور سب بلاد اسلام کے اور مکے قبضے مین آئے اور [illegible] سنہ ہجری مین [illegible]
بن مروان کے حکم سے حجاج ظالم نے اونپر لشکر کشی کی اور اونکے کا محاصرہ کیا اور لوگونکو شہید
سو اونکو لوگون سے یہ مصیبت پہونچی کہ شہید ہوئے اور تکلیفات دنیاوی اونہون
اور اونکے اہل بیت نے ظالمون کے ہاتھ سے اوٹھائین اور لوگون کو اونکے سبب سے یہ
پہونچی کہ اہل مکہ بلائے محاصرۂ حجاج مین مبتلا ہوئے اور لوگ حجاج کے ہاتھ
سے وہان مارے گئے خانۂ کعبہ کو بھی صدمہ پہونچا مگر عبداللہ بن زبیر کا خانۂ کعبہ کے
مقابل تھا اس سبب سے بیت الحرام پر بھی حجاج کے منجنیق کے پتھر پہونچے اور یہ بھی مصیبت لوگونکو
بسبب عبداللہ بن زبیر کے ہوئی کہ قاتلین اونکے گناہ عظیم اور عذاب آخرت مین مبتلا ہوئے

معجزہ ۵۸ بیہقی اور ابن عدی نے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
زید بن صوحان کے حق مین فرمایا کہ ایک عضو اونکا اونسے پہلے جنت مین جائیگا انتہی سو مطابق اسکے واقع ہوا کہ
بائیان ہاتھ اونکا جہاد مین کٹ گیا بعضے مورخین نے لکھا ہے کہ غزوۂ نہاوند مین اونکا ہاتھ بائیان شہید ہوا

معجزہ ۵۹ بیہقی اور حاکم نے حسن بن محمد سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے سہیل بن عمرو کے حق مین حضرت عمر سے فرمایا کہ توقع ہے کہ یہ ایسا
کام کرے اور اسطرحکا بیان کرے کہ تم خوش ہو ای عمر سو ایسا ہی ہوا کہ جب خبر وفات
حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مکہ معظمہ مین پہونچی اور وہان کے لوگون کو اضطراب اور
تزلزل ہوا سہیل بن عمرو نے کھڑے ہو کر ایسا خطبہ پڑھا جیسا حضرت ابوبکر صدیق نے مدینہ
مین پڑھا تھا اور مکے کے لوگون کو دین پر ثابت کر دیا اور اونکو تسلی اور تسکین دی انتہی سہیل
بن عمرو حالت کفر مین کافرون مین کھڑے ہو کر خطبہ پڑھتے اور اونکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سے لڑائی کی ترغیب دیتے جنگ بدر مین اسیر ہو کر آئے حضرت عمر نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کے حضور مین عرض کیا کہ اجازت ہو تو مین اونکے دو دانت سامنے کے نیچے والے توڑ ڈالون

Marfat.com

تاکہ زبان اسکی خوب تقریر پر قادر رہے اور پھر کافرون مین کھڑے ہو کر خطبہ تحریض قتال مسلمین کا نہ پڑھے تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث فرمائی اور مطابق اسکے واقع ہوا

معجزہ ۱۴۲ صحیحین مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قریب ہی میری امت کے لوگ انماط بچھائینگے انتہی انماط جمع ہی نمط کی کہ ایک عمدہ فرش ہوتا ہی سو مطابق اس خبر کے واقع ہوا کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعد ازانکہ فقر اور تنگی مین مبتلا تھے مالدار ہو گئے اور اچھے کپڑے اور اچھے فرش اونھین میسر آئے چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے گھر مین اوس قسم کے بچھونے تھے جبکہ زوجہ حضرت جابر کی اوسے بچھانا چاہتین تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے کہ مت بچھاؤ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی ہی کہ میری امت کے لیے انماط ہونگے یعنی فرش امیرانہ بچھانے لگینگے سو مطابق اوسکے یہ بات ہوتی ہی یعنی وضع امیرانہ کچھ ضرور نہین اونکی زوجہ کہتین کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انماط کے ہونے کی خبر دی اور اوسکے مطابق واقع ہوا تو اوس پر بیٹھنا ہی چاہیے

معجزہ ۱۴۳ صحیحین مین ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسیلمہ کذاب کے حق مین یہ بات فرمائی کہ خدا تعالی اوسے ہلاک کریگا **ف** مسیلمہ ایک شخص تھا بنی حنیفہ مین سے مدینہ منورہ مین آیا تھا اوسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہلا بھیجا تھا کہ اگر آپ حکومت بعد اپنے میرے نام کر دین تو البتہ مین اتباع آپکا اختیار کرون تب آپنے ایک شاخ درخت کی طرف جو آپ کے ہاتھ مین تھی اشارہ کر کے فرمایا تھا کہ اگر یہ شاخ درخت مجھسے مانگیگا تو بھی اوسے ندونگا سو وہ مدینے سے چلا گیا اور دعوی پیغمبری کا کیا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے حق مین فرمایا تھا کہ خدا تعالی اوسے ہلاک کریگا سو مطابق اوسکے واقع ہوا کہ بعد وفات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہزار آدمی اوسکے ساتھ مجتمع ہو گئے تھے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے خالد بن ولید کو ساتھ لشکر جرار کے اوسپر بھیجا اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اوسپر فتح پائی اور اوس لڑائی مین وہ مارا گیا

فصل سوم ایسی چیزون کے بیان مین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے واقعات حالی کو بغیر دیکھے بیان فرمایا

معجزہ ۱ بخاری نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم نے خبر شہادت حضرت جعفر و زید و عبد اللہ کی لوگوں کو پہنچنے سے پہلے دی
اور آپ نے فرمایا کہ نشان زید نے لیا پس شہید ہوا پھر نشان لیا جعفر نے پس شہید ہوا پھر نشان
لیا ابن رواحہ نے پس شہید ہوا اور آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے یہاں تک کہ نشان لیا ایک تلوار نے
خدا کی تلواروں سے نے نشان لیا اور فتح حاصل ہوئی ف موتہ ایک موضع ہی شام میں
کی راہ پر مدینہ منورہ سے وہاں کے حاکم نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قاصد کو قتل
کیا تھا اسلیے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں لشکر بھیجا اور اوس لشکر پر زید بن حارثہ کو
امیر فرمایا اور ارشاد کیا کہ اگر زید شہید ہو جائیں تو امیر جعفر ہونگے اور اگر وہ بھی شہید ہو جائیں تو عبد اللہ
بن رواحہ اور اگر وہ بھی شہید ہوں تو مسلمان کسی کو اپنے درمیان میں سے امیر کر لیں سو جیسا
آپ نے فرمایا تھا ویسا ہی واقع ہوا کہ اوس لڑائی میں یہ تینوں صاحب شہید ہوئے تب لوگوں نے
حضرت خالد بن الولید کو سردار کیا اور خدا تعالی نے اونکے ہاتھ پر فتح دی سو جس وقت وقوع
اس واقعے کے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور اخبار بالغیب کے اس حادثے کی خبر دی

معجزہ ۱۴۲ صحیحین میں ابوہریرہ رض سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
نجاشی بادشاہ حبشہ کے وفات کی اوسی دن خبر دی جس دن وہ مرا اور آپ عیدگاہ کی طرف اصحاب
کے ساتھ گئے اور صف باندھ کے نجاشی کی نماز جنازہ پڑھی اور چار تکبیریں فرمائیں
ف نجاشی لقب تھا بادشاہ ملک حبشہ کا جو وہاں بادشاہ ہوتا اوسے نجاشی کہتے اس نجاشی کا
نام اصحمہ تھا نصرانی مذہب تھا آپکا نامہ اوسے گیا تب وہ مسلمان ہو گیا اور اوسنے صاف کہدیا
کہ جس پیغمبر کی خبر پچھلی کتابوں میں ہے وہ یہی ہیں اور بہت اعتقاد اور نیازمندی سے پیش آیا اور جب وہ
وفات پائی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور اخبار بالغیب کے اوسی دن اوسکی موت کی خبر دی اور غائبانہ اوسکی
نماز جنازہ پڑھی ف موافق اس حدیث کے شافعیہ نماز جنازے کی غائب پر درست کہتے ہیں اور حنفیہ کہتے ہیں کہ
جنازہ نجاشی کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر منکشف ہو گیا تھا اور غائب کو نجاشی پر قیاس کرنا نہ چاہیے

معجزہ ۱۴۳ مسلم نے جابر رض سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر
سے پھر کے آتے تھے جب قریب مدینے کے پہنچے تب ایک ہوا ایسی شدید چلی کہ قریب تھا
کہ سوار کو دفن کر دے تب آپ نے فرمایا کہ یہ ہوا ایک منافق کی موت کے لیے چلی ہے پھر جب مدینے میں پہنچے

کہ ایک بڑا منافق مرگیا انتہی شارحان حدیث نے لکھا ہے کہ وہ منافق رفاعہ بن زید تھا اس حدیث ... آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے غائبانہ خبر دی کہ ایک منافق مرگیا سو مطابق اوسکے واقع ہوا ...
معجزہ امام احمد نے ابن عباس رضی سے اور حاکم اور بیہقی نے حضرت عائشہ سے
روایت کی ہے کہ جب حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی کہ وہ جنگ بدر میں کفار کے ساتھ ...
اور اسیر ہوکر آئے تھے مال فدا طلب ہوا یعنی کچھ روپیہ دین تو رہائی پاوین تب اونہون نے آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین عرض کیا کہ میرے پاس اتنا مال نہین کہ جسقدر روپیہ مجھسے مانگتے ہو اوسکو ادا
کرون آپنے فرمایا کہ وہ مال کہ تمنے ام الفضل کے پاس دفن کیا ہے کیا ہوا اور تم کہہ آئے تھے کہ اگر اس سفر مین
مین مارا جاؤن تو یہ مال میری اولاد کے لیے ہے حضرت عباس رضی نے کہا کہ یا رسول اللہ اوس مال کی سوا
میرے اور ام الفضل کے اور کسی کو خبر نتھی پھر اونھون نے جسقدر روپیہ مطلوب تھا منگا کر ادا کیا
معجزہ بیہقی اور طبرانی نے روایت کی ہے کہ صفوان بن امیہ بن خلف اور عمیر بن
وہب بن خلف چچازاد بھائی اوسکا بعد قصے بدر کے ایکدن مقام حجر مین بیٹھکر باہم تذکرہ
کشتگان بدر کا کرنے لگے صفوان نے کہا کہ ان لوگون کے قتل ہوجانے کے بعد زندگی کا
لطف نہین رہا عمیر نے کہا کہ سچ ہے مگر مین مقروض ہون اور میرے پاس کچھ دین ادا کرنے
کو نہین ہے اور بعد اپنے عیال کے تباہ ہوجانے کا بھی ڈر ہے نہین تو مین جاکر محمد کو قتل کرڈالتا
اور مجھے ایک بہانہ اونکے پاس جانے کا ہے میرا بیٹا وہان قید ہے صفوان نے یہ بات غنیمت جانی
اور کہا کہ تیرے دین کو مین ادا کردونگا اور تیرے عیال کی مین ہمیشہ خبرگیری کرتا رہونگا عمیر نے
کہا کہ تو اس بات کو کسی سے ذکر مت کیجیو اور اوسنے اپنی تلوار پر سان رکھوا کر زہر مین بجھائی
اور چلکر مدینے مین پہونچا اور مسجد شریف کے دروازے پر اونٹ کو بٹھایا اور وہ تلوار کو حمائل کیے
ہوئے تھا اوسے حضرت عمر رضی نے دیکھ کے کہا کہ یہ کتا دشمن خدا کا کچھ مدعا لیکے ہی آیا ہے
اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اوسکے آنے کی خبر کی آپ نے فرمایا کہ ... لاؤ
حضرت عمر جاکر اوسے لے آئے اور اوسکی تلوار اپنے قبضے مین کر لی تھی جب آپ نے
اوسے دیکھا فرمایا کہ ای عمر اسے چھوڑ دو پھر آپنے اوس سے کہا کہ ای عمیر قریب آ جب وہ قریب ہوا
تو پوچھا کہ کیون آیا ہے اوسنے کہا اپنے قیدی کے لیے آیا ہون کہ اوسکے معاملے مین

Marfat.com

نقصان کرو آپنے فرمایا کہ تلوار کیون گردن مین ڈالی ہی [illegible]
کہ سچ سچ بیان کر کہ تو کس لیے آیا ہی اوسنے کہا کہ مین ایسی کام [illegible]
کیا آپنے فرمایا کہ تو نے اور صفوان نے مقام حجر مین تذکرہ کشتگان [illegible]
کہ اگر مین مقروض نہوتا اور خوف ہلاک عیال نہوتا تو مین جا کر محمد کو قتل کرتا [illegible]
قرض اور خبرگیری عیال کا متکفل ہوا اور تو میرے قتل کے لیے آیا اوس شخص نے یہ سنتے ہی کہا
اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ گواہی دیتا ہون کہ تم پیغمبر خدا ہو اس بات کی سوا میرے اور صفوان
کے کسی کو خبر نتھی قسم خدا کی مین جانتا ہون کہ خدا ہی نے تمھین اس بات کی خبر کر دی شکر خدا
کہ اوس نے مجھے اسلام کی ہدایت دی آپ نے اصحاب سے فرمایا کہ اپنے
بھائی کو دین کی باتین سکھاؤ اور کلام اللہ پڑھاؤ اور اوس کے قیدی کو چھوڑ دو

معجزہ ۸۰ بیہقی نے حضرت عروہ سے روایت کی ہی کہ ایک مرتبہ اونٹنی جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی گم ہو گئی آپنے اوسکو تلاش کرایا نہ ملی ایک شخص نے منافقین مین سے
کہا کہ محمد کہتے ہین کہ مین غیب کی خبرین جانتا ہون اور اونھین یہ معلوم نہین کہ اونٹنی لونکی
کدہر ہی جو لوگ انکے پاس وحی لاتا ہی کیون اونٹنی کا حال اون سے نہین کہدیتا حضرت جبرئیل آئے
اور آپ کو اوس منافق کے مقولے کی خبر دی اور اونٹنی کا ٹھکانا بھی بتا دیا آپنے فرمایا کہ مین
نہین کہتا ہون کہ مین غیب جانتا ہون لیکن اللہ نے مجھے خبر دی منافق کے مقولے کی
اور اوس جگہ کی جہان وہ اونٹنی ہی سو وہ اونٹنی فلانی گھاٹی مین ہی اوسکی مہار ایک درخت
سے اٹک گئی ہی لوگ جھپٹے اور اوس گھاٹی مین اوس اونٹنی کو اوسیطرح پایا جیسا آپنے فرمایا تھا

ف اوس منافق کا نام شارحان حدیث نے زید بن لصیب بلام و صاد مہملہ بر وزن فعیل لکھا ہی

معجزہ ۸۱ صحیحین مین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے مجھے اور زبیر اور مقداد کو حکم دیا کہ تم روضۂ خاخ تک جاؤ وہان ایک عورت ملیگی
اور اوسکے پاس ایک خط ہی سو وہ خط لے آؤ ہم تینون سوار ہو کر گھوڑے دوڑاتے وہان
پہنچے اور عورت کو وہان پایا ہمنے کہا خط نکالدے اوسنے کہا میرے پاس کوئی خط
نہین ہی ہمنے کہا کہ خط نکالدے نہین تو ہم تجھے ننگا کرینگے اوسنے چوٹی مین سے نکالدیا

جوڑے مین سے خط نکال کر دیا سو وہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین لے آئے سو وہ خط حاطبؓ بن ابی بلتعہ کی طرف سے تھا بجانب کچھ لوگون کے مشرکان مکہ سے اوسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ امر یعنی ارادہ غزوہ مکہ کا ذکر تھا سو آپنے اوس خط کا حال حاطب سے پوچھا اونھون نے عرض کیا کہ میرے لڑکے بالے مکے مین ہین اور میرا وہان کوئی قرابتی ایسا نہین ہی جو اونکی حمایت کرے اسلیے مینے یہ چاہا تھا کہ قریش پر ایک احسان میرا ثابت ہو تاکہ میرے لڑکے بالون سے متعرض نہون حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ اجازت ہو تو حاطب کو قتل کرون یعنی اسلیے کہ اوسنے یہ حرکت منافقانہ کی آپنے فرمایا کہ نہین بدریون پر اللہ تعالی نے مہربانی خاص کی ہی اور فرمایا ہی کہ مینے تمھاری سب خطائین معاف کین انتہی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب قصد لشکر کشی کا واسطے فتح مکے کے فرمایا اور آپکو اس قصد کا اخفا منظور تھا حاطب بن ابی بلتعہ نے کفار قریش کو ایک خط اس مضمون کا لکھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لشکر عظیم لیکر تمھارے اوپر آتے ہین اور قسم ہی خدا کی کہ اگر وہ اکیلے تمھارا قصد کرین تو اللہ اونکی مدد کرے اور تمپر غالب ہو جاوین تم اپنا فکر کر لو اور چھپا کر اس خط کو ایک عورت کے ہاتھ روانہ کیا کہ اوسکی خبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بوحی الٰہی معلوم ہوئی تب آپنے حضرت علیؓ اور زبیرؓ اور مقدادؓ کو بھیجا **ف** اس حدیث سے کمال فضیلت اون صحابہ کی ثابت ہوئی جو جنگ بدر مین آپکے ساتھ تھے اور حضرات خلفاے اربعہ بلکہ عشرہ مبشرہ اہل بدر مین

معجزہ بیہقی نے دلائل النبوۃ مین زہریؒ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کو خبر دی کہ کیڑے نے سوا اللہ کے نام کے بالکل عبارت اوس صحیفہ کی کھالی جس مین قریش نے عہد لکھا تھا کہ بنی ہاشم کی عداوت پر مضبوط رہین اور اون سے برادری بالکل چھوڑ دین سو قریش نے اوس صحیفے کو دیکھا تو ویسا ہی پایا جیسا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی **ف** بعد نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ معظمہ مین شائع ہوا اور مذمت بتون کی برملا ہوئی کافران قریش کو بہت رنج ہوا اور مسلمانون کو اونسے بہت تکلیف پہنچی تب اونھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کا ارادہ کیا اور اس بات پر ابو طالب اور بنی ہاشم راضی نہوے تب اونھون نے کہا کہ تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارے حوالے کر دو یا تم سب کے

سب ہم سے علیحدہ ہو کر گھاٹی مین جا رہو اور ہمارے تمہارے لئے برادری حرکت ہی
اور نہ ساتھ بیٹھا اور نہ ہم تم کسی مجلس مین اکٹھے ہون ابو طالب او بنی ہاشم سب لاچار ہو کر مع اپنی اولاد
اور سب کے سب شعب مین جا رہے اور کفار قریش نے ایک عہد نامہ مضمون قطع برادری اور
عداوت کا ساتھ بنی ہاشم کے لکھ کے کعبے مین لٹکا دیا اور وہان تک اونپر سختی کی کہ
جو کوئی گانون کا آدمی غلہ یا کچھ چیز بیچنے کو لاتا اوسکو بھی منع کر دیتے کہ بنی ہاشم کے ہاتھ نہ بیچے
تین برس اسیطرح پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس شعب مین بسر کیے اور بڑی تکلیف
اوٹھائی و رین اثنا اللہ جل جلالہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات سے مطلع کیا کہ اوس
عہد نامے کو دیمک کھا گئی ہی جہان کہین اوسمین نام اللہ کا تھا اوسکو دیمک نے چھوڑ دیا ہی اور باقی سب
کھا لیا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے ابو طالب کو مطلع کیا اور ابو طالب قریش کے پاس گئے
اور اون سے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اسیطرح پر خبر دی ہی تم اوس عہد نامے کو منگوا کر دیکھو اگر یہ
بات جھوٹھی نکلے تو ہم محمد کو تمہارے حوالے کر دینگے اور اگر سچ ہو تو تم ہماری تکلیف دہی سے باز آؤ اور ہمین
شعب سے نکلنے دو اونھون نے وہ صحیفہ منگوا کر دیکھا تو واقعی جہان کہین اللہ کا نام تھا وہ باقی
تھا اور باقی کو دیمک نے کھا لیا تھا تب وہ نادم ہوئے اور بنی ہاشم سے کہا تم شعب سے نکل آؤ
معجزہ ۳۲ بیہقی نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسری کے
مقتول ہونے کی اوس رات کی صبح کو خبر دی جس رات وہ مارا گیا اور قصہ اسکا یہ ہی کہ جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سنہ ۶ ہجری مین اکثر بادشاہون اور امیرون کو نامے
لکھے کسری پرویز بادشاہ فارس کو بھی نامہ لکھا اور اوسکو طرف اسلام کے دعوت کی اوس نے
آپکے خط کو پھاڑ ڈالا اور کہا کہ اپنے نام کو میرے نام سے پہلے کیون لکھا اور باذان
اوسکی جانب سے ملک یمن مین عامل تھا اوسکو لکھا کہ تو دو آدمی چالاک اور تیز اوس شخص کے پاس
بھیج جو دعوی پیغمبری کا کرتا ہی کہ وہ اوس شخص کو تیرے پاس لے آئین سو باذان نے دو آدمی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینے مین بھیجے اونھون نے آپکے سامنے تقریر بیباکانہ
کی اور کہا کہ تم کسری کے پاس چلو آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ تم کل آنا اوسی رات
مین شیرویہ پرویز کے بیٹے نے پرویز کو مار ڈالا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی الہام

ف شعب بالکسر راہ در کوہ ۱۲ منتہی الارب

ف باذان بہای موحدہ و ذال معجمہ کہ صاحب از قوم ابنا است و در زمان حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم بایمان مشرف گردید ۱۲ منتہی الارب

معجزہ ۳۲

اس بات سے اطلاع ہوئی آپ نے اون شخصون سے بُلا کر فرمایا کہ تم چلے جاؤ رات کسریٰ کو شیرویہ نے مار ڈالا وہ پھر گئے اور باذان سے اونھون نے جا کر یہ حال بیان کیا تب باذان نے کہا کہ اگر تصدیق اس امر کی معلوم ہو تو بیشک وہ پیغمبر ہین اور اونھین ایام مین نامہ شیرویہ کا بنام باذان باین مضمون پہونچا کہ پرویز ظالم تھا مینے اس سبب سے اوسکو مار ڈالا اور تم اوس شخص سے جو دعویٰ پیغمبری ملک عرب مین کرتا ہی کچھ تعرض مت کرو باذان تصدیق خبر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ علی آلہ وسلم کی دریافت کرکے مع دونون بیٹون اپنے کے مسلمان ہوگیا **ف** کسریٰ نے جب نامہ آپکا پھاڑ ڈالا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے حق مین بد دعا کی کہ الٰہی اوسکے خاندان کو پاش پاش کر سے اللہ تعالیٰ نے اوسکے خاندان کی سلطنت کو تھوڑے دنون مین بالکل نیست ونابود کردیا

معجزہ ۸۴ ابو داؤد اور بیہقی نے عاصم بن کلیب سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک انصاری کے جنازے پر تشریف لے گئے تھے بعد فراغت کے دفن سے اوس میت کی عورت نے آپ کی دعوت کی آپ اوسکے گھر تشریف لے گئے جب کھانا آیا اور آپنے کھانا شروع کیا سو ایک لقمہ آپنے مونہہ مین چبایا اور نگلا نہین پھر آپنے فرمایا کہ یہ ایسی بکری کی گوشت ہی کہ بغیر اجازت مالک کے لیگئی ہی اوس عورت صاحبخانہ نے کہلا بھیجا کہ مینے نقیع مین جہان بکریان بکتی ہین بکری خریدنے کو آدمی بھیجا وہان ملی پھر مینے ایک اپنے ہمسایہ کے پاس کہ اوسنے ایک بکری مول لی تھی آدمی بھیجا کہ وہ بکری بقیمت دیدے وہ گھر نہ ملا تب مینے اوسکی بی بی کے پاس آدمی بھیجا اوسنے وہ بکری بھیجدی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کھانے کو قیدیونکو کھلادو
ف قیدیون کو کھلانے کا اس لیے حکم دیا کہ وہ کفار تھے ایسے کھانے کے لائق تھے

معجزہ ۸۵ طبرانی نے معجم کبیر مین اور بزار نے ابن عمر سے روایت کی ہی کہ ایکبار مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد منیٰ مین بیٹھا تھا سو ایک شخص انصاری اور ایک شخص قبیلہ ثقیف مین سے آیا اور دونون نے سلام کیا اور عرض کیا ہم پوچھنے آئے ہین آپنے فرمایا کہ کہو تو مین بتادون جو تم پوچھنے آئے ہو یا تم خود بیان کرو انھون نے کہا کہ آپ ہی ارشاد کیجیے آپنے فرمایا کہ تم یہ بات پوچھنے آئے ہو کہ ہم اپنے گھر سے جو بقصد خانہ کعبہ نکلے اسمین ہمین کیا ثواب ہی اور بعد طواف کے دو رکعتونکا کیا ثواب ہی اور طواف بین الصفا والمروہ کا کیا ثواب ہی

Marfat.com

اور [illegible] گیا [illegible]
عرض کیا کہ [illegible] اور [illegible] کی [illegible]

معجزہ ۸۶ ابن عساکر نے [illegible]
وسلم کے حضور مین حاضر ہوا آپ اپنے اصحاب مین [illegible]
مین حلقے کے بیچ مین جا بیٹھا بعضے اصحاب نے مجھسے کہا [illegible]
بیٹھنا منع ہی آپنے فرمایا کہ اوسے بیٹھا رہنے دو مین جانتا ہون [illegible]
سے آیا ہی مینے عرض کیا کہ وہ کیا ہی آپنے فرمایا کہ تم اس بات کے پوچھنے کے لیے [illegible]
نکلے ہو کہ بِر کیا چیز ہی اور شک کیا چیز ہی مینے کہا کہ قسم ہی [illegible] کی [illegible]
بھیجا ہی اسی لیے گھر سے آیا ہون آپ نے فرمایا کہ بِر وہ چیز ہی کہ سینے مین ٹھہرے اور دل
اوسپر اطمینان حاصل ہو اور شک وہ چیز ہی کہ سینے مین نہ ٹھہرے سو تو شبہے والی بات چھوڑ کر
غیر شبہے والی بات اختیار کر اگرچہ مفتی لوگ تجھے فتوی دے دین **ف** واثلہ بن اسقع کو مقصود
پوچھنا ایسے امور کا تھا جنمین حکم صریح نہین اور تردد ہی کہ بھلی بات کون ہی اور بری بات
کون ہی سو آپنے ارشاد کیا کہ امور مشتبہہ مین اطمینان قلب مرد صالح کا اعتبار ہی جس پر اوسکو
اطمینان ہو وہ نیک ہی اور جسمین اوسے تذبذب ہو اوسکو چھوڑ دے

باب دوم بیان معجزات عالم ملائکہ مین

معجزہ ۸۷ صحیحین مین حضرت سعد بن ابی وقاص سے روایت ہی کہ اونھون نے
کہا کہ مینے روز اُحد کے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی داہنی طرف اور بائین
طرف دو شخص سفید پوش دیکھے کہ خوب قتال کرتے تھے اور اونھین مینے نہ پہلے کبھی
نہین دیکھا تھا اور نہ بعد اسکے بھی نہین دیکھا یعنی جبرئیل و میکائیل **ف** اللہ تعالی نے جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کے لیے اکثر غزوات مین فرشتے [illegible]
پانچ ہزار فرشتے مدد کو آئے تھے چنانچہ کلام اللہ مین ہی [illegible]
اور جنگ اُحد مین بھی فرشتون نے مدد کی چنانچہ جبرئیل و میکائیل کو حضرت سعد [illegible]

معجزہ ۸۸ صحیح مسلم مین حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے [illegible]

شخص مسلمانون مین سے پیچھے ایک شخص کے مشرکون مین سے دوڑتا تھا کہ ناگاہ اوسنے ایک کوڑے مارنے کی آواز سنی اور ایک سوار کی کہ اوسنے کہا بڑھ ای حیزوم سو کیا دیکھتا ہی کہ وہ مشرک آگے اوسکے چت گر پڑا ہی اور ناک اوسکی ٹوٹ گئی ہی اور مونہہ پھٹ گیا ہی کوڑے کی مار سے اور یہ سب جگہہ سبز ہوگئی ہی وہ شخص مسلمان انصاری تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین اوسنے اس واقعے کو بیان کیا آپ نے فرمایا کہ تو سچ کہتا ہی یہ آسمان سوم کی مدد مین کا فرشتہ تھا **ف** حیزوم فرشتے کے گھوڑے کا نام ہی

معجزہ ۸۹ ابن اسحق اور بیہقی نے ابو واقد لیثی سے روایت کی ہی کہ مین روز بدر ایک مشرک کے پیچھے واسطے قتل اوسکے کے جھپٹا سو قبل اسکے کہ میری تلوار اوس تک پہونچے اوسکا سر گر پڑا اور حاکم اور بیہقی اور ابو نعیم نے سہل بن حنیف سے روایت کی ہی کہ اونھون نے کہا کہ ہمنے روز بدر دیکھا کہ ہم اشارہ تلوار کا کسی مشرک کی طرف کرتے تھے سو قبل اسکے کہ تلوار اوسکے سر تک پہونچے سر اوسکا کٹ کے گر پڑتا تھا **ف** یہ صورت باین سبب ہوئی کہ ملائکہ جو غزوہ بدر مین واسطے مدد مسلمانون کے اوترے تھے کافرون کو قتل کرتے تھے

معجزہ ۹۰ بیہقی نے ابو بردہ بن نیار سے روایت کی ہی کہ اونھون نے کہا کہ مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین تین سر لایا اور مینے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انمین سے دو کو تو مینے قتل کیا ہی اور تیسرے کا یہ حال ہی کہ مینے ایک مرد سفید رنگ دراز قامت دیکھا کہ اوسنے اوسے مارا سو مینے اوسکا سر اوٹھا لیا آپ نے فرمایا کہ وہ فلانا فرشتہ تھا

معجزہ ۹۱ بیہقی نے سائب بن ابی حبیش سے روایت کی ہی کہ وہ کہتے تھے کہ قسم ہی خدا کی مجھے کسی آدمی نے روز بدر اسیر نہین کیا تھا جبکہ قریش شکست کھا کر بھاگے مین بھی بھاگا سو ایک مرد سفید رنگ دراز قامت نے کہ ایک گھوڑے پر درمیان آسمان اور زمین کے سوار تھا مجھے باندھکر چھوڑ دیا اور عبد الرحمن بن عوف آئے اونھون نے مجھے بندھا ہوا پایا سو اونھون نے لشکر مین پکارا کہ اسے کسنے باندھا ہی کسی نے نہ بتایا کہ مینے باندھا ہی یہان تک کہ وہ مجھے لیکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین لے گئے آپ نے مجھسے پوچھا کہ تجھے کسنے اسیر کیا ہی مینے کہا کہ مین نہین پہچانتا ہون اور جو بات مینے دیکھی تھی

اوس کا ظاہر کرنا مجھے اچھا نہ معلوم ہوا آپ سے ...

ف بایں جہت کہ سائب بن ابی حبیش نے جنگ ...

کہ فرشتے کا دیکھنا بیان کریں اسواسطے کہ اس سے حقیقت ... اسلام کی ...

معجزہ ۹۲ امام احمد اور ابن سعد اور ابن جریر نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے
اور بیہقی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ عباس کو جنگ بدر میں ابوالیسر نے اسیر
کیا تھا اور ابوالیسر حقیر اور کم زور آدمی تھا اور عباس موٹے قوی تھے سو جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوالیسر سے پوچھا کہ تم نے عباس کو کیسے اسیر کیا انہوں نے
عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اونکے اسیر کرنے پر مجھے ایک شخص نے مدد کی کہ نہ میں نے اوسکو
نہ پہلے دیکھا تھا اور نہ پھر کبھی دیکھا آپ نے فرمایا کہ تمھاری مدد کی عباس کے اسیر کرنے پر ایک ملک کریم نے

معجزہ ۹۳ بیہقی نے روایت کی ہے کہ سہیل بن عمرو نے بیان کیا کہ میں نے جنگ بدر میں کچھ لوگ گورے
چٹے ابلق گھوڑوں پر سوار ایسے دیکھے کہ اونکا مقابلہ کوئی نکر سکے انتہی سہیل بن عمرو کو فرشتے نظر
پڑے جو جنگ میں اترے تھے ف یہ معجزات مشاہدہ ملائکہ غزوہ بدر میں جو مذکور ہوئے قرآن مجید میں بھی مذکور ہیں

معجزہ ۹۴ مسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت
میں بیٹھے تھے سو یکبارگی ایک شخص نمودار ہوا کپڑے اوسکے بہت سفید تھے اور بال اوسکے
خوب سیاہ اور کوئی علامت سفر کی اوسمیں پائی نہیں جاتی تھی اور ہم میں سے کوئی اوسکو
پہچانتا بھی تھا سو وہ شخص آپکے پاس آکے بیٹھ گیا اور اپنے دونوں زانو آپ کے دونوں زانو سے
متصل کر دیے اور اپنے دونوں کف دست آپکے دونوں زانو پر رکھ دیے اور کہا یا محمد
صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بتاؤ کہ اسلام کسے کہتے ہیں آپ نے فرمایا اسلام اسے کہتے ہیں کہ گواہی
دو کہ کوئی لائق عبادت کے نہیں مگر اللہ اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر خدا کے ہیں
اور نماز پڑھو اور زکوۃ دو اور رمضان کے روزے رکھو اور حج خانہ کعبہ کا کرو اگر قدرت
ہو وہاں تک پہونچنے کی اوس شخص نے کہا کہ سچ کہتے ہو سو ہم کو تعجب ہوا کہ آپ سے پوچھتا
بھی ہے اور تصدیق بھی کرتا ہے یعنی پوچھنا تو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ شخص واقف نہیں اور
یہ کہنا کہ سچ کہتے ہو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ شخص واقف ہی ہے سو اس شخص نے کہا

Marfat.com

کہ مجھے بتائیے کہ ایمان کسے کہتے ہین آپنے فرمایا کہ ایمان اسے کہتے ہین کہ ایمان لاؤ تم اللہ پر اور اللہ کے فرشتون پر اور اللہ کی کتابون پر اور اللہ کے رسولون پر اور روز قیامت پر اور ایمان لاؤ کہ اللہ نے ہر نیکی بدی کو پہلے سے مقدر کر رکھا ہی اوس شخص نے کہا کہ سچ کہتے ہو پھر اوس شخص نے کہا کہ مجھے بتلائیے احسان کیا ہی آپنے فرمایا کہ احسان اسے کہتے ہین کہ خدا کی عبادت کرو تم اسطرح کہ گویا خدا کو دیکھتے ہو اور جو ایسا حال نہو تو اسطرح کہ گویا خدا تمھین دیکھتا ہی اوس شخص نے کہا کہ سچ کہتے ہو پھر اوس شخص نے کہا کہ مجھے بتائیے کہ قیامت کب آوے گی آپنے فرمایا کہ اس بات مین پوچھا گیا پوچھنے والے سے زیادہ نہین جانتا یعنی اس بات مین مجھے تم سے زیادہ علم نہین پھر اوس شخص نے کہا علامتین قیامت کی بیان فرمائیے آپنے فرمایا کہ ایک نشانی ہی کہ لونڈی اپنی بی بی کو جنے یعنے کنیزک زادون کی کثرت ہوگی جو لڑکا کہ مالک سے اور لونڈی سے پیدا ہوتا ہی وہ آزاد ہوتا ہی سو جو لڑکی اسطرح پیدا ہوگی وہ بی بی ہوگی ہم رتبہ اپنے باپ کے اور مان اوسکی لونڈی ہی اور آپنے فرمایا کہ ایک علامت یہ ہی کہ جو لوگ ننگے پانون ننگے بدن مفلس ہین اور بکریان چگاتے ہین لنبی لنبی عمارتین بناوین پھر وہ شخص چلا گیا پھر تھوڑی دیر گذری تب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھسے پوچھا کہ ای عمرؓ تم جانتے ہو کہ یہ پوچھنے والا کون تھا مینے کہا کہ خدا و خدا کا رسول خوب جانتا ہی آپنے فرمایا کہ یہ جبرئیل تھے سائل بنکر اس وضع پر آئے تھے تاکہ تم لوگون کو تمھارے دین کی باتین سکھاوین انتہی یہ حدیث ان الفاظ کر صحیح مسلم مین مذکور ہی اور اصل مضمون صحیح بخاری مین بھی ہی اور اکثر کتب احادیث اور صحیحین مین بروایت ابو ہریرہؓ بھی وارد ہی اور اوس روایت مین ہی کہ جب وہ شخص چلا گیا اوسی وقت آپنے فرمایا کہ اس شخص کو پھیر لاؤ لوگ اوس شخص کے پیچھے گئے سو کوئی آدمی نہ دیکھا

معجزہ ۹۵ صحیح مسلم مین عمران بن حصینؓ سے روایت ہی کہ مجھے ملائکہ سلام کرتے تھے یہان تک کہ مینے بیماری مین بدن داغا تو ملائکہ نے مجھپر سلام کرنا چھوڑ دیا پھر مجھے ملائکہ سلام کرنے لگے اور صحیح ترمذی مین ہی کہ عمران بن حصینؓ کے گھر مین لوگ سنتے تھے کہ کوئی سلام کرتا ہی اور کسی سلام کرنے والے کو نہین دیکھتے تھے **ف** نسیم الریاض مین ہی کہ کتب معتمدہ مین

مصافحہ کرنا ملائکہ کا بھی ساتھ عمران بن حصین کے کہا ہی [illegible] عمران بن
حصین کو بواسیر تھی اوسی کے علاج کے لیے اونھون نے بدن داغا تھا اونھون [illegible]
صابر اور متوکل تھے اس علاج مین ترک توکل پایا گیا اس سبب سے ملائکہ نے سلام کرنا چھوڑ دیا
معجزہ ۹۶ بیہقی نے دلائل النبوۃ مین اور ابن سعد نے طبقات مین عمار بن یاسر سے روایت کی ہی
کہ حضرت حمزہؓ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین عرض کیا کہ مجھے جبرئیل کو اونکی اصل صورت پر دکھا دو
آپنے فرمایا کہ تم دیکھ نہ سکو گے اونھون نے کہا کہ آپ دکھا دیجیے آپنے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ وہ بیٹھ گئے اور حضرت جبرئیل کعبے
اوترے آپنے حضرت حمزہؓ سے فرمایا کہ نگاہ اوٹھاؤ اونھون نے نگاہ اوٹھا کر دیکھا حضرت جبرئیل کا جسم مانند زبرجد
اخضر کے سو غش کھا کر گرے **معجزہ ۹۷** ترمذی نے ابن عباس سے روایت کی ہی کہ اونھون نے جبرئیل کو دو بار
دیکھا یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس **معجزہ ۹۸** صحیحین مین اسامہ بن زید سے روایت ہی
کہ اونھون نے جبرئیل کو دیکھا یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین **معجزہ ۹۹** مسلم نے ابوہریرہؓ سے
روایت کی ہی کہ ابوجہل نے کہا کہ قسم لات وعزی کی جو مین محمد کو دیکھونگا مونھ کو خاک آلودہ کرتے یعنی نماز مین سجدہ
کرتے تو مین انکی گردن کو پانون سے کھوند ڈالونگا سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھتے تھے وہ اسی ارادے پر آیا
پھر یکبارگی اولٹے پانون پھرا ہاتھون سے کسی چیز کو روکتا ہوا لوگون نے اوس سے پوچھا کہ تجھے کیا ہوا اوس نے کہا
کہ بیچ اپنے اور محمد کے درمیان مین ایک خندق آگ کی دیکھی اور بہت ڈر کی بات اور پر یعنی فرشتون کے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو مجھہ سے متصل ہوتا تو فرشتے اوس کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے لے جاتے
معجزہ ۱۰۰ صحیحین مین ابوسعید خدریؓ سے روایت ہی کہ اسیدؓ بن حضیر رضی اللہ عنہ ایک
رات اپنے مکان مین سورہ بقر پڑھتے تھے اور گھوڑا اونکا اون کے متصل بندھا تھا سو
یکبارگی وہ گھوڑا اوچھلنے کودنے لگا وہ چپ ہو رہے گھوڑا ٹھہر گیا پھر اونھون نے پڑھنا
شروع کیا پھر گھوڑا کودنے لگا پھر وہ چپ ہو رہے پھر وہ ٹھہر گیا پھر اونھون نے پڑھنا شروع
کیا پھر گھوڑا کودنے لگا سو اونھون نے نماز سے سلام پھیرا اور بیٹا اونکا یحیی گھوڑے سے
متصل تھا اونھین ڈر ہوا کہ وہ گھوڑا اوس لڑکے کو کچھ صدمہ نہ پہونچاوے سو اوس
لڑکے کو وہان سے اوٹھا لیا اور سر آسمان کی طرف اوٹھایا دیکھا کہ ایک چیز مثل سایبان
کے ہی اور اوسمین چراغان سے روشن ہین جب صبح ہوئی یہ سب حال اونھون نے آنحضرت صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم کے حضور مین عرض کیا آپنے فرمایا کہ قرآن پڑھتے رہو ای ابن حضیر قرآن پڑھتے رہو
ای ابن حضیر او نھون نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین ڈرا کہ کہین گھوڑا یحییٰ کو کچل
ڈالے کہ وہ گھوڑے سے قریب تھا جب مین اوسکے پاس گیا اور سر آسمان کی طرف اوٹھایا تو
مینے مثل سائبان کے دیکھا کہ اوسمین چراغان سے تھے سو مین اونکو دیکھتا رہا یہان تک وہ اونچے
ہو کے غائب ہوگئے آپنے پوچھا کہ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا اسیدنے کہا کہ نہین آپنے فرمایا کہ وہ فرشتے
تھے کہ تمھاری آواز سنکر قریب ہوئے تھے اگر تم پڑھتے رہتے تو صبح کو لوگ اونھین دیکھتے

باب تیسرا بیان معجزات عالم انسان مین

اِس باب مین چار فصلین ہین فصل اول معجزات متعلقہ بظہور برکات و ہدایت فصل دوم
معجزات متعلقہ بشفاے مرضی و آفت رسیدگان فصل سوم معجزات متعلقہ باحیاے موتی
فصل چہارم معجزات متعلقہ بقہر بے ادبان و محفوظی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از شر اعدا

فصل اول معجزات متعلقہ بظہور برکات و ہدایت

معجزہ ۱۰۱ صحیح مسلم مین ابو ہریرہؓ سے روایت ہی کہ اونھون نے کہا کہ مین اپنی مان کو
اسلام کی طرف دعوت کرتا تھا اور وہ مشرک تھی ایکدن مینے اوس سے اسلام کے لیے کہا
اوسنے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین کلمہ بے ادبی کہا مجھے بہت ناگوار ہوا
اور مین روتا ہوا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آیا اور مینے کہا کہ ای رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم دعا فرمایئے کہ خداے تعالی میری مان کو ہدایت کرے آپ نے دعا کی
اَللّٰھُمَّ اھْدِ اُمَّ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ یا اللہ ہدایت کر ابو ہریرہ کی مان کو مین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کی دعا سنکر خوش ہوتا ہوا اپنے گھر آیا دیکھا دروازہ بند ہی اور میری مان نے
میرے پانوٗن کی آواز سنکر کہا کہ وہین ٹھہرو ای ابو ہریرہؓ اور پانی گرنے کی آواز
سو میری مان نے نہا کے اور کپڑے پہن کے دروازہ کھولا اور کہا
اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ مین دوسری مرتبہ خوشی کے مارے
سے روتا ہوا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آیا اور اپنی مان کے اسلام کی خبر دی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حمد الہی بجا لائے **ف** ... اللہ کیا لطف ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی

تاثیر کی اور کیا تصرف آپکا ابوہریرہ کی ماں کے دل مین تھا ہر چند کہ والدہ ابوہریرہ جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کو برا کہتی تھی یا جھٹ پٹ نہا کے مسلمان ہو گئی اور آپکی رسالت کی گواہی دی

معجزہ ۱۰۲ صحیحین مین ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ اونھون نے بیان کیا کہ تم لوگ کہتے ہو کہ
ابوہریرہؓ نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت روایتین کی ہین اور اللہ جل جلالہ کا وعدہ
ہے یعنی جسدن اللہ سے ملاقات ہوگی اوسدن ظہور اوس وعدے کا ہوگا جو مجھ پر حدیث
کے روایت کرنے مین وارد ہی حال یہ ہے کہ ہمارے بھائی مہاجرین کاروبار تجارت مین مشغول
رہتے تھے اور ہمارے بھائی انصار کاروبار زراعت مین اور مین ایک مرد مسکین تھا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین اپنی شکم پری پر حاضر رہتا تھا یعنی کچھ فکر تجارت
اور زراعت نہین رکھتا تھا روٹی جو ملی کھالی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر
رہا سو ایکدن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی اپنا کپڑا پھیلائے رہے جب تک
کہ مین یہ کلام پورا کرون اور بعد اسکے اوس کپڑے کو اکٹھا کر کے اپنے سینے سے لگا لے
تو وہ شخص کبھی میری حدیث نہ بھولے گا ابوہریرہؓ کہتے ہین کہ مینے اپنی کملی پھیلا دی اور جب
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوس کلام کو پورا کر چکے تب مینے اوسے اکٹھا کر کے اپنے سینے سے
لگا لیا سو قسم ہے اوس ذات پاک کی کہ جسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سچا دین دیکر بھیجا کہ مین کبھی
آپکے کسی کلام کو نہین بھولا **ف** شیخ عبدالحق دہلوی نے ترجمہ مشکوۃ شریف مین اوس کلام کی
شرح مین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسوقت کہا لکھا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
اوسوقت دعا کی تھی اپنی امت کے لیے کہ جو کوئی میری حدیثین سنے یاد رکھے اور کبھی نہ بھولے

معجزہ ۱۰۳ بیہقی نے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حنظلہؓ بن حذیم
کے سر پر ہاتھ رکھا اور اونکے حق مین دعاے برکت کی سو یہ حال ہو گیا کہ کسی آدمی کے مونہہ مین
ورم ہوتا یا کسی بکری کے تھن مین ورم ہوتا اور وہ ورم والا محل ورم کو حنظلہ کے سر مین
موضع مس جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لگا دیتا تو صاف وہ ورم جاتا رہتا **ف** حذیم
بکسر حاے مہملہ وسکون ذال معجمہ وفتح یاے مثنات تحتانیہ نام والد حنظلہ کا ہے اور وہ اور باپ اونکے حنیفہ
بھی صحابی تھے اور حنظلہ ساتھ اپنے باپ اور دادا کے صغر سن مین آپکے حضور مین حاضر ہوئے تھے

Marfat.com

معجزہ ۱۰۴ طبرانی نے روایت کی ہی کہ عائذ بن عمرو جنگ حنین مین زخمی ہوئے تھے سو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے مونہہ سے خون پونچھا اور اونکے حق مین دعا کی سو اونکی پیشانی آپکے دست مبارک کے اثر سے روشن ہو گئی اور ہمیشہ اوتنی جگہہ روشن رہی

معجزہ ۱۰۵ بیہقی نے عمرو بن ثعلبہ جہنی سے روایت کی ہی کہ مینے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیالہ مین ملاقات کی اور مسلمان ہوا آپنے میرے مونہہ پر ہاتھ پھیرا سو حال ہوا کہ عمرہ سو برس کے ہو کر مرے اور جس جگہہ اونکے سر اور داڑھی پر دست مبارک پونچھا تھا وہانکے بال سفید نہوئے **ف** سیالہ بروزن سجادہ بسین مہملہ و یا تحتانیہ و لام ایک موضع ہی قریب مدینہ منورہ کے

معجزہ ۱۰۶ ابن عبد البر نے استیعاب مین روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہاتے تھے اوسوقت زینب بنت ام سلمہ آئین آپنے اونکے مونہہ پہ پانی چھڑک دیا اوسکی برکت سے ہمیشہ رونق جوانی کی اونکے چہرے مین رہی نہایت بڈھی ہو گئین تب بھی جمال جوانی کا اونکے چہرے سے نگیا

معجزہ ۱۰۷ صحیحین مین جریر بن عبد اللہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھسے واسطے خراب کرنے بتخانہ ذی الخلصہ کے ارشاد فرمایا اور میرا یہ حال تھا کہ گھوڑے کی پیٹھ پر نہین ٹھہر سکتا تھا سواری مین اکثر گر پڑتا تھا مینے یہ حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین عرض کیا آپنے میرے سینے پر ہاتھ مارا اور فرمایا کہ یا اللہ اسکو ثابت رکھہ اور اسکو ہادی و مہدی کر جریر کہتے ہین کہ مین اوسدن سے کبھی گھوڑے پر سے نہین گرا اور ڈیڑہ سو سوار اپنے ساتھہ لیگیا اور بتخانہ ذی الخلصہ کو توڑ ڈالا اور جلا دیا

معجزہ ۱۰۸ ابو داؤد نے عبد اللہ بن عمرو سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روز بدر کے تین سو پندرہ آدمی کے ساتھہ نکلے اور آپنے فرمایا کہ یا اللہ یہ لوگ ننگے پانؤن ہین انکو سواری دے یا اللہ یہ لوگ ننگے بدن ہین انکو کپڑا دے یا اللہ یہ لوگ بھوکے ہین انکا پیٹ بھر دے سو اللہ تعالی نے فتح دی اور جب وہانسے پھرے تو کوئی آدمی نتھا کہ جسکے پاس ایک اونٹ یا دو اونٹ نہون اور سبھون نے کپڑے پائے اور سبھون کا پیٹ بھرا **ف** اگرچہ اس روایت مین تین سو پندرہ آدمی ہین مگر مشہور یہ ہی کہ تین سو تیرہ آدمی تھے ستتر مہاجرین مین سے اور دو سو چھتیس انصار مین سے

معجزہ ۱۰۹ ترمذی اور دارمی نے روایت کی ہی کہ سمرہ بن جندب نے کہا کہ ہم ساتھہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک پیالے مین سے نوبت بنوبت صبح سے رات تک کھاتے تھے دس آدمی بیٹھتے

Marfat.com

تھے جب کھا چکتے تب سو آدمی اور آتے تھے لوگون نے پوچھا کہ اوس پیالے ...
اونھون نے کہا کہ کونسی بات کا تمھین تعجب ہی اور آسمان کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ وہان سے
معجزہ ۱۰ صحیح بخاری مین انس رضہ سے روایت ہی کہ میری مان نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمھارا خادم انس ہے اسکے واسطے خداے تعالی سے دعا کر
آپنے فرمایا کہ یا اللہ انس کو بہت مال دے اور بہت اولاد دے اور جو کچھ تو نے اوسے دیا ہی اوسمین
برکت کر انس رضہ کہتے ہین کہ قسم خدا کی میرے پاس مال بہت ہی اور میری بیٹی بیٹون کی اولاد بازین
کثرت ہی کہ آج قریب سو کے اونکی شمار پہونچتی ہی **ف** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے ایسی کچھ
کثرت مال اور اولاد مین حضرت انس رضہ کے ہوئی اور یہان تک برکت ہوئی کہ ابن جوزی نے روایت کی
ہی کہ درختانِ انگور حضرت انس رضہ کے ایک برس مین دو بار پھل لاتے تھے
معجزہ ۱۱ طبرانی نے ابو امامہ رضہ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کھانا کھاتے تھے ایک چھوکری نے آپ سے کھانا مانگا آپ اپنے آگے سے دینے لگے
اوس نے کہا کہ مین آپ کے مونہہ مین سے مانگتی ہون آپنے دہانِ مبارک کا کھانا اوسے دیا
اور وہ چھوکری بہت بے حیا تھی جو ہین آپ کے دہانِ مبارک کا کھانا اوسکے پیٹ مین گیا اللہ تعالی نے
اوسے ایسی حیا عنایت فرمائی کہ مدینے مین اوس سے زیادہ پھر کوئی حیا والی عورت نہ تھی
معجزہ ۱۲ بیہقی نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبد الرحمن
بن عوف رضہ کے لیے دعا کی کہ خداے تعالی اونکے مال مین برکت کرے عبد الرحمن بن عوف رضہ کہتے
ہین کہ مین اگر پتھر اوٹھاتا تھا تو مجھے امید ہوتی تھی ببرکتِ دعاے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کے کہ اوسکے تلے سونا ملے گا **ف** حضرت عبد الرحمن بن عوف رضہ ببرکت دعاے جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اتنے مالدار ہوے کہ جب اونکا انتقال عہد حضرت عثمان رضہ مین ہوا تو پھاوڑون
سے سونا کھود کر اونکے وارثون مین تقسیم ہوا تھا اور کھودنے والے کھودتے کھودتے
تھک گئے تھے اور اونکی چار زوجہ تھین اونمین سے ایک کو کہ نام اوس کا تماضر تھا اور
وہ قبیلہ بنی کلب سے تھی عبد الرحمن بن عوف رضہ نے مرضِ موت مین اوسے طلاق دی تھی سو عوض
ربع ثمن کے جو اوسے بحسب فرائض پہونچتا تھا اوس سے اور ورثہ نے کچھ اوپر اسّی ہزار دینار

پر مصالحہ کیا اور پچاس ہزار دینار فی سبیل اللہ خرچ کرنے کو عبدالرحمن بن عوفؓ نے وصیت کی اور
ایک باغ ازواج طاہرات کو دے مرے کہ چار لاکھ کی قیمت کا تھا اور بہت سے صدقات اور خیرات
لکھوکھا روپے کے اونھون نے کیے اور یہ سب برکت دعاے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوا

معجزہ ۱۱۳ بیہقی اور طبرانی نے ابو ایوب انصاری سے روایت کی ہی کہ اونھون نے جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور حضرت ابو بکرؓ کے لیے کھانا پکوایا بقدر اونھین دونون صاحبون
کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونسے فرمایا کہ تیس آدمیون کو شرفاے انصار مین سے بلالو
سو اونکو بلایا اور سبھون نے کھایا اور کھانا بچ رہا پھر آپنے فرمایا کہ ساٹھ آدمیونکو بلالو ساٹھ
آدمی اور آئے اور اونھون نے بھی کھانا کھایا اور بچ رہا پھر آپنے فرمایا کہ نوّے آدمی اور بلالو نوّے آدمی
اور آئے اور اونھون نے بھی کھانا کھایا اور بچ رہا ابو ایوبؓ کہتے ہین کہ سبھون نے خوب سیر ہوکر کھایا
اور سب مسلمان ہوئے اور سبھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کی ابو ایوبؓ
کہتے ہین کہ سب ایک سو اسی آدمیون نے اوس دن اوس کھانے مین سے کھایا یعنی ڈیڑھ سو تو اور
ہوئے اور تیس اور **ف** یہ قصہ اوائل ہجرت مین واقع ہوا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور
حضرت ابو بکر صدیقؓ ابو ایوبؓ کے گھر ٹھہرے تھے اور تب تک سب انصار مسلمان ہوچکے تھے

معجزہ ۱۱۴ صحیحین مین حضرت عبدالرحمن بن ابی بکرؓ سے روایت ہی کہ ہم ساتھ جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سو تیس آدمی تھے ایک صاع یعنی ساڑھے تین سیر آٹا گوندھا گیا اور
ایک بکری حلال کی گئی اور اوسکی کلیجی بھونی گئی سو قسم خدا کی کہ ہر آدمی کو ہم ایک سو تیس
مین سے اوس کلیجی کی بوٹی پونہچی بعد اوسکے آپ نے اوس بکری کے گوشت کو
دو بڑے پیالون مین بھروایا سو ہم سب نے خوب سیر ہوکے کھایا اور اون پیالون مین بچ رہا

معجزہ ۱۱۵ مسلم اور ابن ابی شیبہ اور طبرانی نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے مجھے حکم دیا کہ اہل صفہ کو بلالو مینے سب کو اکٹھا کیا سو ہمارے سامنے ایک پیالہ رکھا گیا سو ہم نے
جتنے کھایا اور وہ پیالہ ویسا ہی رہا جیسا تھا سواے اسکے کہ اوسمین نشان اونگلیون کے ہو گئے تھے
ف صفہ کہتے ہین دالان کو سو مسجد شریف کے متصل ایک دالان تھا کہ اوسمین فقراے اصحاب
جنکے گھر بار نتھا جیسے ابو ہریرہؓ اور سلمانؓ اور ابوذرؓ رہا کرتے تھے ابو نعیم محدث نے لکھا ہی کہ اونکی

صدقہ کچھ اوپر سو آدمی تھے اور عوارف المعارف مین لکھا ہی کہ چھکم ... تھے

معجزہ ۱۱۶ امام احمد اور بیہقی نے حضرت علیؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اولاد عبد المطلب کی دعوت کی اور وہ چالیس آدمی تھے اون مین سے کچھ لوگ ایسے تھے کہ ایک آدمی ایک بکری کو کھا جاوے اور سات آٹھ سیر دودھ پی جاوے اور آپنے تو مد ... پکوایا اوس سے سبھون نے سیر ہو کے کھایا اور بچ رہا پھر آپ نے ایک بڑا پیالہ دودھ کا منگوایا جسمین بقدر تین چار آدمیون کے پینے کے لائق دودھ سماتا تھا اور سبھون نے اوس پیالے مین سے سیراب ہو کے پیا اور دودھ اوس پیالے مین ویسا ہی رہا گویا کسی نے پیا ہی نہین

معجزہ ۱۱۷ ابن سعدؒ نے امام زین العابدینؒ سے روایت کی ہی کہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا نے ایکبار ایک ہانڈی دن کے کھانے کے لیے پکائی حضرت علیؓ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بُلانے کو بھیجا کہ دِن کا کھانا اونکے ساتھ کھاوین آپنے حکم دیا کہ ایک ایک پیالہ اوس ہانڈی مین سے نکال کے آپکی سب ازواج طاہرات کو پونہچادین اور پھر ایک پیالہ اپنے لیے اور ایک حضرت علیؓ کے لیے اور ایک حضرت فاطمہؓ کے لیے نکلوایا پھر ہانڈی کو جو اوٹھایا تو وہ لبریز تھی حضرت بی بی فاطمہ کہتی ہین کہ ہمارے سب گھر نے اوس ہانڈی مین سے کھایا جتنا خدا نے چاہا

معجزہ ۱۱۸ بیہقی نے دلائل النبوۃ مین روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو قتادہؓ کے حق مین دعا کی اَفلَحَ وَجہُکَ اَللّٰھُمَّ بَارِک لَہُ فِی شَعرِہٖ وَ بَشَرِہٖ یعنی فلاح والا ہووے مونہہ تیرا یا اللہ برکت دے اوسکے بالون مین اور اوسکی جلد بدن مین سو ابو قتادہ ستر برس کے ہو کے مرے اور کوئی بال اونکا سفید نہین ہوا تھا اور بدن مین ذرا تغیر نہین آیا تھا چہرے پر جوانی کی سی رونق تھی یہ معلوم ہوتا تھا گویا پندرہ برس کے ہین

معجزہ ۱۱۹ ترمذی اور بیہقی نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کے حق مین دعا کی کہ خدا تعالیٰ اونکی دعائین قبول کرے سو اونھون نے جو دعا کی سو قبول ہوئی

معجزہ ۱۲۰ صحیحین مین ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے حق مین دعا کی کہ الٰہی اونکو سمجھ درست دے دین مین اور سکھا انکو تفسیر سو برکت دعا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونکو بہت علم ہوا کہ حبر کہلائے اور علم تفسیر مین ایسا کمال ہوا کہ ترجمان القرآن کہلائے

معجزہ ۱۱۶ ... تفسیر بغوی اور مدارک مین بھی چالیس آدمی لکھے ہین ۱۲

معجزہ ۱۱۷ ... اللہ ...

معجزہ ... ابو قتادہ حارث بن ربعی انصاری صحابی ۱۲ ... الارب

معجزہ ۱۱۸ ... ترجمان ...

... سعد بن ابی وقاص ...

معجزہ ۱۱۹

معجزہ ۱۲۰

Marfat.com

معجزہ ۱۲۱ بیہقی نے عمرو بن حریث سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن جعفر کے لیے دعا کی کہ خدا تعالی اونکی خرید و فروخت مین برکت کرے سو اونکا ایسا حال ہوا کہ جو چیز خریدتے تھے اوسمین فائدہ کامل اوٹھاتے تھے

معجزہ ۱۲۲ بیہقی نے دلائل النبوۃ مین اور ابو نعیم نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقداد کے حق مین دعاے برکت کی وہ ایسے مالدار ہوگئے کہ مال کے غرارے اونکے ہان تھے ف ضُباعہ بنت زبیر زوجہ مقداد نے بیان کیا کہ مقداد ایک دن واسطے قضاے حاجت کے باہر گئے تھے سو وہ بیٹھے تھے کہ ایک چوہا سوراخ مین سے ایک دینار لے کے نکلا اور اونکے سامنے رکھ گیا اور پھر ایک اور دینار لے آیا اسیطرح سترہ دینار لایا مقداد اون سب دینارونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین لے آئے اور حال بیان کیا آپنے پوچھا کہ تمنے سوراخ مین ہاتھ تو نہین ڈالا تھا اونھون نے کہا کہ نہین قسم ہی مجھے اوس ذات کی جسنے تمھین سچا پیغمبر کیا ہی آپنے فرمایا کہ صدقہ ہی اللہ کا خدا تمھارے لیے اسمین برکت کرے ضباعہ کہتی ہین کہ اون دینارون مین سے آخر دینار ختم نہین ہونے پایا تھا کہ مینے غرارے چاندی کے مقداد کے گھر مین دیکھے

معجزہ ۱۲۳ بخاری اور دارقطنی اور امام احمد نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عروہ بن ابی الجعد بارقی کے لیے دعاے برکت کی عروہ نے کہا کہ میرا یہ حال ہوا کہ کناسہ مین جا کھڑا ہوتا تھا سو نہین پھرتا تھا وہان سے یہان تک کہ چالیس ہزار نفع کے حاصل کر لیتا تھا اور بخاری نے اس حدیث مین ذکر کیا ہی کہ عروہ کا یہ حال تھا کہ اگر مٹی خریدکرتے اوسمین بھی اونھین نفع ہوتا ف کناسہ نام ہی ایک بازار کا کوفے مین

معجزہ ۱۲۴ بیہقی اور ابن ماجہ نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کے حق مین دعا کی تھی کہ اونھین سردی اور گرمی کی تکلیف نہ پونہچے سو حضرت علی کا یہ حال تھا کہ گرمیون مین جاڑون کے کپڑے پہنتے تھے اور جاڑون مین گرمیون کے اور اونھین کچھ تکلیف نہ

معجزہ ۱۲۵ بیہقی نے عمران بن حصین سے روایت کی ہی کہ عمران نے کہا کہ مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر تھا حضرت بی بی فاطمہ تشریف لائین اور آپکے سامنے کھڑی ہوئین آپ نے اونکی طرف دیکھا کہ بسبب بھوک کے چہرہ اونکا زرد ہو رہا تھا آپ نے

اونکے سینے پر ہاتھ رکھا کالا ... [illegible]

فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بلند ہوئے یعنی بھوک اونکی ... [illegible]

مبارک حضرت بی بی فاطمہ کا سرخ اور روشن ہو گیا ... [illegible]

اونکی خدمت مین حاضر ہوا اونھون نے مجھ سے فرمایا کہ ... مجھے پھر کبھی بھوک ... [illegible]

ف بیہقی نے بعد روایت اس حدیث کے کہا ہی کہ یہ قصہ ما قبل نزول آیت حجاب کا ہی

معجزہ ۱۲۶ بیہقی اور ابن جریر نے روایت کی ہی کہ طفیل بن عمرو نے جناب رسول

صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ مجھے کوئی معجزہ عنایت ہو تا کہ میری قوم اوس معجزے

دیکھکر میرے ساتھ ایمان لے آوے آپ نے دعا کی کہ یا اللہ طفیل کے لیے ایک نور ظاہر

کر اسکے ساتھ سے ہے سو اونکی پیشانی مین درمیان دونون آنکھون کے ایک نور ظاہر ہو گیا پھر طفیل نے

کہا کہ یا اللہ مجھے ڈر لگتا ہی کہ کہین میری قوم یہ نہ کہین کہ اسکے چہرے پر سفید داغ ہی سو وہ نور

اونکے کوڑے کے کنارے پر منتقل ہو آیا اور رات مین اونکا کوڑا مانند چراغ کے چمکتا تھا

اور اونکا نام ذو النور ہو گیا **ف** ابن عبد البر نے ابن عباس سے مفصل قصہ طفیل کا یون

روایت کیا ہی کہ طفیل اپنی قوم مین سردار تھا اور اوسکی قوم اوسکی مطیع تھی اور شاعر تھا کہ شعر خوب

کہتا تھا مکے مین وارد ہوا قریش نے اوس سے جا کے کہا کہ تو اپنی قوم کا سردار ہی ہمین ڈر ہی

کہ یہ شخص یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجھسے ملاقات کر کے تجھے بہکا نہ دے اسکے سبب سے

درمیان مرد کے اور اوسکی جورو کے اور اولاد کے جدائی ہو جاتی ہی طفیل کہتے ہین کہ مجھے

یہان تک اونھون نے ڈرایا کہ مینے جب قصد کیا مسجد حرام مین جانے کا جہان جناب رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم تشریف رکھتے تھے تب مینے اپنے کانون کو روئی رکھکر خوب بند کر دیا مین

غرض کہ آپکی آواز میرے کانون تک نہ پہونچے اور مین مسجد مین داخل ہوا ناگہان جناب رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم میرے متصل آ کھڑے ہوئے اور خدائے تعالی کو منظور ہوا کہ آپکا کلام

سُنائے مینے اپنے دل مین یہ بات خیال کی کہ آپکا کلام نہ سُننا نادانی کی ... [illegible]

سمجھ والا ہون بھلی بُری بات کو پہچانتا ہون مین تو آپکا کلام سنونگا اگر اچھی بات ہوگی تو قبول

کرونگا اور جو بُری بات ہوگی نہ مانونگا سو مینے کانون مین سے روئی نکال ڈالی اور آپکا ...

طفیل بن عمرو بضم طا مہملہ و فتح فا و سکون ... دوسی ... از کبار صحابہ است در جنگ یمامہ شہید شدہ و بعضی گفتہ اند در جنگ یرموک کہ در خلافت حضرت عمر رضی اللہ عنہ با نصاری واقع شدہ بود کذا فی نسیم الریاض ۱۲

[illegible]

کلام سُننا شروع کیا سو مینے ایسا کلام سُنا کہ مانند اوسکے کبھی کوئی کلام اچھا اور حلاوت ہوا
نہین سُنا تھا بعد اوسکے مین آپکے چلنے کا منتظر رہا یہان تک جب آپ مسجد سے تشریف لیچلے
مین آپکے ساتھ ہو لیا اور آپ کے ساتھ آپکے مکان مبارک مین داخل ہوا اور مینے عرض کیا کہ
آپ کی قوم نے تو مجھسے ایسا ایسا کہا تھا اور مینے آپکا کلام سُنا اور میرے دل مین یہ بات
آئی کہ آپکا کلام حق ہی سو آپ اپنا دین مجھے بتائیے اور فرمائیے کہ کن باتونکا آپ حکم کرتے ہین
اور کن باتون سے آپ منع کرتے ہین آپنے اسلام مجھے تلقین کیا اور مین مسلمان ہوا پھر مینے کہا کہ یا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم مین اپنی قوم دوس کی طرف پھر کر جاتا ہون اور مین اونمین سردار ہون اور وہ میری
اطاعت کرتے ہین مین اونکو اسلام کی طرف دعوت کرونگا آپ دعا فرمائیے کہ خدا تعالیٰ مجھے کوئی ایسی
نشانی دے جس سے میری مدد ہو آپنے فرمایا کہ یا اللہ اسکو کوئی نشانی دے بعد اوسکے مین وہان چلا یہان تک
کہ متصل دوس کے پونہچا جب وہان کے ٹیلے پر چڑھا تب میری دونون آنکھون کے درمیان مین ایک نور ظاہر ہوا
مانند ستارے کے مینے کہا کہ یا اللہ منہ کے سوا اور کہین یہ روشنی ہو جاوے مین ڈرتا ہون کہ مین میری قوم اس
نور کو سفید داغ نہ خیال کرے سو وہ نور میرے کوڑے کے سر مین آگیا سو مینے دیکھا کہ مین چلتا ہون اور وہ نور میرے
کوڑے کے سر پر ہی جیسے قندیل لٹکی ہوتی ہی اور میرا باپ اور میری جورو میرے کہنے سے مسلمان ہوگئے مینے
پھر سب قوم کو طرف اسلام کے دعوت کی اونھون نے نہ مانا پھر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین کہ آپ مکے مین تھے
حاضر ہوا اور عرض کیا کہ قوم دوس مسلمان نہوئی اونمین زنا اور ربوا غالب ہی آپ اونکے حق مین بددعا کیجیے
آپ نے فرمایا کہ یا اللہ ہدایت کر دوس کو پھر مین اونمین پھر گیا اور ٹھہرا رہا اور اونکو طرف اسلام کے
دعوت کرتا تھا یہان تک کہ اونمین سے جنکی قسمت مین اسلام تھا مسلمان ہوئے پھر مین آپکے حضور
مین مدینے مین بعد غزوۂ اُحد اور خندق کے مع ستر اسّی آدمیون کے اپنے کنبے مین سے حاضر ہوا

معجزۂ ۲۷ خطیب نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے
ایام حجۃ الوداع مین ایک شخص یمامہ کا ایک لڑکا لایا کہ اوسی دن پیدا ہوا تھا ایک کپڑے
مین لپٹا ہوا آپ نے اوس لڑکے سے پوچھا کہ مین کون ہون اوس نے کہا کہ آپ
پیغمبر خدا ہین آپ نے فرمایا کہ سچ کہتا ہی تو خدا تجھہ مین برکت کرے پھر لڑکا نہ بولا
جبتک کہ بولنے کی عمر اوسکی ہوئی اور اوس لڑکے کو لوگ مبارک الیمامہ کہا کرتے تھے

Marfat.com

معجزہ ۱۲۸ بیہقی نے روایت کی ہی کہ ... [illegible]
مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے سو وہ ... [illegible]

معجزہ ۱۲۹ صحیح مسلم مین اسماء بنت ابی بکرؓ سے روایت ہی کہ ... [illegible]
نکالا اور کہا کہ اس کو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ... [illegible]
اسکو دھو کر بیمارونکو پانی پلاتے ہین اور بدن مین اونکے لگاتے ہین سو اونکو شفا ہو جاتی ہی

معجزہ ۱۳۰ طبرانی نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی کہ ایکبار حضرت امام حسن علیہ السلام حسین
پیاس کے مارے روتے تھے آپ نے زبان مبارک اونکے مونہہ مین رکھ دی
سو اونھون نے چوسی بس اونکی پیاس کو تسکین ہوئی اور رونے سے چپ ہو گئے

معجزہ ۱۳۱ بیہقی نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو شیر خوار لڑکون
کے مونہہ مین آپ دہن مبارک لگا دیتے تھے تو دن بھر سیر رہتے تھے اور اونکو دودھ پینے کی حاجت نہین ہوتی تھی

معجزہ ۱۳۲ بیہقی نے دلائل النبوۃ مین اور ابن عبد البر نے استیعاب مین ام عاصم زوجہ عتبہ
بن فرقد سے روایت کی ہی کہ ہم تین بیبیان عتبہ بن فرقد کی تھین اور ہمیشہ اچھی اچھی خوشبو لگاتی تھین
مگر عتبہ بن فرقد کے بدن مین ایسی خوشبو آتی تھی کہ ہماری خوشبو پر ہمیشہ غالب رہتی تھی اس کا
سبب ہمنے پوچھا اونھون نے بیان کیا کہ ایکبار مین بیمار ہوا تھا سو جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے مجھے اپنے سامنے بٹھا کے کپڑے میرے اوتروا کے آب دہن مبارک
ہتیلیون مین لگا کے میری پیٹھ اور پیٹ پر ہاتھ پھیرا تھا **ف** سبحان اللہ کیا برکت آب دہن اور کف
مبارک کی تھی کہ ساری عمر عتبہ کے بدن کی خوشبو نگئی بلکہ سب بالون کی خوشبو پر ہمیشہ اونکی خوشبو غالب رہی

فصل دوم معجزات متعلقہ بشفاے مرضی و آفت رسیدگان

معجزہ ۱۳۳ صحیح بخاری مین براء بن عازبؓ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے ایک جماعت کو اوپر ابو رافع کے بھیجا سو عبد اللہ بن عتیکؓ رات کو اوسکے
گھر مین داخل ہو گئے اور سوتے مین اوسکو قتل کیا عبد اللہ بن عتیکؓ کہتے ہین کہ مینے
تلوار اوسکے پیٹ پر رکھدی اور سینے زور کیا یہان تک کہ اوسکی پیٹھ تک پہنچی تب مینے جانا
کہ مین اوسے قتل کر چکا اور دروازے کھولتا ہوا مین جب تک نکلا اور ایک زینے سے

پانون میرے نے خطا کی چاندنی رات مین کہ مین گر پڑا اور پنڈلی کی ہڈی میری ٹوٹ گئی اوسپر
مینے اپنی پگڑی سے پٹی باندھی اور وہان سے اوٹھکر اپنے ساتھیون کے پاس پونہچا اور پھر
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا اور سب حال عرض کیا آپنے فرمایا کہ پانون اپنا
پھیلاؤ مینے پانون اپنا پھیلایا آپنے اوسپر مسح کیا پس مین بالکل اچھا ہوگیا گویا کہ کبھی میرے
پانون مین صدمہ پونہچا ہی تھا **ف** مفصل قصہ قتل ابو رافع کا یہ ہے کہ ابو رافع ایک سوداگر ملک حجاز
مین ایک گڑھی مین رہتا تھا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پونہچاتا تھا اور آپکے
دشمنون کی مدد کرتا تھا سو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند جوان انصاریون پر عبد اللہ
بن عتیک رض کو امیر کرکے اوسکے قتل کے لیے بھیجا جب وہ لوگ متصل گڑھی کے پونہچے اور
آفتاب غروب ہوگیا تھا اور وہان کے آدمی اپنے مواشی کو لیکر چلے عبد اللہ بن عتیک رض نے
اپنے ہمراہیون سے کہا کہ اب تم ٹھہرو مین جاتا ہون کچھ تدبیر دربان سے کرکے بھیتر گھس جاؤنگا
سو وہان سے چلکے گڑھی کے دروازے کے متصل پونہچے اوس گڑھی مین ایک گدھا گم ہوگیا تھا
وہ لوگ اوسکی تلاش مین چراغ لے کے نکلے عبد اللہ بن عتیک رض کہتے ہین مجھے ڈر ہوا کہ کہین
مجھے پہچان نہ لین سو مین اپنا سر ڈھک کے بیٹھ گیا جیسے کوئی قضاے حاجت کو بیٹھتا ہو
اور لوگ سب داخل ہوگئے دربان نے پکار کے مجھ سے کہا کہ ای بندۂ خدا اگر تجھے آنا ہی تو آ ورنہ
مین دروازہ بند کرتا ہون پس مین داخل ہوگیا اور ایک گدھے کے تھان مین کہ نزدیک دروازے
گڑھی کے تھا مین چھپ رہا اور دربان نے دروازہ بند کردیا اور کنجیان ایک کھونٹی پر لٹکا دین جب
ابو رافع مع اپنے ہمراہیون کے رات کے کھانے سے فارغ ہوا تھوڑی دیر تک وہ لوگ اوسکے
پاس باتین کرتے رہے بعد اوسکے وہ لوگ پھر کر اپنے اپنے مقامون پر سونے کے لیے گئے
تب مینے وہ کنجیان اوٹھا لین اور دروازہ گڑھی کا کھول دیا باین خیال کہ اگر یہ لوگ مجھے
جان لین گے تو مجھے جانا سہل ہوگا بعد اوسکے مینے دروازے کنجیون سے
ہر دروازہ کھول کے بھیتر سے بند کرتا تھا اور جو لوگ کہ حجرون مین متصل ابو رافع کے رہتے تھے
اونکے دروازون کو مینے بند کردیا اور پھر مین وہان پونہچا جہان ابو رافع تھا وہان اندھیرا
تھا اور وہ اپنے عیال کے بیچ مین تھا مجھے نہین معلوم کہ کہان تھا مینے پکارا کہ ای ابو رافع

Marfat.com

اوسنے کہا کہ کون ہو میںنے اوسکی آواز کے اوپر تلوار چلائی ہاتھ تلوار سے ... نہ کیا اور ...
مین ہان سے نکل آیا اور تھوڑی دیر بعد میںنے آواز بدل کے پوچھا کہ کیا ہوا ابو رافع ...
سمجھا اور کہا کہ خرابی ہو تمھین ابھی کسی شخص نے میرے اوپر تلوار چلائی تھی میںنے اوسکے ...
ایسا ہاتھ مارا کہ کام اوسکا تمام کیا اور اوسکے پیٹ پر تلوار رکھکر زور کیا یہان تک کہ اوسکی پیٹھ تک
پونہچی تب مین سمجھا کہ مین اوسے قتل کر چکا اور دروازے کھولتا ہوا مین نکلا سو ایک سیڑھی
پونہچا اوترنے مین مجھے گمان ہوا کہ مین زمین تک آگیا حالانکہ مین زمین تک نہین آیا تھا میںنے پیر
بڑھا کر رکھا سو مین چاندنی رات مین گر پڑا اور ساق میری ٹوٹ گئی میںنے اوسپر اپنی پگڑی سے
پٹی باندھی اور اپنے ہمراہیون مین لنگڑاتا آیا سو میںنے اونسے کہا کہ تم جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو جاکر خوشخبری پونہچاؤ مین یہان تب چلونگا جب نوحہ گر کی آواز سنونگا اور گڑھی کے
دروازے کے متصل مین بیٹھ رہا جب مرغ بولا اور صبح ہوئی تب نوحہ گر نے گڑھی پر چڑھکر پکارا
کہ مین ابو رافع سوداگر اہل حجاز کی خبر مرگ کی سناتا ہون تب مین خوش ہوکر بے قلق و بے اضطراب چلا
ہنوز میرے ہمراہی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین پونہچنے پائے تھے کہ
مین جا پونہچا اور میںنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر قتل ابو رافع کی سنائی اور حال ٹوٹ جانے اپنی ساق کا
بیان کیا آپنے ارشاد کیا کہ پانون پھیلاؤ میںنے پھیلایا آپنے اوسپر ہاتھ پھیر دیا پس یہ حال ہوا کہ گویا
میری ساق مین صدمہ کچھ پونہچا ہی نہ تھا یہ تفصیل قصے کی بھی روایات صحیح بخاری مین مندرج ہی

معجزہ ۱۳۴ بخاری مین یزید بن ابی عبید سے روایت ہی کہ میںنے اثر ایک چوٹ کا سلمہ بن اکوع
کی ساق مین دیکھا اونسے میںنے پوچھا کہ یہ کیسی چوٹ ہی اونھون نے کہا کہ یہ چوٹ میرے خیبر کے
دن لگی تھی لوگون نے کہا تھا کہ سلمہ شہید ہوگیا یعنی ایسی شدید ضرب آئی ہی کہ اس سے جان بر
نہوگا مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آیا آپنے اوس چوٹ پر تین بار دم کیا مین بالکل اچھا ہوگیا

معجزہ ۱۳۵ بیہقی اور نسائی نے روایت کی ہی کہ محمد بن حاطب کے ہاتھ پر لڑکپن مین ہانڈی اولٹ پڑی اور ہاتھ جل گیا
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسپر ہاتھ پھیرا اور دعا کی اور آب دہن مبارک لگایا فورًا اچھا ہوگیا

معجزہ ۱۳۶ طبرانی اور بیہقی نے روایت کی ہی کہ شرحبیل جعفی کی ہتیلی مین ایک ایسا غدود
تھا کہ بسبب اوسکے وہ تلوار نہین پکڑ سکتے تھے اور گھوڑے کی باگ تھام نہین سکتے تھے

Marfat.com

اونھون نے اوس غدود کا حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین عرض کیا آپنے اوس غدود پر
ہتیلی مبارک کو جماکے زور سے چکر دیا یہان تک کہ وہ غدود بالکل جاتا رہا اور کچھ اوسکا نشان نرہا
معجزہ ۱۳۷ ترمذی اور نسائی اور حاکم اور بیہقی نے عثمان بن حُنیف سے روایت کی
ہی کہ ایک اندھے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آکر کہا کہ یا رسول اللہ آپ
دعا کیجیے کہ میری آنکھین کُھل جاوین آپنے فرمایا کہ اوٹھہ وضو کر اور بعد اوسکے دو رکعت نماز پڑھ بعد اوسکے
یہ دعا پڑھ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحْمَةِ
یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِکَ اِلٰی رَبِّکَ اَنْ یَّکْشِفَ عَنْ بَصَرِیْ اَللّٰھُمَّ شَفِّعْهُ فِیَّ
سو اوس اندھے نے آپ کے حکم کے موافق وضو کرکے دو رکعتین پڑھکے یہ دعا پڑھی
اوسیوقت اوسکی آنکھین کُھل گئین **ف** یہ حدیث اکثر محدثین نے باسنادِ صحیحہ نقل کی ہی اور واسطے بر آمد مطلب کے
یہ دعا مجرب ہی اکثر اَنْ یَّکْشِفَ عَنْ بَصَرِیْ کی جگہہ اور روایتون مین فِیْ حَاجَتِیْ ہٰذِہٖ لِتُقْضٰی وارد ہی کہ یہ عبارت
ہر حاجت کو شامل ہی اور حضرت عثمان بن حنیف اور اونکے بیٹے اس دعا کو واسطے قضاے حاجات کے
تعلیم کیا کرتے تھے اور بہت حکایتین بر آمدِ حاجات کی ببرکت اس دعا کے منقول ہین
معجزہ ۱۳۸ ابو نعیم اور واقدی نے عروہ سے روایت کی ہی کہ ابن ملاعب الاسنہ کو مرض
اِستِسقا ہوا سو اونے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین قاصد بھیجا اور درخواست
دعا کی کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مُٹھی مٹی لیکر اوسمین لعابِ دہن مبارک ڈالا اور قاصد کو دی [illegible]
براہ تعجب اوس مٹی کو لیا سمجھا کہ کچھ مجھہ سے ٹھٹھا کیا مگر اوس مٹی کو پاس ابن ملاعب الاسنہ کے لے گیا
اور ایسے وقت مین پوہنچا کہ وقتِ موت تھا اوس نے گھول کر وہ مٹی پی لی اوسی وقت اچھا ہو گیا
معجزہ ۱۳۹ بیہقی اور طبرانی اور ابن ابی شیبہ نے روایت کی ہی کہ حبیب بن فُدیک کے باپ کی آنکھون
مین پھلی پڑگئی اور بالکل اندھے ہوگئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکی آنکھون پر دم کیا اوسی وقت
اونکی آنکھین اچھی ہوگئین راوی کہتا ہی کہ مینے اونھین اسّی برس کی عمر مین سوئی مین ڈورا ڈالتے [illegible]
معجزہ ۱۴۰ طبرانی نے روایت کی ہی کہ عبد اللہ بن اُنیس کے سر مین چوٹ آئی جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس چوٹ پر لعابِ دہن مبارک ڈالدیا پس وہ چوٹ اچھی ہو گئی
ف جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن اُنیس کو ساتھہ عبد اللہ بن رواحہ

۵۵ عبد اللہ بن انیس [illegible] ابو یحیی المدنی حلیف الانصار صحابی شہد العقبة واحدا و مات بالشام فی خلافة معویة سنة اربع

اور چند اصحاب کے پاس بشیر بن سلام کے بھیجا تھا اسواسطے ایک شخص غطفان سے
ایک لشکر واسطے لڑائی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جمع کیا تھا سو ان اصحاب نے اوسے
سمجھایا اور کہا کہ اگر تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہو گا تو وہ تیرے خلاف کچھ
اور وہان ٹھہرے رہے یہان تک کہ وہ اونکے ساتھ چلا اور وہان سے چلے اور عبد اللہ بن
نے اپنے اونٹ پر اوسے سوار کر لیا یہان تک کہ جب قریب خیبر کے پونہچے تب وہ اپنے دل
پچتایا سو اس بات کو ابن انیس سمجھ گئے اور اونھون نے اوسکے ایک تلوار ماری کہ اوسکا ایک پاؤن
کٹ گیا اور اوسنے انکے ایک لاٹھی ماری کہ اوس سے انکے سر پر چوٹ آئی پھر جب یہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آئے آپنے آب دہن مبارک اوس چوٹ پر ڈالدیا اور وہ چوٹ اچھی ہو گئی
معجزہ ۱۴۱ صحیحین میں ہے کہ حضرت علیؓ کی آنکھین دُکھتی تھین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے آب دہن مبارک اونکی آنکھون مین لگا دیا فوراً اچھی ہو گئین ف یہ معجزہ غزوۂ خیبر مین واقع ہوا
کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بخار آ گیا تھا اس سبب سے آپ لڑائی پر تشریف نہین لے جاتے تھے
ایکدن آپنے حضرت ابو بکر صدیقؓ کو نشان دیا اور لڑائی کو بھیجا وہ خوب لڑے مگر قلعہ فتح نہ ہوا
دوسرے دن حضرت عمرؓ کو نشان دیا اونھون نے بھی جا کر خوب لڑائی کی مگر قلعہ فتح نہوا تب
آپنے فرمایا کہ کل مین ایسے شخص کو نشان دونگا کہ اللہ اور رسول اوسے دوست رکھتے ہین اور وہ
اللہ و رسول کو دوست رکھتا ہے اوسکے ہاتھ پر قلعہ فتح ہو جائیگا صبح کو لوگ جمع ہوئے اور
منتظر تھے کہ کسکی قسمت مین یہ سعادت ہو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی آنکھین دُکھتی تھین آپنے اونھین بُلوایا
لوگ اونھین لے آئے آنکھون پر اونکے پٹی بندھی تھی آپنے فرمایا کہ پاس آؤ اور آب دہن مبارک اونکی آنکھون
مین لگا دیا اونھون نے اوسیوقت آنکھین کھولدین آپ نے اونھین نشان دیا اور اونھون نے قلعہ کو فتح کیا
معجزہ ۱۴۲ رزین نے روایت کی ہے کہ ایک دن حضرت عمرؓ کے سامنے حضرت ابو بکرؓ کا ذکر
ہوا سو وہ روئے اور اونھون نے کہا کاش میرے سارے اعمال حضرت ابو بکرؓ کے ایکدن کے
عمل اور ایک رات کے عمل کے برابر ہون رات تو وہ جس رات وہ ساتھ جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے غار کی طرف گئے سو جب دونون صاحب غار پر پونہچے ابو بکر صدیقؓ نے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ غار مین داخل ہون پہلے مین داخل ہون جو کچھ

له غطفان بفتحین بجرو کا مطرو وفا بفتحتین نام ایک قبیلہ کا ہے عرب میں کنز اللغات القاموس

معجزہ ۱۴۱

معجزہ ۱۴۲

تو اوس کا صدمہ مجھے پونچے آپ کو نہ پونچے سو غار مین گھس کے اوسے اوس مین جھاڑو دی اور اوسکے
سب سوراخون کو اپنی ازار پھاڑ کے اوسکے ٹکڑے سے بند کیا دو سوراخ باقی رہگئے سو اونھون نے اون
دونون مین اپنے دونون پانوئون اڑا دیے پھر آپ سے کہا کہ آئیے آپ داخل ہوئے اور ابو بکر صدیق
کی گود مین سر مبارک رکھکے سوئے اور ایک سوراخ سے سانپ نے ابو بکر صدیق کے پانوئون مین
کاٹا او نھون نے جنبش نکی اس ڈر سے کہ کہین آپ جاگ نہ پڑین اور بسبب صدمہ زہر کے آنسو اونکی
آنکھون سے نکل آئے اور چہرۂ مبارک پر گرے آپ بیدار ہوئے اور حال پوچھا ابو بکر صدیق نے
عرض کیا کہ میرے مان باپ آپ پر فدا ہون مجھے سانپ نے کاٹا آپ نے آب دہن مبارک اوس جگہہ ڈالا
جہان سانپ نے کاٹا تھا سو فوراً اثر زہر کا جاتا رہا مگر قریب بانہ موت ابی بکر صدیق کے اوس زہر نے
عود کیا کہ اوس سے اونکی وفات ہوئی اور دن ابو بکر صدیق کا یہ وہ دن ہی جب جناب رسول اللہ صلی اللہ
علیہ و سلم نے انتقال فرمایا اور عرب کے لوگ مرتد ہو گئے اور کہنے لگے کہ ہم زکوۃ ندینگے
ابو بکر صدیق نے کہا کہ اگر اونٹ کے باندھنے کی ایک رسی مجھے ندینگے جو بعہد آنحضرت صلی اللہ
علیہ و سلم دیتے تھے تو مین اون سے جہاد کرونگا مینے کہا کہ ای خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم لوگون سے موافقت کرو اور نرمی کرو ابو بکر صدیق نے کہا کہ تم جاہلیت مین قوی اسلام
مین نرم ہوتے ہو وحی آنا بند ہو گیا اور دین تمام ہو گیا کیا میرے جیتے جی کم ہو جاوے انتہی
ف ابو بکر صدیق سے اوسوقت بمعجزۂ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم اثر زہر جاتا
رہا تھا پھر بوقت موت اون کے اوس زہر نے عود کیا اسمین یہ سر تھا کہ اونھین مرتبہ شہادت
حاصل ہو چنانچہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم کی وفات بھی بسبب اسی سر کے بعود اثر زہر خیبر ہوئی

معجزہ ۱۴۳ ابو القاسم بغوی نے معاویہ بن حکم سے روایت کی ہی کہ ہم ساتھ جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ و سلم کے غزوۂ خندق مین تھے سو میرے بھائی علی بن حکم نے اپنا گھوڑا خندق
مین اوتارا سو اونکے پانوئون پر دیوار خندق سے صدمہ پونچا کہ پانوئون اونکا نہایت
علیہ و سلم کے حضور مین آئے اور گھوڑے پر سے نہین اوترے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے اونکی
چوٹ پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا بسم اللہ فوراً اونکی چوٹ اچھی ہو گئی اور ذرا تکلیف باقی نرہی

معجزہ ۱۴۴ بیہقی اور ابن اسحق نے روایت کی ہی کہ خبیب بن یساف کے

Marfat.com

بدر کے دن درمیان دونون کندھون کے تلوار لگی یہان تک کہ ایک جانب بدن کی لٹک پڑی
پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے بدن کو ملا دیا اور اوسپر دم کیا پس وہ اچھا ہو گیا
ف یہ معجزہ عین حالت لڑائی میں واقع ہوا تھا اور خبیب کا زخم جب برکت جناب رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے اچھا ہو گیا اوسیوقت اونھون نے اپنے زخمی کرنے والے کو مار ڈالا

معجزہ ۱۴۵ بیہقی نے حضرت علی رض سے روایت کی ہی کہ اونھون نے بیان کیا کہ مین ایکبار
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوا اور مین بیمار تھا اور مین یہ کہتا تھا کہ یا اللہ
اگر میری اجل آگئی ہی تو آجاوے تو مین اس بیماری کی تکلیف سے نجات پاؤن اور جو ابھی نہین آئی
تو مجھے شفا دے اور اگر امتحان کے لیے یہ بیماری ہی تو مجھے صبر دے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے مجھے پانون سے مارا اور کہا کہ کیا تمنے کہا پھر تو کہو مینے وہی دعا پھر کہی آپنے فرمایا کہ یا اللہ اسے
شفا دے حضرت علی رض کہتے ہین کہ مین اوسیوقت اچھا ہو گیا اور پھر اوسدن سے آج تک وہ درد مجھے نہین ہوا

معجزہ ۱۴۶ ابن ابی شیبہ نے ام جندب رض سے روایت کی ہی کہ ایک عورت قبیلہ خثعم کی آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آئی اور اوسکے ساتھ ایک لڑکا تھا وہ باتین نہین کرتا تھا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے مونہہ پر کلی ڈالدی اور دونون ہاتھ دھوکر پانی اوس عورت کو دیا
کہ لڑکے کو پلا دے اور دونون آنکھون کو لگا دے اوس عورت نے ویسا ہی کیا اور وہ لڑکا
فورًا اچھا ہو گیا باتین کرنے لگا اور ایسا عقلمند ہوا کہ اور لوگون کی عقل پر عقل اوسکی فائق تھی

معجزہ ۱۴۷ بیہقی اور محمد بن اسحاق نے روایت کی ہی کہ جنگ احد مین قتادہ رض بن نعمان کی
آنکھہ مین تیر لگا کہ وہ آنکھہ اونکی رخسارے پر آ گئی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس
آنکھہ کو پھر حدقے مین اپنے دست مبارک سے رکھہ دیا پھر وہ اچھی ہو گئی اور دونون آنکھون مین
زیادہ خوبصورت اور روشن رہی **ف** روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قتادہ سے
جب اونکی آنکھہ پر صدمہ پہونچا فرمایا کہ اگر چاہو تمھاری آنکھہ پر رکھدون اور اچھی ہو جاوے اور اگر چاہو
صبر کرو اور تمھین جنت ملے اونھون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنت تو
بڑی اچھی عطا ہی مگر مجھے کانا ہونا برا معلوم ہوتا ہی آپ میری آنکھہ اچھی کر دیجیے اور میرے لیے
واسطے جنت کے دعا کیجیے آپنے آنکھہ اونکی حدقے مین رکھدی کہ اچھی ہو گئی اور اونکے جلیے

Marfat.com

جنت کی دعا کی سبحان اللہ کیا انعام ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ قتادہ کو دنیا کی عار سے نجات ملی اور جنت بھی ملی **ف** یہ معجزہ مشہور ہے اور اولاد قتادہؓ مین اس بات کا تفاخر تھا کہ اون کے جد کی آنکھ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ سے اچھی ہوگئی چنانچہ عاصم بن عمر بن قتادہ عمر بن عبد العزیزؒ کے پاس ایام خلافت مین اونکی آئے اور اونھون نے یہ اشعار پڑھے شعر انا ابن الذی سالت علی الخد عینہ ۔ فردت بکف المصطفیٰ ایما رد ۔ فعادت کما کانت لاول امرہا ۔ فیا حسن ما عین ویا حسن ما رد

معجزہ ۱۴۸ ترمذی اور بیہقی نے روایت کی ہے کہ ابو قتادہؓ کے غزوہ ذی قرد مین تیر لگا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکے زخم پر آب دہن مبارک لگا دیا پس وہ بالکل اچھا ہو گیا

معجزہ ۱۴۹ بیہقی نے شمر بن عطیہ سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین ایک لڑکے کو لائے کہ وہ جوان ہو گیا تھا اور کبھی اوس نے بات نکی تھی یعنی خلقی گونگا تھا سو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس سے کہا کہ مین کون ہون اوس نے کہا کہ آپ رسول خدا ہین

معجزہ ۱۵۰ احمد اور بیہقی اور ابن ابی شیبہ نے ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ ایک عورت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین اپنے ایک بیٹے کو لائی کہ اوسے جنون تھا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے سینے پر ہاتھ پھیرا اوس نے زور سے قی کی اور اوسکے پیٹ مین سے ایک چیز مانند کتے کے پلے سیاہ سی نکلی اور وہ اچھا ہو گیا

فصل سوم معجزات متعلقہ باحیاے موتی

معجزہ ۱۵۱ بیہقی اور ابن عدی نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ ایک جوان انصاری نے وفات پائی اوسکی مان ایک اندھی بوڑھیا تھی ہمنے اوسپر کپڑا اوڑھا دیا اور اوسکی ماں کی تسلی کی باتین کرنے لگے اوس نے کہا کہ کیا میرا بیٹا مر گیا ہمنے کہا کہ ہان اوس نے کہا کہ یا اللہ اگر تو جانتا ہے کہ مینے تیری طرف اور تیرے پیغمبر کی طرف اس امید پر ہجرت کی ہے کہ تو ہر شکل مین میری مدد کرے تو یہ مصیبت میرے اوپر مت ڈال حضرت انس کہتے ہین کہ ہم لوگ وہین [illegible] نے اپنے مونہہ سے کپڑا کھولا اور اچھا ہو گیا اور ہمنے اور اوس نے کھانا ساتھ کھایا **ف** یہ معجزہ احیاء موتی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوا کہ آپکی امت کی ایک بوڑھیا نے آپ کے نام کی برکت سے مردے کو جلا لیا

معجزہ ۱۵۲ بیہقی نے عبد اللہ بن عبید اللہ انصاری سے روایت کی ہے کہ جب ثابت بن قیس جنگ یمامہ

مین شہید ہوے مین اونکے دفن مین حاضر تھا سو جب اونکو قبر مین رکھہ چکے ہم لوگون نے سنا کہ وہ کہتے تھے
کہ محمد رسول اللہ ابو بکر الصدیق عمر الشہید عثمان البر الرحیم پھر جو ہمنے اونھین دیکھا کہ ویسے ہی مُردہ
تھے جیسے باتین کرنے سے پہلے **ف** یہ بھی معجزہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوا کہ مُردے
نے زندہ ہوکے آپ کی رسالت کی اور خلفاے راشدین کی خلافت کی گواہی دی +

معجزہ ۱۵۳ طبرانی اور ابو نعیم اور ابن مندہ نے نعمان بن بشیر سے روایت کی ہی کہ زید
بن خارجہ نے جب وفات پائی اونکی نعش ڈھکی ہوئی اونکے گھر مین تھی اور عورتین گرد اونکے
چلا رہی تھین اور وقت درمیان مغرب اور عشا کا تھا سو اونھون نے کہا کہ چپ ہو چپ رہو پھر
اونکے مونہہ پر سے کپڑا کھولا تب اونھون نے کہا مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰہِ الْاُمِّیُّ وَخَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ
فِی الْکِتَابِ الْاَوَّلِ یعنی محمد پیغمبر خدا کے امی ہین اور آخر ہین سب پیغمبرون کے موافق
پہلی کتابون کے یا لوح محفوظ کے پھر اونھون نے کہا صَدَقَ صَدَقَ یعنی سچ کہا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے سچ کہا بعد اسکے اونھون نے حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمر اور حضرت عثمان
کی تعریف کی بعد اوسکے کہا اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ
بعد اوسکے مُردہ ہوگئے جیسے کہ تھے **ف** یہ معجزہ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مثل
معجزہ سابقہ کے ہی کہ مُردے نے زندہ ہوکے آپ کی رسالت کی شہادت دی اور
خلفاے راشدین کی تعریف بیان کی **ف** جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
اولیاے امت سے احیاے موتی اکثر واقع ہوا ہی امام یافعی نے کتاب مرآۃ الیقظان مین
بعد بیان کثرت و تواتر کرامات حضرت غوث الثقلین قدس اللہ سرہ العزیز کے لکھا ہی کہ اس
مقام پر مین ایک کرامت کے ذکر پر اکتفا کرتا ہون وہ یہ ہی کہ ایک بُڈھیا کے بیٹے کو جناب
حضرت غوث الثقلین سے بہت محبت تھی اکثر آپ کی ہی خدمت مین جا کر حاضر ہوتا دنیا کے
کاروبار مین کم مشغول ہوتا ایکدن اوس بُڑھیا نے آپ کے حضور مین حاضر ہوکے
عرض کیا کہ مینے اس اپنے بیٹے کو آپکی نذر کیا اور للہ اپنا حق اسے معاف کیا آپ اسے
تعلیم باطن فرمائیے اسلیے کہ میرے کام مین تو یہ رہتا ہی نہین ہر گھڑی یہین آ حاضر ہوتا ہی
اور اوس لڑکے کو خانقاہ مبارک مین چھوڑ آئی آپنے اوسے ریاضت اور سبق باطن مین

مشغول کیا کبھی کبھی وہ بڑھیا اپنے بیٹے کو دیکھنے کو آتی تھی ایکدن آئی تو دیکھا کہ وہ بیٹا اوسکا
چنے چبا رہا ہے اور بہت حقیر و ناتوان ہوگیا ہے پھر وہ حضرت غوث الثقلین کے پاس گئی دیکھا
کہ آپ مرغی کا گوشت کھا رہے ہین اوسنے کہا کہ حضرت آپ مرغی کا گوشت کھاتے ہین
اور میرے بیٹے کو چنے کھلاتے ہین آپنے مرغی کی ہڈیون پر ہاتھ رکھکے فرمایا
قُومِي بِإِذْنِ اللهِ الَّذِي يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ یعنی اوٹھ کھڑی ہو اوس خدا
کے حکم سے جو بوسیدہ ہڈیون کو زندہ کریگا فورًا وہ مرغی زندہ ہوگئی اور آواز
کرنے لگی تب آپنے اوس بڑھیا سے فرمایا کہ جب تیرا بیٹا ایسا ہو جاوے تب جو جی مین آوے
کھاوے انتہی سبحان اللہ کیا رتبہ ہے اولیاے امت محمدی کا معجزہ احیاے موتی کہ بڑا مایہ الافتخار
عیسائیون کا ہے بلکہ العیاذ باللہ اسے دلیل الوہیت حضرت عیسیٰ قرار دیا ہے ان سے ظہور مین آیا

فصل چہارم معجزات متعلقه بقهر بے ادبان و محفوظی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم از شر اعدا

معجزه ۱۵۴ معجزہ ۱۵۴ مسلم نے سلمہ بن اکوع سے روایت کی ہے کہ ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے سامنے بائین ہاتھ سے کھانا کھاتا تھا آپنے فرمایا کہ سیدھے ہاتھ سے کھا اوسنے
کہا کہ مین سیدھے ہاتھ سے کھا نہین سکتا ہون حالانکہ ہاتھ اوسکا اچھا تھا یہ بات اوسنے
غلط براہ بیباکی کہی تھی تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو سیدھے ہاتھ سے نکھا سکیگا اوسکا
ایسا ہی حال ہوگیا کہ سیدھا ہاتھ اوسکا کام سے جاتا رہا مونہہ تک نہین پہونچا سکتا تھا
معجزه ۱۵۵ معجزہ ۱۵۵ صحیحین مین ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
قوم مضر پر بددعا کی سو اونمین ایسا قحط پڑا کہ قریب تھا کہ وہ سب کے سب ہلاک ہو جاوین اور اونکے
مواشی بھی ہلاک ہو جاوین یہانتک کہ قریش نے عاجزی کی اور رحم چاہا تب آپنے سینہ کے
لیے دعا کی اور مینہ برسا ف آپنے بددعا کی تھی کہ الٰہی ان پر ایسا قحط پڑے جیسا یوسف علیہ السلام کے زمانہ مین
پڑا تھا سو ایسا قحط شدید پڑا کہ مٹی اور ہڈی اور خون کھانے لگے تب ابو سفیان آپ کے پاس آیا
آپسے کہا کہ تم حکم کرتے ہو صلہ رحم کا یعنی اقارب سے سلوک نیک کرنے کا اور تمہاری قوم ہلاک ہوگئی
تم اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ مینہ برسے تب آپنے دعا کی کہ یا اللہ مینہ برسا جلدی سے نفع دینے والا
جس سے چراگاہ جمے اور عالم کو گھیر لے سو ایک ہفتہ نہین گذرا کہ مینہ برسا

[illegible] قریش [illegible] رحمه الله تعالی

معجزہ ۱۵۶ صحیحین مین عبد اللہ بن عباسؓ سے روایت ہی کہ جب کسریٰ بادشاہ فارس نے آپکے نامے کو پھاڑ ڈالا تب آپ نے اوسکے حق مین بد دعا کی کہ خدا اوسکے تعالیٰ اوس ملک کو پھاڑ ڈالے اور پاش پاش کر دے سو سلطنت ملک فارس کی مطلق باقی نہین اور تب سے ابتک کہین پر روے زمین پر مجوسیون کی حکومت نہین ہی **ف** بعد صلح حدیبیہ کے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر ملوک اور سلاطین کو نامے لکھے اور طرف اسلام کے دعوت کی اوس زمانے مین فارس کا بادشاہ کسریٰ پرویز (نوشیروان کا پوتا تھا) اوسکو بھی آپنے نامہ لکھا اور بعد بسم اللہ کے سرنامہ یون لکھا من محمد رسول اللہ الی کسریٰ عظیم فارس اوس کافر نے براہ تکبر اس بات سے کہ اپنا نام میرے نام سے پہلے کیون لکھا نامۂ مبارک کو پھاڑ ڈالا سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے حق مین بد دعا کی خدا تعالیٰ نے اوسکے خاندان کی سلطنت کو کہ صدہا سال سے بحالِ شوکت چلی آتی تھی پاش پاش کر کے نیست و نابود کر دیا **ف** اوسی زمانے مین ہرقل بادشاہ نصاریٰ کو بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نامہ لکھا تھا وہ تعظیم پیش آیا اور نامے کو آداب سے رکھا سو اوسکی قوم کا ملک ابتک باقی ہی اور اونکی سلطنت کو بالکل زوال نہین ہوا

معجزہ ۱۵۷ بیہقی اور حاکم اور ابن اسحاق نے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عتبہ بن ابی لہب کے لیے بد دعا کی کہ یا اللہ اوسپر اپنے کتون مین سے کوئی کتا مسلط کر اور بیہقی نے دلائل النبوۃ مین قصہ بد دعا کرنے کا یہ لکھا ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی ام کلثوم عتبہ کے نکاح مین تھین اور اونکی بہن رقیہ عتیبہ کے نکاح مین جب سورۂ تبت نازل ہوئی تب ابو لہب نے اپنے ان دونون بیٹون سے کہا کہ اگر تم دونون محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹیون کو طلاق نہ دو گے تو مجھے تم سے کچھ سروکار نہین اور اون دونون کی مان حمالۃ الحطب نے بھی یہی کہا تب عتبہ نے ام کلثوم کو طلاق دی اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے جا کے کہا کہ مینے تمھاری بیٹی کو طلاق دی اور بہت سی بے ادبی اور گستاخی کی تب آپنے اوسکے حق مین بد دعا کی اَللّٰھُمَّ سَلِّطْ عَلَیْہِ کَلْبًا مِّنْ کِلَابِکَ سو شیر نے اوسکو کھا لیا زمین شام مین موضع زرقا مین اور اوسکا قصہ حاکم نے یون بیان کیا ہی حدیث ابی نوفلؓ سے کہ ابو لہب اور اوسکا بیٹا عتبہ شام کو گیا تھا سو متصل ایک صومعہ راہب کے ٹھہرے راہب نے اون سے کہا کہ یہان درندے ہین تم اپنی

جان کا بچاؤ کر لیجیو ابولہب نے اپنے ساتھیون سے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے اس بیٹے کے لیے بد دعا کی ہے سو ایسی تدبیر کرو کہ وہ اس منزل مین بچ جاوے سو سب اسباب اکٹھا رکھ کے اونچا کر کے اوسپر میرے بیٹے کو سلاؤ سو اونھون نے ایسا ہی کیا اور سب گرد اوسکے سوئے اور رات کو شیر آیا ہر ایک کا منہ اوسنے سونگھا اور کود کر عتبہ کا سر کاٹ ڈالا **ف** یہ بحکم الٰہی موافق دعاے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عتبہ کے ہلاک کرنے کو آیا تھا اسی لیے اور سبھون کو سونگھ کر چھوڑ دیا اور عتبہ کو ہلاک کیا اور گوشت اوسکا بایں جہت کہ خباثت بغض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بھرا ہوا تھا نکھایا **ف** ابولہب کے تین بیٹے تھے عتبہ اور عتیبہ اور معتب سو دو انمین سے فتح مکہ مین مسلمان ہو گئے مگر مکے ہی مین رہے مکے سے ہجرت کر کے مدینے مین نہین آئے اور ایک کافر رہا اوسکو شیر نے مار ڈالا اور اسمین اختلاف ہے کہ وہ عتبہ تھا یا عتیبہ بعضے علما نے یہ لکھا ہے کہ صحیح یہی ہے کہ وہ عتبہ تھا اور عتیبہ اور معتب مسلمان ہو گئے

معجزہ ۱۵۸ صحیحین مین عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے متصل نماز پڑھ رہے تھے ابوجہل اور چند ہمراہی اوسکے وہان بیٹھے تھے آپس مین اونھون نے کہا کہ کوئی تم مین سے جا کر فلانی جگہ کہ اونٹ حلال ہوا ہے اوسکے پیٹ کی آلایش لے آوے اور جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم سجدے مین جاوین تب اونکی پیٹھ پر رکھ دے تب شقی ترین اونمین جو تھا یعنے عقبہ بن ابی معیط اوٹھا اور وہ پیٹ کی آلایش اونٹ کی لے آیا اور جب آپ سجدے مین گئے تب آپکے دونون کندھون کے درمیان مین رکھدی اور آپس مین ہنسنے لگے اور آپ سجدے مین رہے یہان تک کہ حضرت بی بی فاطمہ آئین اور اوس آلایش کو آپ کی گردن پر سے اوٹھایا اور آپنے سر اوٹھایا اور آپ نے قریش پر بد دعا کی اور بالتخصیص نام لیکر ابوجہل اور عتبہ بن ربیعہ اور ولید بن عتبہ اور ابی بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط اور عمارہ بن ولید کے حق مین بد دعا کی کہ الٰہی انکو تباہ کر سو یہ سب لوگ ہلاک ہوئے اور اکثر انمین سے جنگ بدر مین واصل جہنم ہوئے

معجزہ ۱۵۹ بیہقی نے روایت کی ہے کہ حکم بن ابی العاص آپکی مجلس مین بیٹھا آنکھون کا اشارہ منافقون سے آپ کے کلام کی نفی کے لیے کرتا تھا آپنے دیکھ کے فرمایا کہ ایسا ہی ہو جا چنانچہ ویسا ہی ہو گیا اور تا بموت ویسا ہی رہا کہ منہ پھڑکا یا کرتا تھا

معجزہ ۱۶۰ بیہقی نے اسما بنت ابی بکر رض سے روایت کی ہے کہ جب حمالۃ الحطب زوجہ

ابو لہب کو مضمون سورۂ تبت یدا ابی لہب کا پونہچا وہ ایک پتھر لیکے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر
آپ مسجد مین بیٹھے تھے اور آپکے ساتھ حضرت ابو بکرؓ بھی بیٹھے تھے جب متصل آپکے پونہچی تو سواے
حضرت ابو بکرؓ کے اور کوئی اوسے نظر نہ پڑا خدا تعالی نے اوسکی آنکھون کو آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کے دیکھنے سے اندھا کر دیا حضرت ابو بکرؓ سے کہنے لگی کہ تمہارے صاحب کہان ہین مینے
سُنا ہی کہ میری ہجو کرتے ہین قسم ہی خدا کی جو مین اونھین پاتی تو یہ پتھر اونکے مونہہ مین مارتی اور یہ کہکر پھر گئی

معجزہ ۱۶۱ ابو نعیم اور طبرانی نے حکم بن ابی عاص سے روایت کی ہی کہ ہم چند کافرون
نے آپس مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کا وعدہ کیا کہ رات کو یکایک آپکو
مار ڈالین سو ایک جگہہ ہم اسی انتظار پر کھڑے ہو رہے یہان تک کہ آپ ہمارے قریب پونہچے
سو ہم نے پیچھے سے ایک بڑی آواز سُنی جس سے ہمنے گمان کیا کہ سارے ملک تہامہ
مین کوئی آدمی اس آواز کے صدمے سے جیتا نہ بچا ہو گا پس ہم غش کھا کے گرے اور
اتنی دیر بیہوش پڑے رہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسجد حرام سے نماز پڑھکے اپنے
دولتخانے کو تشریف لے گئے بعد اسکے دوسری رات پھر ہمنے ویسا ہی قصد کیا سو جب آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے متصل پونہچے آکر صفا اور مروہ ہمارے اور آپکے درمیان مین حائل ہو گئے

باب چوتھا بیان معجزات عالم جنات مین

معجزہ ۱۶۲ بخاری نے حضرت عمرؓ سے روایت کی ہی کہ ایک روز مین بتون کے
پاس حاضر تھا ایک شخص نے ایک گوسالہ بتون کی نذر کرکے ذبح کیا ایک بت کے پیٹ سے
آواز نہایت بلند نکلی کہ وہ کہتا تھا یا جلیح امر نجیح رجل فصیح یقول لا الٰہ الا اللہ
یعنی اے مرد قوی ایک کام کی بات ہی ایک شخص فصیح کہتا ہی لا الٰہ الا اللہ یعنی نہین ہی کوئی قابل عبادت کے
مگر اللہ حضرت عمرؓ کہتے ہین کہ لوگ یہ آواز سُنکر بھاگ گئے مین وہان ٹھہر رہا کہ حقیقت
اِس آواز کی دریافت کرون دوسری بار بھی ویسی ہی آواز سُنی سو کچھہ مدت نگذری کہ ہمنے خبر سُنی
نسبت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ یہ نبی ہین یعنی لا الٰہ الا اللہ تلقین کرتے ہین

معجزہ ۱۶۳ بیہقی اور نسائی نے روایت کی ہی کہ جب خالد بن الولیدؓ نے بحکم آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم عمارت عزے کو ڈھا دیا وہان ایک کالی عورت نکلی ننگی بال پریشان کیے

ہوئے اور اپنے سر پر ہاتھ رکھ کے چیخنے لگی حضرت خالدؓ نے اوسکو تلوار سے دو ٹکڑے کیا
اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں آکے اس قصے کو بیان کیا آپ نے فرمایا کہ عزی وہی تھی
اب کبھی اوسکی عبادت نہوگی **ف** عزی ایک درخت تھا یا تین درخت تھے سو اوسپر عمارت
بنائی تھی اور مشرکین اوسے پوجتے تھے اوس درخت میں سے آوازیں سنائی دیتی تھیں اور
باعث اوسکی عبادت کا ایک روح خبیثہ از قبیل شیاطین تھی کہ اوسی کے سبب سے آوازیں وہان ہوتی
تھیں ببرکت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ روح خبیثہ صورت پکڑ کے نمود ہوئی حضرت خالد بن ولید نے
اوسے قتل کیا سو آپ نے فرمایا کہ اصل عزی وہی تھی اوسی کے اغوا سے اون درختونکی پرستش ہوتی تھی اب
وہ جو ماری گئی تو اوس بتخانے کی جڑ بالکل قطع ہوگئی اب عبادت عزی کی کبھی نہ ہوگی

معجزہ ۱۶۴ بیہقی نے دلائل النبوۃ میں ابن مسعودؓ سے روایت کی ہی کہ ایکدن آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحاب سے مکے میں فرمایا کہ جسکا جی تم میں سے جنون کے دیکھنے کو چاہے
سو آج رات کو حاضر ہو ابن مسعودؓ کہتے ہین کہ سوا میرے اور کوئی حاضر نہوا آپ مجھے ساتھ
لیکے چلے یہان تک کہ جب مکے کی بلند جانب پونہچے آپ نے اپنے پاے مبارک سے ایک خط
میرے واسطے کھینچا اور فرمایا کہ اسی میں بیٹھے رہیو اور آپ تشریف لے گئے اور ایک جگہ
کھڑے ہوکر کلام اللہ پڑھنا شروع کیا سو آپ کو ایک جماعت کثیرہ نے گھیر لیا اور میرے اور آپکے درمیان
میں حائل ہوگئی اور میں نے سنا کہ جنون نے آپ سے کہا کہ کون گواہی دیتا ہی کہ تم پیغمبر خدا ہو اور وہان ایک درخت
متصل تھا آپ نے فرمایا کہ اگر یہ درخت گواہی دے تو تم مانوگے اونھون نے کہا کہ ہان پھر آپ
نے اوس درخت کو بلایا اور اوس درخت نے گواہی دی تب وہ سب جن ایمان لائے

معجزہ ۱۶۵ ابو نعیم نے دلائل النبوۃ میں روایت کی ہی کہ ابن مسعودؓ سے لوگون نے
پوچھا کہ تم جس رات جن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوئے تھے آپ کے
ساتھ تھے اونھونے کہا کہ ہان مدینے میں ایک ایک آدمی ایک ایک شخص کو
رات کا کھانا کھلانے لگیا اور مجھے کوئی نہ لے گیا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس
ہوکے گذرے اور مجھ سے پوچھا کہ تمھین کوئی کھانا کھلانے نہ لے گیا میں نے کہا نہین آپ نے
فرمایا کہ میرے ساتھ آؤ شاید تمھین رات کا کھانا ملجاے میں آپکے ساتھ حجرۂ ام سلمہ تک گیا

Marfat.com

آپ اندر تشریف لے گئے پھر ایک چھوکری نے آپکے کہا کہ کھانا اسوقت [illegible]
اور کپڑا لپیٹ کے لیٹ رہا پھر چھوکری آئی اور اوسنے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بلاتے
مین حاضر ہوا کھانے کی توقع پر آپ باہر تشریف لائے اور آپکے ہاتھ مین ایک چھوہارے کی
تھی وہ آپنے میرے سینے پر لگائی اور فرمایا کہ میرے ساتھ چلو جہان مین چلون اور کچھ
کہ مینے تین بار پڑھ لیا پھر مین آپکے ساتھ چلا یہان تک کہ بقیع الغرقد کو پہنچے آپنے اپنی
سے خط کھینچا اور فرمایا کہ اسمین بیٹھے رہو جب تک کہ مین آؤن اسپر سے مت ہٹیو پھر آپ تشریف
لے گئے اور میرے سامنے چھوہارون کے درختون مین ایک ابر سیاہ سا اوٹھا مجھے ڈر
ہوا کہ آپ کو کچھ صدمہ نہ پہونچے مگر مینے یاد کیا کہ آپنے فرمایا تھا کہ یہان سے مت ہٹیو اسلیے مین وہان
نہ اوٹھا پھر مینے سنا کہ آپ فرماتے تھے کہ بیٹھ جاؤ پھر وہ بیٹھے یہان تک کہ جب صبح قریب ہوئی
تب وہ لوگ گئے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے مینے اپنے اندیشے کا
ذکر کیا آپنے فرمایا کہ وہ لوگ نصیبین کے جن تھے کہ میری ملاقات کے لیے آئے تھے **ف**

ابو البقا شبلی حنفی نے اپنی کتاب آکام المرجان فی احکام الجان مین لکھا ہی کہ حدیثون سے یہ بات ثابت
ہوتی ہی کہ چھ مرتبہ جن آپکے حضور مین حاضر ہوئے پہلی مرتبہ مکے مین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
یک ناگاہ گم ہوگئے اور اصحاب نے آپ کو میدانون مین اور پہاڑ کی گھاٹیون مین تلاش کیا صبح کو آپ
جانب کوہ حرا سے تشریف لائے اور آپنے فرمایا کہ میرے پاس جنون کا بلانے والا آیا تھا
سو مین اوسکے ساتھ گیا اور مینے جنون کو کلام اللہ سنایا اور اس قصے کو ابو داؤد نے عبد اللہ بن
مسعودؓ سے روایت کیا ہی اور اوس مرتبہ آپکے ساتھ کوئی نتھا اور دوسری مرتبہ جن آپ کے
حضور مین حجون مین اور تیسری مرتبہ اعلاے مکہ کے پہاڑون مین اور چوتھی مرتبہ بقیع الغرقد
مین اور ان دونون بار عبد اللہ بن مسعودؓ آپکے ساتھ تھے اور پانچوین مرتبہ خارج مدینہ مین اور
اس بار حضرت ابن زبیرؓ آپکے ساتھ تھے اور چھٹی مرتبہ ایک سفر مین کہ بلال آپکے ساتھ تھے **ف** حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ
جب کوفے مین آئے وہان کچھ جتھے سیاہ فام قوم زط مین سے دیکھے اونکو دیکھکر گھبرا گئے اور کہا کہ یہ بہت
مشابہ ہین اون جنون سے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوئے تھے

معجزہ ۱۶۶ بیہقی نے سواد بن قارب سے روایت کی ہی کہ اونھون نے بیان کیا کہ مجھے

ایامِ جہالت مین ایک جن سے آشنائی تھی وہ آیندہ کی خبرین مجھے پونہچایا کرتا تھا اور مین لوگونکو بتادیا کرتا تھا اِس تقریب سے مجھے بہت فائدہ ہوتا تھا اور لوگ مجھے نذرین دیا کرتے تھے اور اونکی خبرین سچی نکلتی تھین ایکبار مین سوتا تھا کہ اوس جن نے مجھے آکر جگایا اور کہا کہ اوٹھ اور ہوش مین آ اور سمجھ لے اگر تجھے شعور ہی کہ ایک پیغمبر اولاد لوی بن غالب سے پیدا ہوئے ہین پھر چند اشعار پڑھے مضمون و نکایہ ہی کہ مجھے تعجب ہی جنون کے حال سے کہ مضطرب ہوکر اپنے اونٹون پر زین باندھکر مکے کو بطلب ہدایت جاتے ہین اور مسلمان جن مانند ناپاک جنون کے نہین ہین تو بھی کوچ کر طرف اوس شخص کے کہ سردار ہی قبیلہ بنی ہاشم مین اور بلند کر دونون آنکھین اپنی طرف اوس سردار کے سواد بن قارب کہتے ہین کہ مین وہ ابیات سنکر رات بھر بے چین رہا دوسری رات بھی اوس جن نے آکر مجھے جگایا اور اوسی جنس کے اشعار پڑھے اور تیسری رات بھی ایسا ہی اتفاق ہوا جب تین رات متواتر یہ حال دیکھا میرے دل مین محبت اسلام کی پیدا ہوئی اور مین مکے کو روانہ ہوکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین پونہچا آپنے مجھے دیکھتے ہی فرمایا مرحبا ای سواد بن قارب مین جس سبب سے تم آئے ہو مینے کہا یا رسول اللہ کچھ اشعار مینے آپکی مدح مین کہے ہین اول اون اشعار کو آپ سن لین آپنے فرمایا پڑھو سواد بن قارب نے قصیدہ بائیہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین کہا تھا پڑھا آخر اوس قصیدے کی یہ بیت ہی

بیت وَكُنْ لِي شَفِيعًا يَوْمَ لَا ذُو شَفَاعَةٍ ✣ سِوَاكَ بِمُغْنٍ عَنْ سَوَادِ بْنِ قَارِبِ

معجزہ ۱۶۷ امام احمد نے جابر بن عبد اللہ اور ابو نعیم نے ضمرہ سے اور بیہقی نے امام زین العابدین سے روایت کی ہی کہ اول خبر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ منورہ مین اسطرح پونہچی کہ ایک مدینے کی عورت کے ساتھ ایک جن کو عشق تھا وہ ہر رات اوس عورت کے پاس آیا کرتا تھا اور اکثر جانور پرندہ کی صورت بنکر دیوار پر آبیٹھتا تھا جب خلوت ہوجاتی تو آپ سے آدمی کی شکل بناکر صحبت کرتا تھا ایکبارگی اوسکا آنا موقوف ہوگیا چند روز نہ آیا ایکدن آکر دیوار پر بیٹھا اوس عورت نے کہا کہ تجھے کیا ہوگیا جو اتنی مدت سے نہین آیا اوسنے کہا کہ اب تجھ سے رخصت ہوتا ہون مجھ سے آنے کی توقع مت رکھ مکے مین ایک پیغمبر پیدا ہوئے ہین اونھون نے ہمپر زنا حرام کیا ہی

معجزہ ۱۶۸ ابو نعیم نے حضرت عثمان سے روایت کی ہی کہ ہم ایکبار حدود شام مین تھے

Marfat.com

وہان ایک عورت کاہنہ تھی کہ اس فن مین بہت مشہور تھی جو اوسکی ملاقات کو گئے اونہا اوس سے حال اپنے
سفر کا پوچھا اوسنے کہا کہ اب مجھے کچھہ نہین معلوم ہوتا اور جس جن سے مجھے رابطہ تھا اور اوس سے پوچھکر مین
جواب سوال دیتی تھی ایکدن اوسنے میرے دروازے پر کھڑے ہوکر کہا کہ اب رخصت ہوتا ہون مینے
کہا کیون کہا کہ احمد صلی اللہ علیہ وسلم ظاہر ہوئے ہین اور ایسی بات پیش ہوئی ہی کہ جس کی طاقت نہین

معجزہ ۱۶۹ بیہقی نے روایت کی ہی کہ مازن طائی عمان مین بتونکی خدمت پر مقرر تھا
مازن کہتا ہی کہ وہان کے بتون مین ایک بت کا نام ناجر تھا ایکدن مینے اوسکے لیے ایک جانور
ذبح کیا اوس بت کے پیٹ مین سے آواز سنی گئی کہ کوئی کہتا تھا اشعار جنکا ترجمہ یہ ہی اے مازن
میری طرف ایسی بات سنے گا جسکا جاننا ضرور ہی یہ پیغامبر خدا کے بھیجے ہوئے لائے ہین حق جو
خدا نے اوتارا ہی تو اوسپر ایمان لا تا کہ بچے تو ایسی آگ کی گرمی سے کہ شعلہ مارتی ہی اور لکڑیون
کی جگہہ اوسمین پتھر جلائے جاتے ہین مازن کہتا ہی کہ مین یہ آواز سنکر بہت متعجب ہوا اور دوسری بار
ایک ذبیحہ ادا کیا سو اور آواز پہلی بار سے واضح سنی کہ کوئی کہتا ہی اشعار جنکا ترجمہ یہ ہی اے مازن سن
تا کہ خوش ہو تو نیکی ظاہر ہوئی اور بدی چھپی ایک نبی قوم مضر سے پیدا ہوا ہی اللہ تعالی کا دین لیکر
سو تو چھوڑ دے پتھر کے تراشے ہوئے کو تا کہ دوزخ کی آگ سے سلامت رہے مازن کہتا ہی
کہ اوس وقت سے مین بیچ تلاش اوس پیغمبر کے تھا کہ قوم مضر سے مبعوث ہوا ہی ایک قافلہ حجاز سے
آیا مینے اوس سے پوچھا کہ وہان کی کیا خبر ہی اونھون نے کہا کہ ملک تہامہ مین ایک شخص پیدا ہوئے
ہین کہ نام اونکا احمد ہی وہ اپنے تئین خدا کا بھیجا ہوا کہتے ہین مین سمجھا کہ اوس آواز سے آپ ہی
مراد ہین سواری اور اسباب آمادہ کرکے مکے کی طرف روانہ ہوا آپکی صورت دیکھتے ہی دل میرا مائل
باسلام ہوا اور مین مسلمان ہوگیا آپنے کہا کہ کچھہ اور بھی تمھارا مطلب ہی مینے کہا کہ یا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم میرے تین مطلب ہین اول یہ کہ مین تماشائی ہون شوق باجے اور شراب اور
زنکہ بازی کا بہت رکھتا ہون دوسرا یہ کہ ہمارے ملک مین قحط بہت ہی تیسرا یہ کہ میرے اولاد نہین ہی مجھے اولاد کی
تمنا ہی آپ ان تینون باتون کے لیے دعا فرمائیے آپنے فرمایا کہ الٰہی بدلے راگ اور باجے کے اسکو توفیق قرارت
قرآن کی دے اور بدلے حرام عورتون کے حلال عورتین ملین اوسے شرم و حیا نصیب کر اور اولاد بھی عنایت کر
مازن کہتا ہی کہ خدا تعالی نے وہ سب عیب مجھہ سے دور کیے اور ملک ہمارا آباد اور سرسبز ہوگیا اور چار

معجزہ ۱۶۹

Marfat.com

عورتین خوبصورت میرے نکاح مین آئین اور حیانؓ بن مازن بیٹا قابل اور لئیق مجھے اللہ نے دیا

معجزہ ۱۷۰ بزار اور ابو نعیم اور ابن سعد نے جبیرؓ بن مطعم سے روایت کی ہو کہ قبل بعثت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم ایک بت کے پاس موضع بوانہ مین بیٹھے تھے اور ایک اونٹ نذر اوس بت کے ذبح کیا تھا یکبارگی اوس بت کے پیٹ مین سے ایک آواز ہمنے سنی کہ کوئی کہتا تھا خبردار ہو اور سن تعجب کی بات جاتا رہا جنون کا چرانا اخبار آسمانی کو بسبب آنے وحی کے اور جنون کو شعلون سے مارتے ہین بسبب آنے ایک پیغمبر کے مکے مین کہ نام اونکا احمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور ہجرت گاہ اونکی یثرب ہی جبیرؓ کہتے ہین کہ ہم متعجب ہو کر وہان سے اوٹھے اور بعد چند روز کے جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی پیغمبری مشہور ہوئی

معجزہ ۱۷۱ ابن شاہینؒ وغیرہ محدثون نے روایت کی ہو کہ ذباب بن حارث نے کہا کہ میرا ایک جن آشنا تھا کہ خبرین غیب کی پہونچاتا تھا ایکدن میرے پاس آیا مینے اوس سے کچھ پوچھا اوسنے میری طرف بنگاہ حسرت دیکھ کے کہا کہ ای ذباب تعجب کی بات سن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کتاب لیکر خدا کی طرف سے مبعوث ہوئے ہین مکے مین لوگون کو حق بات کی طرف بلاتے ہین سو لوگ نہین مانتے مینے کہا کہ کیا کہتا ہی سوال دیگر جواب دیگر اوسنے کہا کہ پھر سمجھے گا تو اور اوٹھا ہوا چلا گیا چند روز نگذرے تھے کہ خبر پیغمبری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پہونچی انتہی اور عمرو بن ابی شیبہ نے بھی مثل اس قصے کے جموحؓ بن عثمان غفاری سے روایت کیا ہو کہ ایک کاہن قبیلہ غفار مین تھا اوسے بھی اوسکے یار جنی نے جواب دیا اور رو کیا

معجزہ ۱۷۲ ابو نعیم نے روایت کی ہو کہ ایک روز حضرت عمرؓ اپنی مجلس مین بیٹھے تھے ایک شخص آیا حضرت عمرؓ نے اوس سے کہا کہ تیرے قیافے سے ایسا معلوم ہوتا ہو کہ تو کاہن تھا اور جنون سے تیری صحبت رہی تھی اوسنے کہا کہ ہان حضرت عمرؓ نے کہا کہ اب بیان کرو کہ اب بھی صحبت جنون کی رہتی ہو یا نہین اوسنے کہا کہ نہین اور قبل رواج دین اسلام سے ایکدن جن ہم صحبت میرے آگے آئے اور کہا کہ یَا سَالِمُ یَا سَالِمُ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ وَالْخَیْرُ الدَّائِمُ غَابَ حِلْمُ النَّائِمِ اللّٰہُ اَکْبَرُ ای سالم ای سالم آیا حق ظاہر اور نیکی ہمیشہ کے لیے نہ خواب سونے والے کا اللہ بزرگ ہے اوس مجلس مین حاضر تھا اوسنے کہا کہ مجھے بھی ایکبار ایسے ہی قصے کا اتفاق ہوا ہی ایکدن مین ایک میدان جنگل مین چلا جاتا تھا اور ادھر اودھر سے کوئی نظر نہ آتا تھا یکبارگی ایک شتر سوار روبرو میرے پیدا ہوا اور اوسنے باواز بلند کہا یَا اَحْمَدُ یَا اَحْمَدُ اَللّٰہُ اَعْلٰی وَ اَمْجَدُ اَتَاكَ مَا وَعَدَكَ

Marfat.com

مِنَ الْخَیْرِ یَا اَحْمَدُ یعنی ای احمد ای احمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ بہت بلند رتبہ ہی اور بہت بزرگ ہی آیا جو کچھ وعدہ کیا ہی
تمسے اللہ نے خیر کا ای احمد یہ کہکے وہ شتر سوار میری نگاہ سے غائب ہو گیا ایک مرد انصاری نے کہ اوس
مجلس مین حاضر تھا بیان کیا کہ مین شام کو گیا تھا ایکبار زمین بے آب و گیاہ مین چلا جاتا تھا یکبارگی
اشعار سُنے کہ مضمون اونکا یہ ہی آیک ستارہ چمکا اور اوسنے اپنی مشرق کو روشن کیا وہ ایک
رسول ہین جو کوئی اونکی تصدیق کرے فلاح پاوے اللہ نے اونکے امر کو ثابت کیا ہی

معجزہ ۱۷۳ فاکہی نے اخبار مکہ مین عامر بن ربیعہؓ سے اور ابو نعیم نے ابن عباسؓ اور
اور محدثون نے عبدالرحمٰن بن عوفؓ اور اور صحابیون سے روایت کی ہی کہ ایکبار ایک جن نے کوہ ابو قبیس پر
آواز سخت کی اور چند شعر ہجو دین اسلام مین اور اس مضمون کی کہ مسلمانون کو جلد مار ڈالو
اور شہر سے نکال دو اور بت پرستی مت چھوڑو یہ پڑھ کر کافر بہت خوش ہوئے اور مسلمانون سے کہنے
لگے کہ غیب سے بھی تمہارے قتل اور شہر بدر کرنے کا حکم ہوتا ہی مسلمانون کو نہایت رنج ہوا اور
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آکر اس حال کو بیان کیا آپ نے فرمایا کہ تم خاطر جمع رکھو وہ آواز کرنے والا
ایک شیطان تھا مسعر نام عنقریب خدا تعالیٰ اوسے سزا کو پونہچاویگا جب تیسرا دن ہوا آپنے مسلمانونکو بشارت
دی اور فرمایا آج ایک جن قوم میں سمحج نام میرے پاس آکر مسلمان ہوا مینے اوسکا نام عبداللہ رکھا
اوسنے مجھسے پروانگی قتل مسعر کی لی اور مینے اجازت دی آج مسعر مارا جائیگا مسلمان خوش
ہوئے اور منتظر رہے شام کے وقت اوسی مقام سے ایک آواز سخت آئی چند شعر اس مضمون کے
کہ ہمنے مسعر کو مار ڈالا اس سبب سے کہ اوسنے سرکشی کی اور تکبر کیا اور حق کو حقیر کیا اور بُری بات کی راہ
نکالی جناب پاک پیغمبر کی شان مین بے ادبی کی مینے ایک شمشیر درخشان سے اوسکا کام تمام کیا

معجزہ ۱۷۴ ابو نعیم اور ابن عساکر نے ایک شخص سے جو قبیلہ بنی خثعم سے تھا روایت کی
ہی کہ عرب کا قاعدہ یہ تھا کہ حرام و حلال کو نہین پہچانتے تھے اور بتون کو پوجتے تھے اور جب
آپس مین کچھ جھگڑا ہوتا تھا تو بتون کے روبرو جاتے اور حال بیان کرتے اور جو اونکے پیٹ مین
سے آواز آتی اوسپر عمل کرتے ایکبار رات کو ہم بابت ایک جھگڑے کے قربانی اور نذر گذران کے
ایک بت کے پاس بیٹھے تھے اور منتظر آواز غیبی کے تھے یکبارگی اوس بت کے پیٹ سے
آواز آئی چند شعر کہ مضمون اونکا یہ ہی ای آدمیون اجسام والو کہ بتون سے حکم چاہتے ہو

کیون ایسے بے عقل ہوگئے ہو یہ پیغمبر ہین سردار سب آدمیون کے اور بڑے عادل سب حاکمون مین ظاہر کرتے ہین نور اور اسلام کو اور نکالتے ہین آدمیونکو گناہون سے ہم سب یہ آواز سنکر بھاگ گئے اور پریشان ہوگئے اور یہ قصہ نقل ہر مجلس کا ہوا یہانتک ہمین خبر پہونچی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکے مین پیدا ہوئے اور پھر مدینے کو ہجرت فرمائی ہم سب آکے مسلمان ہوگئے

معجزہ ۱۷۵ ابو نعیم نے تمیم داری رضی سے روایت کی ہی کہ مین شام مین تھا جن دنون کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر ہوئے ایک سفر مین مین تھا کہ مجھے اثنائے راہ مین رات ہوگئی مینے موافق دستور قدیم عربون کے اوس جنگل مین باواز کہا کہ مین اس جنگل کے سردار کی پناہ مین ہون یکبارگی سُنا کہ کوئی شخص کہتا تھا اور مجھے کوئی نظر نہ آتا تھا کہ اللہکی پناہ مانگ جن بے حکم خدا کسی کو پناہ نہین دے سکتے مینے کہا کہ کیا کہتا ہی کہا کہ عرب کے پیغمبر ظاہر ہوئے اور ہمنے اونکے پیچھے حجون مین نماز پڑھی اور ہم مسلمان ہوگئے اور اون پیغمبر کے تابع ہوگئے اور مکر جنون کا جاتا رہا آگ کے شعلون سے وہ مارے جاتے ہین تو جا محمد رسول رب العالمین کے پاس اور اسلام لا تمیم کہتے ہین کہ جب صبح ہوئی اور مین وہان سے روانہ ہوا ایک شہر مین پونہچا اور ایک راہب سے یہ قصہ بیان کیا اوسنے کہا کہ جنون نے سچ کہا ایک پیغمبر حرم سے نکلین گے اور دوسرے حرم کو ہجرت کرین گے اور وہ پیغمبر سب پیغمبرون سے افضل ہین تو جلدی سے اونکی خدمت مین پہونچ

معجزہ ۱۷۶ ابو نعیم نے خویلد ضمری سے روایت کی ہی کہ ہم ایک بت کے پاس بیٹھے تھے یکبارگی اوسکے پیٹ مین سے آواز آئی کہ جن جو خبرین آسمانی چورا لاتے تھے سو یہ بات جاتی رہی اب ستارون سے جنون کو مارتے ہین بسبب ایک نبی کے کہ مکے مین پیدا ہوئے ہین نام اونکا احمد ہی اور جائے ہجرت اونکی یثرب ہی حکم کرتے ہین نماز کا اور روزے کا اور نیکوکاری اور اقارب سے سلوک کرنے کا ہم سب آواز سنتے ہی اوٹھ کھڑے ہوئے اور پیغمبر کی تفتیش
لوگون نے کہا سچ ہی مکے مین ایک پیغمبر پیدا ہوئے ہین نام اونکا احمد ہے

معجزہ ۱۷۷ ابو نعیم اور ابن جریر اور طبرانی وغیرہ محدثون نے باسانید متکثرہ و طرق متعددہ عباس بن مرداس رضی سے کہ ایک سردار مشہور سرداران عرب سے تھا روایت کی ہی کہ میرے باپ نے بوقت وفات واسطے عبادت ایک بت کے کہا اوسکا نام ضمار تھا وصیت کی تھی

Marfat.com

اور کہا تھا کہ اگر تمھیں کوئی مشکل پیش آوے تو اسی بت کی طرف رجوع لائیو ایک دن میں کسی کام کے واسطے گیا تھا اور ایک درخت کے سایے تلے دوپہر کے وقت آرام کے لیے بیٹھا تھا اور میرے ساتھ جو نوکر اور رفقا تھے وہ بھی درختوں کے سایے میں ٹھہرے تھے یکبارگی مینے دیکھا کہ ایک شترمرغ سفید جیسے روئی کا گالا ہوا پر سے اوترا اور اوس شترمرغ پر ایک مرد پیر سفید پوش نورانی سوار ہی اوسنے مجھ سے کہا کہ ای عباس بن مرداس کچھ جانتا ہی کہ آسمان کو چوکیدار ون سے محافظت کرتے ہین اور جنگ اور قتال زمین پر شائع ہوئی اور گھوڑے ساتھ زین اور لگام کے تیار ہوئے اور جو شخص کہ یہ راہ نیک زمین پر لایا ہی روز دوشنبہ اور شب سہ شنبہ پیدا ہوا ہی اور اوسکے پاس ایک اونٹنی قصوا نام ہی؁ کلام اوسکے مینے رعب کھایا اور وہان سے سوار ہو کے گھر پونہچا اور اول اوسی ضمار بت کے آگے گیا اور تھوڑی دیر تک متوجہ اوس بت کے بیٹھا اوسکے پیٹ سے آواز آئی چند شعر مین مضمون اونکا یہ کہ سارے قبائل سلیم؁ سے کہدو کہ بتخانے والے ہلاک ہوئے اور مسجد والے زندہ ہوئے ضمار ہلاک ہوا اور اوسے لوگ پوجتے تھے ایک مدت تک قبل اوترنے کتاب کے طرف اوس نبی کے کہ نام پاک اونکا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی بیشک وہ جو وارث ہوئے نبوت اور ہدایت کے بعد مریم کے بیٹے کے قریش میں سے ہین ہدایت پانے والے مینے یہ قصہ لوگون سے چھپایا اور کسی سے نکہا یکبار اون دنون مین جبکہ کفار غزوۂ احزاب؁ سے پھرے تھے مین اوسوقت بطرف عقیق؁ کے واسطے خرید اونٹون کے گیا تھا یکبارگی ایک آواز سخت آسمان سے سنی سر اوٹھا کر دیکھا کہ وہی پیر سفید پوش شترمرغ پر سوار ہی اور کہتا ہی کہ وہ نور کہ روز دوشنبہ اور شب سہ شنبہ دنیا مین آیا ہی اب عنقریب ساتھ ناقہ قصوا کے ملک نجد مین پونہچیگا عباس بن مرداس کہتا ہی تب ہی سے اعتقاد اسلام کا میرے دل مین راسخ ہوا

معجزہ ۱۷۸ ابن سعد اور ابو نعیم نے سعید بن عمرو ہذلی؁ سے روایت کی ہی کہ میرے باپ نے ایکدن ایک بت کے آگے بطور نذر کے ایک بکری حلال کی اوس بت کے پیٹ مین سے آواز آئی اشعار کہ ترجمہ اونکا یہ ہی تعجب ہی کہ ایک پیغمبر پیدا ہوئے اولاد عبدالمطلب سے حرام کرتے ہین زنا کو اور بتون کے لیے ذبح کرنے کو نگہبانی کی گئی آسمانون کی اور یک بیک مارے گئے ہم ستارون سے پھر ایک یہ آواز سنکر مکے کو گیا کسی نے اوسکو آپ کا نشان نہ دیا یہانتک کہ حضرت ابوبکر صدیق؁ نے کہا کہ ہان محمد صلی اللہ علیہ وسلم بن عبداللہ بن عبدالمطلب ہمارے درمیان مین پیغمبر خدا ہین تمھین چاہیے کہ اونپر ایمان لاؤ اور

Marfat.com

معجزہ ۱۷۹ ابن سعد نے جعد بن قیس مرادی سے روایت کی ہی کہ ہم چار آدمی اپنے وطن سے بارادۂ حج روانہ ہو راہ مین ملک یمن کے ایک جنگل مین چلے جاتے تھے ایک آواز آئی اشعار اس مضمون کی کہ اے سوار جانے والو جب زمزم اور حطیم پر تم پونہچو تو ہمارا اسلام پونہچائیو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جنھین اللہ نے پیغمبر کیا ہی اور یہ کہہ بہیجو کہ ہم تمہارے دین کے تابعدار ہین اسی بات کی وصیت کی تھی ہمین مسیح بیٹے مریم نے

معجزہ ۱۸۰ امام احمد اور بزار اور ابویعلی اور بیہقی اور اور محدثون نے بلال بن حارث سے روایت کی ہی کہ ایکبار ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر مین تھے مقام عرج مین منزل ہوئی مین اپنے خیمہ سے آپ کی ملاقات کے لیے گیا دیکھا کہ آپ لشکر کے خیمے سے دور جنگل مین تنہا بیٹھے ہین جب مین متصل پونہچا آواز غوغا و شور کی میرے کانون مین پونہچی گویا کہ بہت سے آدمی آپسمین کچھ جھگڑا کر رہے ہین مینے توقف کیا اور سمجھا کہ مردان غیب کا ہجوم آپ کے پاس ہی یہان تک کہ آپ خود وہان سے اوٹھکر تبسم کرتے ہوئے تشریف لائے مینے عرض کیا کہ غوغا اور شور کیا تھا آپ نے فرمایا کہ مسلمان جنون کو ساتھ کافر جنون کے بابت سکونت کے نزاع تھا اور میرے پاس واسطے انفصال اس خرخشے کے آئے تھے مینے یون انفصال کر دیا کہ مسلمان حبش مین اور کافر غور مین سکونت رکھین اور آپس مین نہ ملین کثیر بن عبداللہ کہ راوی اس حدیث کے ہین کہتے ہین کہ مینے تجربہ کیا ہی کہ ملک حبش مین جسے جن کا آسیب ہوتا ہی جلد شفا پاتا ہی اور ملک غور مین جسے آسیب ہوتا ہی اکثر ہلاک ہو جاتا ہی

معجزہ ۱۸۱ خطیب نے جابر بن عبداللہ رض سے روایت کی ہی کہ ایکبار ہم ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سفر مین تھے اور آپ ایک درخت چھوہارے کے تلے بیٹھے تھے یکبارگی ایک بڑے سانپ کالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف قصد کیا لوگون نے چاہا کہ اوسے مار ڈالین آپ نے فرمایا کہ اسے آنے دو یہان تک کہ متصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پونہچا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کان کے سوراخ مین لے گیا پھر آپ نے اوسکے دہن مین سونہہ بہجا کے کچھ فرمایا بعد اوسکے وہ سانپ غائب ہو گیا گویا کہ زمین اوسے نگل گئی یا رسول اللہ سانپ کو آپ نے اپنے کانون کے متصل ہونے دیا ہمین بہت ڈر غالب ہوا تھا آپ نے فرمایا کہ جانور تھا جن تھا کہ جنون کا بھیجا ہوا آیا تھا فلانی سورت مین سے کچھ آیتین بھول گیا

اون آیتون کی تحقیق کے لیے جنون نے اوسے بھیجا تھا تم لوگونکو دیکھکر سانپ کی صورت
آیتین پوچھ گیا اور جابرؓ کہتے ہین کہ بعد اسکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور راہ مین
ایک گانون مین پوہنچے اوس گانون کے آدمی خبر آنے کی سنکر باہر گانون کے منتظر تھے جب آپ
پوہنچے تو اونھون نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اوس گانون مین ایک عورت نوجوان ہی اوسپر ایک جن عاشق
ہوا ہی اور اوسپر آچڑھا ہی کھاتی ہی نہ پیتی ہی قریب ہی کہ ہلاک ہو جاوے جابرؓ کہتے ہین کہ مینے اوس عورت کو
دیکھا بہت خوبصورت تھی جیسے چاند کا ٹکڑا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسے بلا کر فرمایا کہ ای جن
تو جانتا ہی کہ مین کون ہون محمد رسول خدا ہون اس عورت کو چھوڑ دے اور چلا جا آپ کے
فرماتے ہی وہ عورت ہشیار ہو گئی اور نقاب مونہہ پر کھینچ لیا اور مردون سے شرم کرنے لگی اور بالکل صحیح ہو گئی

باب پانچوان بیان معجزات عالم علوی یعنی آسمان اور ستارون مین

معجزہ ۱۶۲ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ وَاِنْ یَّرَوْا اٰیَۃً یُّعْرِضُوْا وَیَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ **تفسیر** اِقْتَرَبَتِ السَّاعَۃُ نزدیک ہوئی قیامت یعنی
اور اب تم لوگون کو قیامت کے آنے مین مجال استبعاد نہین رہا بڑی وجہ استبعاد قیامت کی یہ تھی کہ
صورت عالم کا بگڑ جانا بالخصوص اجرام علویہ یعنی آسمان اور ستارون کا پھٹ جانا تمھارے نزدیک
غیر ممکن تھا سو تم نے ای اہل مکہ بچشم خود دیکھ لیا کہ اِنْشَقَّ الْقَمَرُ یعنی چاند پھٹ گیا جبکہ تمنے
ہمارے پیغمبر سے درخواست کی تھی کہ کوئی معجزہ دکھائین سو اونھون نے چاند کو دو ٹکڑے
دکھلا دیا یہان تک کہ جبل حرا اون دونون ٹکڑون کے درمیان مین دیکھا گیا اور جب چاند کہ منجملہ اجرام
علویہ ایک نیر نورانی ہی پھٹ گیا تو اور ستارونکا اور آسمانون کا پھٹ جانا اور سارے عالم کی ہیئت کا
بدل جانا اور فنا ہو جانا کچھ محال نہین پس تم پیغمبر کو کہ ہمیشہ قیامت سے ڈراتے ہین سچا سمجھو اور اونکی
اطاعت اختیار کرو اور ایمان لاؤ لیکن عجب حال ہی جاہلان بے دین کا کہ جو باتین اونکے دلون مین
سما رہی ہین اگرچہ صریح خلاف عقل ہین اور اونکی خوبی پر کوئی دلیل نہین جیسے بت پرستی اونکو
بہتر جانتے ہین وَاِنْ یَّرَوْا اٰیَۃً اور اگر دیکھتے ہین کوئی معجزہ نمایان جیسے پھٹ جانا چاند کا کہ
بہت بڑا معجزہ ہی اور تصرف ہی عالم علوی مین اور دلیل کامل ہی اوپر صدق پیغمبر اور آنے قیامت کے
یُّعْرِضُوْا وَیَقُوْلُوْا سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ مونہہ پھیرتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ جادو ہی کہ ہمیشہ ایسا ہی کیا کرتا ہی

ف یہ معجزہ شق القمر معجزات مشہورۂ متواترہ مین سے ہی اور قرآن مجید مین بوضوح تمام مذکور ہی جیساکہ اوپر کے بیان سے واضح ہوتا ہی اور بعضے نافہم جو بنقل قول ضعیف مرجوح یہ سمجھتے ہین کہ انشق القمر سے مراد یہ ہی کہ قیامت کو چاند پھٹ جائیگا سو یہ قول باطل محض ہی کوئی عاقل بنظر سیاق وسباق آیت کے اس مقام پر ہرگز یہ نہ سمجھے گا کہ انشقاق آیندہ روز قیامت مراد ہی اولاً ساتھ اقتربت الساعۃ کے کہ خبر قرب وقوع قیامت ہی انشقاق قمر حالی کو مناسبت ہی کہ دلیل ہی اوپر امکان قیامت کے جیساکہ ہمنے تفسیر مین بیان کیا نہ انشقاق قمر آیندہ کو اسواسطے کہ اوسکو علاقہ ساتھ وقوع قیامت کے ہی نہ ساتھ قرب قیامت کے پس اگر منظور بیان انشقاق روز قیامت ہوتا تو یون کہتے کہ آویگی قیامت اور پھٹ جائیگا چاند جیساکہ اہل سلیقہ پر پوشیدہ نہین ہی ثانیاً انشق صیغہ ماضی ہی بے وجہ موجہ اوسکو بمعنی مضارع ٹھہرانا بیجا ہی ثالثاً وہ معطوف ہی اقتربت پر کہ وہ بھی صیغہ ماضی ہی بمعنی ماضی پس مناسبت عطف بھی مقتضی اس بات کو ہی کہ انشق سے معنی ماضی ہی مراد ہون رابعاً وان یروا آیۃ یعرضوا الآیہ صاف دلیل ہی اس بات پر کہ اوس سے ماقبل معجزۂ شق القمر ہی مذکور ہی نہ انشقاق روز قیامت بالجملہ بے شبہہ وشک اس مقام پر ذکر معجزۂ شق القمر ہی اور بنص قرآنی تحقق اس معجزے کا ثابت اور احادیث کے طریقے سے بھی یہ معجزہ بروایات متواترہ ثابت ہی جماعت اصحاب نے مثل حضرت علی اور ابن عباس اور ابن عمر اور جبیر بن مطعم اور حذیفہ بن الیمان اور انس بن مالک رضی اللہ عنہم نے اس قصے کو روایت کیا ہی اور ان اصحاب سے جماعت کثیرۂ تابعین اور اون سے بیشمار تبع تابعین نے روایت کی ہی اور صحیحین مین اور بہت کتب معتبرۂ حدیث مین اسکی روایت ہی اور امام تاج الدین سبکی نے شرح مختصر ابن حاجب مین صاف لکھا ہی کہ روایت شق القمر کی متواتر ہی اور تفصیل اوسکے قصے کی یہ ہی کہ قبل ہجرت کے مکہ معظمہ مین ابو جہل اور ولید بن مغیرہ اور عاص بن وائل وغیرہ کفار قریش نے مجتمع ہوکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین عرض کیا کہ اگر تم سچے ہو تو چاند کے دو ٹکڑے کردو آپنے فرمایا کہ اگر مین ایسا کرون تو تم ایمان لاؤگے اونھون نے کہا کہ ہان ہم ایمان لاوینگے آپنے اللہ جل جلالہ سے درخواست کی کہ یہ بات ہو جاوے یعنی چاند آپ کے حکم سے شق ہو جائے سو چاند دو ٹکڑے ہو گیا اور آپنے پکارکے اور ہر ایک کافر کا نام لیکر فرمایا کہ ای فلانے ای فلانے گواہ رہو سو سب لوگون نے اچھی طرح سے دیکھہ لیا اور دونون ٹکڑے

اتنے فرق سے ہو گئے تھے کہ جبل حرا اون دونون کے درمیان مین نظر پڑتا تھا کافرون نے
کہا کہ یہ انکا سحر ہی پھر ابو جہل نے کہا کہ سحر ہی تو تمھارے اوپر سحر ہوگا یہ بات تو نہین ہو سکتی کہ
سارے زمین والون پر سحر ہو اور شہر والے لوگ جو تمھارے ہان آوین اون سے تم حال پوچھو سو
اور آفاق کے آنے والون سے پوچھا سبھون نے بیان کیا کہ ہمنے بھی چاند کا شق ہونا دیکھا
ف بے دینون نے اس معجزے پر دو اعتراض کیے ہین ایک کہ آسمان اور ستارون مین
خرق والتیام محال ہی پھر چاند کیسے پھٹ گیا اور دوسرا یہ کہ اگر یہ امر واقع ہوتا تو اور اقالیم کے
لوگ بھی دیکھتے اور اپنی تواریخ مین نقل کرتے سو یہ دونون اعتراض بیہودہ ہین اعتراض
اول کا یہ جواب ہی کہ موافق مذہب اہل اسلام کے آسمان اور ستارون مین خرق اور التیام ہرگز
محال نہین قیامت مین آسمان اور ستارے سب پاش پاش ہو جاینگے چنانچہ نصوص قطعیہ آیات
قرآنی و احادیث نبوی اس باب مین بیشمار وارد ہین اور موافق قواعد حکمت کے بھی یہ بات باطل ہی
حکماے انگلستان نے جو فیثاغورس کی ہیئت کی کمال تشریح اور ترویج کی ہی صاف ثابت کیا ہی
کہ ستارے کثیف مثل زمین کے ہین اور سب قابل کون و فساد اور خرق والتیام کے ہین اور حکماے
مشائین نے جنکا مذہب امتناع خرق والتیام فلکیات ہی کوئی دلیل اس بات پر قائم نہین کی کہ سب
افلاک اور کواکب مین خرق والتیام نہین ہو سکتا بلکہ صرف فلک الافلاک کی امتناع خرق والتیام پر
دلیل کہ اونکے اصول بے سروپا پر مبتنی ہی قائم کی ہی چنانچہ صدر شیرازی نے شرح ہدایت الحکمۃ مین
دو جگہہ یہ بات ذکر کی ہی پس چاند کا امتناع خرق موافق مذہب مشائین کے بھی ثابت نہین اور دوسرے
اعتراض کا یہ جواب ہی کہ یہ بات غلط ہی کہ اور اقالیم والون نے نہین دیکھا اور نقل نہین کیا زمانہ نبوی
مین کافران قریش نے اور اہل اقالیم سے جو حال شق القمر کا دریافت کیا تو سبھون نے مشاہدہ اوس کا
بیان کیا چنانچہ کتب معتبرہ احادیث مین مذکور ہی اور تاریخ فرشتہ مین ہی کہ ملیبار کے ایک راجہ نے
مسلمانون کی زبانی قصہ شق القمر کا سُنا اور اپنے برہمنون سے اون سالون کے حالات مین کہ جو زمانہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تھا اس قصے کو تلاش کرایا سو برہمنون نے کتابون مین دیکھکر اوسکی
تصدیق کی اور وہ راجہ مسلمان ہو گیا اور سوانح الحرمین مین لکھا ہی کہ شہر دہار کہ متصل دریاے
چنبل صوبہ مالوہ مین واقع ہی وہان کا راجہ اپنے محل کی چھت پہ بیٹھا تھا یکبارگی اوسنے دیکھا

Marfat.com

کہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا اور پھر مل گیا اور سنے اپنے ہان کے پنڈتون سے استفسار کیا اونھون
نے کہا کہ ہماری کتابون مین لکھا ہی کہ ایک پیغمبر عرب مین پیدا ہونگے اونکے ہاتھہ پر معجزہ شق القمر ظاہر ہوگا
چنانچہ راجہ نے ایک ایلچی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین بھیجا اور ایمان لایا اور آپ نے اوسکا نام
عبداللہ رکھا اور قبر اوس راجہ کی اوس شہر کے باہر ابتک یادگاہ ہی فقط اور مولانا رفیع الدین صاحب
نے اپنے رسالۂ شق القمر مین بھی اس قصے کو تاریخ فضلی سے نقل کیا ہی اور نام اوس راجہ کا راجہ بھوج
لکھا ہی اور دوسرا جواب یہ ہی کہ یہ معجزہ بوقت شب بہت رات گئی واقع ہوا تھا اور تھوڑی دیر تک
ٹھہرا تھا یہان تک حاضرین نے اوسے بخوبی مشاہدہ کر لیا کچھہ بہر دو پہر نہین ٹھہرا تھا اور عادت
لوگون کی رات مین یہ ہی کہ مسقف مکان مین بیٹھتے ہین اور ہر شخص کی نگاہ آسمان پر نہین ہوتی اور ماننا
خسوف اور کسوف کے پہلے سے اس امر کا انتظار بھی نہین تھا کہ لوگ خیال رکھتے اور چاند کو دیکھا کرتے
اور بہت سی جگہہ پر چاند اوسوقت تک موافق قاعدۂ ہیئت کے نکلا بھی نہوگا یعنی اوسوقت تک ہان اوگا
اور بہت شہرون مین اوسوقت چاند ابر مین اور برف مین چھپا ہوگا پس اکثر اہل اقالیم کا اس معجزے کو
نہ دیکھنا اور اپنی کتابون مین نقل نکرنا موجب تکذیب اس معجزے کا نہین ہو سکتا توریت مین
لکھا ہی کہ حضرت یوشع علیہ السلام کے لیے آفتاب ٹھہر گیا اس قصے کو بھی کسی اہل تواریخ نے نقل نہین کیا
حال آنکہ وہ معاملہ دن کا تھا پس جسطرح اوسکی نقل نکرنے سے اوسکی تکذیب لازم نہین آتی اسیطرح معجزۂ
شق القمر کو اگر اور اہل تواریخ نے نقل نہین کیا تو اس سے تکذیب اس معجزے کی
لازم نہین آتی بلکہ اسمین عدم لزوم تکذیب کا سبب ہونے معاملہ شب کے بطریق اولیٰ ہی
ف مولانا رفیع الدین صاحب کا ایک رسالہ ہی دفع اعتراضات معجزۂ شق القمر مین اوسمین بہت
شرح و بسط سے شبہات منکرین کو دفع کیا ہی اور ہمنے جسقدر بیان کیا یہ بھی کافی ہی ف
یہ جو مشہور ہی کہ چاند کا ایک ٹکڑا زمین پر آیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے گریبان مین گھس کر آستین مین سے
ہو کے نکل گیا یہ محض بے اصل ہی اکابر محدثین نے تصریح کی ہی کہ یہ بات کسی سند سے ثابت نہین ہی

کہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا اور دونون ٹکڑے علیحدہ بہت فرق سے ہو گئے کہ اونکے درمیان [illegible]

معجزہ ۱۸۳ امام طحاوی اور طبرانی نے اسماء بنت عمیس رضی سے روایت کی ہی کہ جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موضع صہبا مین کہ ایک موضع کا نام ہی متصل خیبر کے تشریف رکھتے تھے

Marfat.com

اور آپ پر وحی نازل ہوئی اور سر مبارک حضرت علیؓ کے زانو پر تھا اور آپ سو گئے اور حضرت علی نے
عصر کی نماز نہین پڑھی تھی یہان تک آفتاب غروب ہو گیا تب آپ بیدار ہوئے آپنے حضرت علی سے
پوچھا کہ تمنے نماز پڑھلی اونھون نے عرض کیا کہ نہین آپنے جناب الٰہی مین دعا کی کہ الٰہی یہ علی تیری طاعت
اور تیرے رسول کی طاعت مین مشغول تھے آفتابکو پھیر لا سو اسما کہتے ہین کہ مینے دیکھا تھا کہ آفتاب
غروب ہو گیا پھر مینے دیکھا کہ آفتاب نکل آیا یہان تک کہ دھوپ پہاڑون پر اور زمین پر پڑی ف
حدیث رد الشمس کو اگرچہ ابن جوزی نے موضوعات مین لکھا ہی مگر محققین محدثین نے تصحیح کی ہی
کہ یہ حدیث صحیح ہی اور ابن جوزی کا اعتراض اسپر غلط ہی امام جلال الدین سیوطی نے ایک رسالہ اس حدیث
کے بیان مین تصنیف کیا ہی اوسکا نام ہی کشف اللبس فی حدیث رد الشمس اور طرق اس حدیث کے
باسانید کثیرہ بیان کیے ہین اور اس حدیث کی صحت کو بدلائل قویہ ثابت کیا ہی

معجزہ ۱۸۴ بیہقی نے فاطمہ بنت عبداللہ والدہ عثمان بن ابی العاص سے روایت کی ہی کہ مین بوقت ولادت
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حاضر تھی سو جب آپ پیدا ہوئے مینے دیکھا کہ سارا گھر نور سے بھر گیا اور مینے
دیکھا کہ ستارے قریب ہو گئے تھے اور جھک آئے تھے یہان تک مینے گمان کیا کہ اب یہ گر پڑین گے

معجزہ ۱۸۵ بیہقی اور صابونی اور خطیب اور ابن عساکر نے عباس بن عبدالمطلبؓ سے روایت
کی ہی کہ مینے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باعث میرے اسلام لانے کا ایک علامت آپ کی
نبوت کی ہوئی کہ مینے آپکو مہد مین یعنی ہنڈولے مین دیکھا کہ آپ چاند کی طرف اپنی انگلی سے
اشارہ کرتے تھے سو جدھر آپ اشارہ کرتے تھے ادھر ہی چاند جھک جاتا تھا آپنے فرمایا کہ
مین اوس سے باتین کرتا تھا اور وہ مجھ سے باتین کرتا تھا اور وہ مجھے رونے سے باز رکھتا تھا
اور مین اوسکے گرنے کی آواز سنتا تھا جبکہ وہ عرش کے تلے سجدے کے واسطے گرتا تھا ف
صابونی نے لکھا ہی کہ یہ حدیث حسن ہی باب معجزات مین

باب چھٹا بیان معجزات عالم بسائط یعنی آب و آتش و باد و خاک مین

اور اس باب مین چار فصلین ہین فصل اول معجزات متعلقہ بعنصر خاک فصل دوم معجزات متعلقہ
بآب فصل سوم معجزات متعلقہ بآتش فصل چہارم معجزات متعلقہ بہوا

فصل اول معجزات متعلقہ بعنصر خاک

معجزہ ۱۶۸ صحیحین مین حضرت ابو بکر صدیق رضی سے روایت ہے کہ ہمارا پیچھا کیا سراقہ بن مالک نے سو مینے اوسے دیکھکر کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمین ایک شخص نے آلیا آپنے فرمایا لا تحزن ان اللہ معنا یعنی غم مت کرو اللہ ہمارے ساتھ ہے پھر آپنے سراقہ کے لیے بددعا کی سو اوسکا گھوڑا پیٹ تک سخت زمین مین گھس گیا اور اوسنے کہا کہ مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم دونون صاحبون نے میرے لیے بددعا کی اب دعا کرو کہ مین نجات پاؤن اور مین قسم کھاتا ہون کہ تمھارے طلب کرنے والون کو مین پھیر دونگا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے نجات کے لیے دعا کی سو اوسنے نجات پائی اور پھر گیا اور جو کوئی اوسے ملتا تھا اوسے پھیر دیتا تھا اور کہدیتا تھا کہ ادھر کوئی نہین ہے انتہی **ف** یہ معجزہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مثل اوس معجزے موسیٰ ع کے ہے کہ ساتھ قارون کے واقع ہوا تھا کہ زمین نے باطاعت موسیٰ ع قارون کو خسف کر لیا اور قصہ اوسکا بیضاوی وغیرہ کتب تفسیر مین اسطرح پر لکھا ہے کہ قارون اکثر حضرت موسیٰ کو ایذا دیا کرتا تھا اور حضرت موسیٰ بسبب قرابت اوسکی کہ چچازاد بھائی آپکا تھا درگذر کرتے تھے یہانتک کہ حکم زکوۃ نازل ہوا اور حضرت موسیٰ ع نے اوس سے کہا کہ تو ہزار درم مین سے ایک درم ادا کر اوسنے جو حساب کیا تو اوسکے بھی بہت روپے ہوئے پس اوس نے قصد کیا کہ حضرت موسیٰ کو مجمع بنی اسرائیل مین کچھ تہمت لگائے تاکہ وہ سب بے اعتقاد ہو جاوین اور ایک فاحشہ عورت کو بہت سا مال دیا تاکہ وہ حضرت موسیٰ کو تہمت لگاوے عید کے دن حضرت موسیٰ خطبہ مین بیان فرماتے تھے سو آپنے کہا کہ جو کوئی چوری کرے اوسکے ہاتھ ہم کاٹ ڈالینگے اور جو کوئی زنا کرے اور نکاح اوسکا نہوا ہو اوسکے دُرّے لگاوینگے اور جو کوئی زنا کرے اور اوسکا نکاح ہوا ہو تو اوسے ہم سنگسار کرینگے قارون نے کہا جو تم نے ہی ایسی حرکت کی ہو آپنے فرمایا جو مینے ایسی حرکت کی ہو تو مجھپر بھی ایسی ہی سزا لازم ہے قارون نے کہا کہ بنی اسرائیل کہتے ہین کہ تمنے فلانی عورت سے زنا کیا حضرت موسیٰ نے اوس عورت کو بلایا اور قسم دیکر کہا کہ تو سچ کہہ اوسنے کہا کہ قارون نے مجھے مال دیا ہے اسواسطے کہ تب حضرت موسیٰ ع نے جناب الٰہی مین سجدہ کرکے قارون کی شکایت کی اللہ جل جلالہ نے وحی بھیجی کہ زمین کو ہمنے تمھارا تابع کیا جو چاہو سو اوسے حکم دو حضرت موسیٰ ع نے فرمایا

یَا اَرْضُ خُذِیْهِ یعنی ای زمین پکڑ اسے زمین نے گھٹنون تک اوسے
کہ خُذِیْهِ پھر زمین اوسے کمر تک نگل گئی پھر آپنے فرمایا کہ خُذِیْهِ اور زمین نے گردن تک
نگل لیا پھر کہا خُذِیْهِ زمین نے بالکل قارون کو دھنسا لیا اور جب زمین نے قارون کو
شروع کیا وہ کمال زاری اور عاجزی حضرت موسیٰ سے کرتا رہا مگر حضرت موسیٰ نے اوسپر
نکیا اسی جہت سے وحی الٰہی نازل ہوئی کہ ای موسیٰ تمسے قارون نے اتنی زاری اور عاجزی کی اگر
میری جناب مین ایکبار بھی دعا کرتا تو مین قبول کرلیتا پھر بنی اسرائیل نے کہا کہ موسیٰ نے
قارون کو اسواسطے ہلاک کیا کہ اوسکا مال آپ لیوین پس حضرت موسیٰ نے دعا کی جناب الٰہی مین
اور قارون کا گھر اور مال بھی خسف ہوگیا انتہی **ف** جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
جو معجزہ مذکور الصدر مثل معجزہ حضرت موسیٰ کے ظاہر ہوا اوسمین ایک طرح کی افضلیت آپکی
حضرت موسیٰ پر واضح ہوتی ہی اور ظہور شان رحمت اوس سے عیان ہی کہ سراقہ نے
جب آپ کی خدمت مین تضرع اور زاری کی تو آپ نے اوسے نجات دی بلکہ واسطے
دوام کے نامۂ امان اوسے لکھہ دیا چنانچہ صحیح بخاری کی ایک روایت مین ہی اور حضرت موسیٰ
نے تضرع اور زاری قارون پر کچھہ التفات نکیا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّ الرَّحْمَةِ وَارْحَمْنَا بِبَرَكَتِہٖ

معجزہ ۱۸۷ قال اللہ تعالی وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰی یعنی نہین پھینک ۱۸۷
ماری تم نے ای محمدؐ جبکہ پھینک ماری ایک مٹھی خاک اور کنکریان بجانب لشکر کفار کہ وہ خاک سب کی
آنکھون مین پونہچی اور اوسکے پھینک مارتے ہی صورت شکست کافرون پر نمود ہوئی مگر اللہ نے
پھینک ماری تھی یعنی یہ اثر نمایان تمھاری اوس مشت خاک سے بسبب ہماری تایید کے ہوا
انتہی آور یہ معجزہ غزوہ بدر مین واقع ہوا چنانچہ بیہقی اور ابن جریر اور ابن منذر نے ابن عباسؓ
سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنگ بدر مین اللہ تعالی کی جناب مین عرض
معروض کر رہے تھے اور بولتے تھے کہ ای رب اگر اس جماعت مسلمانون کو تو ہلاک
کر ڈالے گا تو پردۂ زمین پر کوئی تیرا عبادت کرنے والا نرہیگا سو حضرت جبرئیلؑ نے آپ سے
کہا کہ ایک مٹھی خاک لو آپنے ایک مٹھی خاک کافرون کے مونھہ پر پھینک ماری سو ہر کافر کی آنکھون
مین اور مونھہ اور نتھنون مین پونہچی سو اونھون نے پشت دی اور بھاگے اور آپ نے اپنے اصحاب کو

Marfat.com

حملے کا حکم دیا اور کفار کو سواے ہزیمت کے اور کچھ نہ سوجھا سو اللہ تعالی نے قتل کیے سرداران قریش میں سے جسقدر قتل کیے اور اسیر کیے جتنے اسیر کیے اور اسی قصے مین اوتری یہ آیت فلم تقتلوہم ولکن اللہ قتلہم وما رمیت اذ رمیت الآیۃ انتہی اور طبرانی اور ابو الشیخ اور ابن ابی حاتم اور ابو نعیم نے بھی کنکریان پھینک مارنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا غزوہ بدر مین اور شکست پڑنا کافرون پر بسبب اوسکے روایت کیا ہی اور غزوہ حنین مین بھی یہ معجزہ واقع ہوا چنانچہ صحیح مسلم مین حضرت عباس رض سے روایت ہی کہ جنگ حنین مین جب لڑائی خوب گرم ہوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ کنکریان لیکر کافرون کے مونہون پر پھینک مارین اور فرمایا بھاگ گئے قسم ہی رب محمد کی سو قسم خدا کی کنکریان پھینکتے ہی تیزی اونکی کند ہو گئی اور صورت شکست اونپر نمود ہوئی اور سلمہ بن اکوع سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مٹھی بھر خاک اونکے مونہ کی طرف پھینکی اور فرمایا برے ہوئے مونہ اور اون سب دشمنون کی آنکھون مین خاک اوس مٹھی بھر خاک سے بھر گئی کہ وہ سب آنکھین ملتے ہوے بھاگ گئے

معجزہ ۱۸۸ صحیحین مین انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین لکھا کرتا تھا سو وہ مرتد ہوکے مشرکین مین جا ملا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے حق مین فرمایا کہ زمین اوسے قبول نکرے گی حضرت انس کہتے ہین کہ ابو طلحہ رض نے مجھ سے کہا کہ مین اوس زمین پر پہونچا جہان وہ شخص مرا تھا سو مینے اوسے قبر سے باہر پڑا ہوا پایا مینے لوگون سے پوچھا کہ یہ مردہ قبر سے باہر کیون پڑا ہی لوگون نے کہا کہ ہمنے اسے کئی بار دفن کیا مگر زمین نے اسے قبول نکیا ہر بار اسے نکال کر پھینک دیتی ہی

معجزہ ۱۸۹ بیہقی نے اسامہ بن زید سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جھوٹھی بات بنا کر میری طرف سے کہہ دیوے وہ اپنا ٹھکانا دوزخ مین ٹھہرا لے اور آپنے ایک شخص کو بھیجا تھا اوسنے جھوٹھی باتین کہین آپ نے اوسپر بد دعا کی پھر لوگون نے بعد فوت اوسکے دیکھا کہ اوسکا جسد کیا اور زمین نے اوسے قبول نکیا یعنی زمین مین اوسے دفن کیا تھا سو زمین نے اوسے نکال کر پھینک دیا

معجزہ ۱۹۰ بیہقی نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے محلم بن جثامہ کے حق میں [illegible]
قبول نکیا کئی بار اوسے دفن کیا زمین نے اوسے نکال پھینکا [illegible]
درمیان مین اوسے ڈالدیا اور اوسپر [illegible]
صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر مین بھیجا تھا اضم کی طرف سو عامر بن اضبط [illegible] لشکر
سے ملاقات کی اور اوسنے سلام علیک کی محلم نے بڑھکر اوسے قتل کیا اور اوسکا
اسباب لیا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی خبر پہونچی تب آپنے تین بار یہ فرمایا
اللّٰھم لا تغفر لمحلم یا اللہ تو محلم کو مت بخش پھر محلم مرگیا اور زمین نے اوسے قبول نکیا
اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اوسکی خبر پہنچی آپنے فرمایا کہ زمین نے تو محلم سے بتر آدمیون کو
قبول کرلیا ہی مگر خدا تعالی کو منظور ہوا کہ تمھین عبرت ہو اسواسطے زمین محلم کو قبول نہین کرتی

فصل دوم معجزات متعلقہ باب

معجزہ ۱۹۱ صحیحین مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حدیبیہ مین لوگ پیاسے ہوئے
اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک لوٹا تھا کہ اوس سے آپ نے وضو کیا
سب لوگون نے آپ کے پاس آکر عرض کیا کہ ہمارے لشکر مین نہ پینے کے لیے پانی ہی نہ وضو کے
لیے مگر اوسیقدر کہ آپ کے اس لوٹے مین ہی پس آپنے اپنے دست مبارک کو لوٹے مین رکھا
اور پانی آپکی اونگلیون سے مانند چشمون کے جوش مارنے لگا سو ہم سب آدمیون نے پانی پیا اور وضو کیا
حضرت جابر رض سے پوچھا گیا کہ تم سب کتنے آدمی تھے اونھون نے کہا کہ اگر لاکھ آدمی ہوتے
تو کفایت کرجاتا ہم پندرہ سو آدمی تھے **ف** حضرت موسی سے جو یہ معجزہ صادر ہوا تھا
کہ اونکے عصا مارنے سے پتھر مین سے چشمے جاری ہوئے تھے اوسکی نسبت یہ معجزہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اعلی ہی اسواسطے کہ پتھر ایسی چیز ہی کہ اوسمین سے پانی نکلتا ہی اللہ تعالی نے
فرمایا ہی وان من الحجارۃ لما یتفجر منہ الانہار یعنی بعضے پتھر ایسے ہین کہ اون مین سے نہرین
جاری ہوتی ہین وان منہا لما یشقق فیخرج منہ الماء یعنی اور بعضے پتھر پھٹ جاتے ہین اور
اونمین سے پانی نکلتا ہی بخلاف گوشت و پوست کے پس انگشتان مبارک سے پانی کا نکلنا بہت عجیب ہی
معجزہ ۱۹۲ صحیح بخاری مین براء بن عازب رض سے روایت ہی کہ ہم چودہ سو آدمی حدیبیہ مین

Marfat.com

ساتھ تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ حُدَیبِیَہ ایک کنوان ہی اوسکا پانی ہم سب لوگون نے کھینچ لیا اوسمین ایک قطرہ باقی نرہا یہ خبر جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی آپ اوس کنوئے پر تشریف لے گئے اور اوسکے کنارے پر بیٹھے اور ایک برتن مین پانی منگوا کر وضو کیا اور بعد اوسکے کُلّی کی اور دعا کی اور اوس پانی کو اوس کنوئے مین ڈال دیا اور فرمایا کہ ایک ساعت اسے چھوڑدو سو اوس کنوئے مین اتنا پانی ہوگیا کہ سارے لشکر کے آدمی اور جانور اوس سے سیراب ہوکے پیتے رہے کوچ کے دن تک **ف** پہلی حدیث مین جابر رضؓ نے حُدَیبِیَہ مین پندرہ سو آدمی کہے تھے اور اس حدیث مین براء بن عازب رضؓ نے چودہ سو آدمی بیان کیے سو اون دونون بیانو مین مخالفت نہین ہی آدمی چودہ سو سے زیادہ تھے اور پندرہ سو سے کم اس سبب سے حضرت جابر رضؓ نے پندرہ سو کہے اور حضرت براء رضؓ نے چودہ سو دونون کا بیان بطور تخمین کے تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حُدَیبِیَہ مین بیس دن رہے تھے

معجزہ ۱۹۳ صحیحین مین عمران بن حُصَین رضؓ سے روایت ہی کہ ایک سفر مین لوگون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تشنگی کی شکایت کی اور آپ اوترپڑے اور حضرت علیؓ اور ایک اور شخص کو بُلا کر فرمایا کہ جاؤ پانی تلاش کر لاؤ وہ گئے اور اونھین ایک عورت ملی کہ اوسکے پاس دو مشکین پانی تھا سو اوسے مع پانی کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین لے آئے اور آپ نے ایک برتن منگوایا اور اون دونون مشکون کے مونہہ کھولکر اوس برتن مین پانی ڈالا اور لوگون کو پکروایا کہ پانی پیو عمران رضؓ کہتے ہین کہ ہم چالیس آدمیون نے کہ پیاسے تھے خوب سیراب ہوکے پانی پیا اور جتنی مشکین اور برتن ہمارے ساتھ تھے سب بھرلیے اور قسم خدا کی کہ اوس عورت کی وہ دونون مشکین ایسا معلوم ہوتا تھا کہ نسبت سابق کے اور بھی زیادہ بھری تھین

معجزہ ۱۹۴ صحیحین مین انس رضؓ سے روایت ہی کہ آپ زوراء مین کہ ایک جگہ قریب مدینہ کے ہی تشریف رکھتے تھے ایک برتن پانی کا آپ کے سامنے لایا گیا آپ نے دست مبارک اوس برتن مین رکھدیا اور آپ کی اونگلیون مین سے پانی چشمے کے مانند نکلنے لگا اور سب لوگون نے وضو کرلیا تین سو آدمی یا قریب تین سو آدمی کے تھے

معجزہ ۱۹۵ صحیح بخاری مین عبد اللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہی کہ ہم لوگ ظہور معجزات کو

Marfat.com

برکت سمجھتے تھے اور ہم لوگ معجزات کو [illegible]
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سفر میں تھے [illegible]
سے آؤ ایک برتن میں تھوڑا سا پانی لاسکے آپنے دست مبارک [illegible]
کہ لو پاک کرنے والے مبارک اور اللہ کی برکت کو ابن مسعودؓ کہتے ہین کہ [illegible]
کہ پانی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اونگلیون مین سے جوش مارتا تھا اور [illegible]
سنا کرتے تھے تسبیح طعام کی کھانے کے وقت **فا** اس حدیث مین دو معجزے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے مذکور ہوئے ایک پانی کا آپکی انگشتان مبارک سے نکلنا دوسرا صحابہؓ کا کھانے کی تسبیح سننا

معجزہ ۱۹۶ صحیح مسلم مین حضرت ابو قتادہ[ع] رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جناب رسول
صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سفر مین لوگون سے فرمایا کہ تم آج دن ڈھلے اور رات بھر چلتے رہو
اور کل تمھین پانی ملے گا انشاء اللہ تعالی سو لوگ جھپٹے ہوئے چلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
آدھی رات تک چلکر راہ سے علیحدہ ہوکر اوتر پڑے اور استراحت فرمائی اور ارشاد کیا کہ نماز کا
خیال رکھیو یعنی سب مت سو جائیو کہ نماز صبح کی جاتی رہے سو سب سو گئے اور سب سے پہلے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جاگے کہ آپکی پشت مبارک پر دھوپ آگئی تھی بعد اسکے آپنے حکم دیا کہ
سوار ہو اور چلو اور ہم سب سوار ہوکر چلے یہان تک کہ جب آفتاب بلند ہوا آپ اوترے اور
ایک بڑا لوٹا میرے پاس تھا اور اوسمین تھوڑا سا پانی بھی تھا سو آپ نے منگواکر اوس سے
وضو فرمایا اور درمیانی وضو کیا یعنی پانی کم خرچ کیا تھوڑا سا پانی اوس لوٹے مین بچ رہا آپ نے
مجھسے ارشاد کیا کہ اس پانی کو احتیاط سے رکھو اسکا ایک حال ہوگا بعد اوسکے بلالؓ نے اذان
کہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دو رکعتین سنت کی پڑھکر قضا فرض فجر [illegible]
آپ سوار ہوئے اور ہم لوگ بھی آپکے ساتھ سوار ہوئے جب دن زیادہ چڑھا [illegible]
سب لوگون نے کہا کہ ہم پیاس کے مارے مرے جاتے ہین آپنے فرمایا کہ [illegible]
لوٹا منگوایا اور پانی اوس لوٹے سے ڈالنا شروع کیا اور ابو قتادہ [illegible]
لوگ ہجوم کر آئے اور ایک دوسرے پر گرنے لگے آپنے فرمایا کہ گھبراؤ مت تم سب سیراب
ہوجاؤ گے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پانی ڈالتے جاتے تھے اور مین پانی [illegible] تھا

ع ابو قتادہ حارث بن ربعی انصاری صحابی ۱۲ منتہی الارب

Marfat.com

یہانتک کہ سب لوگون نے پیا اور سیراب ہو گئے اور سوا میرے اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی باقی نرہا آپنے میرے لیے پانی ڈالا اور فرمایا کہ پیو میںنے کہا کہ آپ پہلے پیین جب مین پیونگا آپنے فرمایا کہ ساقی کو سب سے پیچھے پینا چاہیے سو میںنے پیا اور جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیا اور سارے لشکر کے آدمیون نے خوب سیراب ہو کر پیا

معجزہ ۱۹۷ بیہقی اور حاکم نے حضرت عمرؓ سے روایت کی ہے کہ ایک سفر جہاد مین لوگون کو پیاس کی تکلیف پونہچی حضرت عمرؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ جناب الٰہی مین واسطے پانی کے دعا فرمائین آپنے دعا کی اوسیوقت ایک ابر آیا اور اتنا برسا کہ لوگونکی حاجت پوری ہوگئی

ف بعضے شارحان حدیث نے لکھا ہے کہ یہ معجزہ غزوہ بدر مین واقع ہوا اور سورہ انفال مین آیہ وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً لِيُطَهِّرَكُمْ بِهِ اسی کی طرف اشارہ ہے

معجزہ ۱۹۸ بیہقی نے انسؓ سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کا بچا ہوا پانی قبا کے کنوئے مین ڈالدیا سو اوس کنوئے مین اس کثرت سے پانی ہو گیا کہ کبھی کم نہوا

معجزہ ۱۹۹ ابونعیم نے دلائل النبوۃ مین روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آب دہن مبارک انس بن مالک کے گہر کے کنوئے مین ڈالا اوس کنوئے کا پانی ایسا میٹھا ہو گیا کہ سارے مدینے مین اوسکے برابر میٹھا پانی نتھا

معجزہ ۲۰۰ ابن ماجہؓ نے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک ڈول بھرا ہوا آب چاہ زمزم سے لائے آپنے اوسمین کلی ڈالدی کہ اوسیوقت اوس پانی مین خوشبو مشک سے زیادہ آنے لگی

معجزہ ۲۰۱ ابن سعد نے سالم بن ابی الجعد سے روایت کی ہے کہ ایکبار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحاب کو توشہ راہ کے لیے ایک مشک پانی منہہ بند کرکے دی اور دعا کی جب نماز کا وقت ہوا اور اصحاب نماز کے لیے اوترے دیکھا کہ اس مشک مین دودھ تھا اور اوسکے منہہ مین مکھن تھا

معجزہ ۲۰۲ امام مستغفری علیہ الرحمہ نے اپنی اسناد سے روایت کی ہے کہ جب شہر مصر فتح ہوا وہان کے لوگون نے حضرت عمرو بن العاصؓ سے کہ وہان کے حاکم تھے کہا کہ اس رود نیل کی یہ عادت ہے کہ جب اس مہینے کی بارھوین تاریخ ہوتی ہے ہم لوگ ایک لڑکی کنواری اوسکے ماباپ کو راضی کرکے لیتے ہین اور اوسکو اچھے اچھے کپڑے اور زیور پہنا کے رود نیل مین ڈالدیتے ہین تب جاری ہوتا ہے اور بغیر اس بات کے ہرگز جاری نہین ہوتا حضرت عمرو بن العاصؓ نے

Marfat.com

ایسا کہ یہ بات اسلام مین کبھی ہونے نہ دیگی اور اسلام کو اوس رسم بد سے کیا کام ... تک رود نیل مطلق جاری نہوا اور چونکہ مدار زراعت مصر کے لوگون کی اوسی پر ہی مصریون نے ارادہ کیا کہ وہ ملک چھوڑ کر کہین اور چلے جائین عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے یہ حال حضرت عمر کو لکھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب مین لکھا کہ تم نے بہت مناسب کیا کہ اوس رسم کے موافق عمل نکیا اسلام تو اسلام پچھلی رسوم قبیحہ کو کھو دیتا ہی اور اوس خط مین ایک رقعہ ملفوف کر دیا اور لکھا کہ تم اس رقعے کو رود نیل مین ڈالدیجیو جب خط عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے پاس پہونچا اونھون نے رقعے کو کھولا اور دیکھا اوسمین یہ مضمون لکھا تھا کہ یہ رقعہ ہی از جانب بندۂ خدا عمر امیر مسلمانون کے بجانب نیل مصر کے بعد اوسکے یہ بات ہی کہ ای رود نیل مصر اگر تو اپنے آپ جاری ہوتا ہی تو جاری مت ہو اور اگر حکم خدا سے واحد قہار سے جاری ہوتا ہی تو ہم اوسی واحد قہار سے دعا مانگتے ہین کہ تجھے جاری کرے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اوس رقعے کو رود نیل مین ڈالدیا اور اوسی رات مین رود نیل جاری ہو گیا اور سولہ گز پانی ایک رات مین زیادہ ہو گیا اور تب سے وہ رسم بد مصر کی موقوف ہو گئی

فصل سوم معجزات متعلقہ باتش

معجزہ ۲۰۳ صحیحین مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ اونھون نے کہا کہ ایام غزوۂ خندق مین ہم خندق کھود رہے تھے ایک پتھر سخت اوس خندق مین نکلا کہ وہ ٹوٹ نسکا لوگون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین عرض کیا کہ خندق مین ایک ایسا پتھر سخت آگیا ہی کہ ٹوٹ نہین سکتا آپ نے فرمایا کہ مین اوترونگا اور آپ اوٹھے اور آپکے شکم مبارک پر بسبب بھوک کے پتھر بندھے ہوئے تھے اور تین دن گذرے تھے کہ ہم لوگون نے کچھ چکھا نتھا آپ نے کدال اپنے ہاتھ مین لیا اور اوس پتھر پہ مارا وہ پتھر مثل تودۂ ریگ نرم ہو کر پاش پاش ہو گیا بعد اوسکے مین اپنے گھر مین آیا اور اپنی زوجہ سے پوچھا کہ تمہارے پاس کچھ کھانے کو ہی مینے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت بھوک مین دیکھا اونھون نے ایک صاع جو نکالے اور ہمارے گھر ایک بکری کا بچہ تھا اوسکو مینے ذبح کیا اور میری زوجہ نے جو کا آٹا پیسا اور گوشت ہانڈی مین چڑھایا اور مینے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آکے چپکے سے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمنے ایک بکری کا بچہ ذبح کیا ہی اور ایک صاع جو کا آٹا تیار کیا ہی سو آپ مع چند آدمیون کے

قصہ جاری ہونے رود نیل کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے رقعہ سے

تشریف لے چلیے آپنے چلا کر فرمایا کہ اے اہل خندق جابر رضی اللہ عنہ نے تمھاری دعوت کی ہی تم جلدی چلو بعد اوسکے مجھسے ارشاد فرمایا کہ ہانڈی کو مت اوتاریو اور آٹے کو مت پکائیو جب تک مین آؤن بعد اوسکے آپ تشریف لائے اور آپ دہن مبارک گوندھے ہوئے آٹے مین اور ہانڈی مین ڈالا اور دعاے برکت کی اور آپنے فرمایا کہ ایک پکانے والی اور بلوائو اور پیالے نکال نکال کے ہانڈی مین سے دو اوسے چولھے پر سے اوتارو نہین جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ ہزار آدمی تھے قسم ہی خدا کی سبھون نے کھایا اور ہماری ہانڈی ویسی ہی جوش مین رہی اور آٹا اوتنا ہی رہا جتنا پہلے تھا انتہی ف اس حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دو معجزے مذکور ہوئے ایک عالم جمادین کہ پتھر سخت آپ کے تبر مارنے سے مثل تودہ ریگ ہو گیا دوسرا برکت طعام کا کہ ہزار آدمیون نے پونے تین سیر جو کی روٹیان اور ایک بزغالے کے گوشت سے سیر ہوکر کھا لیا اور وہ کھانا اوتنا ہی باقی رہا اور اوس مین تصرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عالم آتش مین بھی ثابت ہوا آگ ہانڈی کے شوربے اور گوشت کو جلا نہ سکی اور کم نہ کر سکی

معجزہ ۲۰۴ قطب الدین قسطلانی نے کتاب جمل الایجاز فی الاعجاز بنار الحجاز مین لکھا ہی کہ وہ آگ جو موافق پیشین گوئی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ملک حجاز مین متصل مدینہ طیبہ کے ظاہر ہوئی تھی اور وہ پتھرون کو جلا دیتی تھی اور گلا دیتی تھی سو وہ ایک پتھر پر پہونچی کہ آدھا داخل حرم مدینہ تھا اور آدھا خارج جسقدر پتھر خارج حرم تھا اوسکو جلا دیا اور جو نصف داخل پر پہونچی بجھ گئی اور قرطبی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہی کہ وہ آگ ایک مرحلے پر مدینہ طیبہ سے ظاہر ہوئی تھی اور حال آنکہ مانند دریا کے موج مارتی تھی اور ملک یمن کے ایک قریے پر جا پہونچی سو اوسے جلا دیا مگر بجانب مدینہ طیبہ کے اوس آگ مین سے نسیم بارد ہی آتی تھی انتہی ف مفصل قصہ اس آگ کا معجزات عالم معانی مین مذکور ہو چکا ہی ف نسیم الریاض مین ہی کہ عدھم بن ابی طاہر علوی کے پاس چودہ بال موہاے مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تھے اونھون نے ایک امیر حلب کے پاس کہ علویون سے محبت رکھتا تھا اور مرد سخی تھا بیجا سے اون بالون کو بطور ہدیے کے گذرانا اوسنے اونکی بہت تعظیم کی اور خدمتگذاری کی بعد ایک مدت کے پھر وہ علوی اوس امیر پاس گئے اوسنے مونہہ ترش کر لیا اور اونکی طرف کچھ التفات نکیا اونھون نے

سبب پوچھا اوسنے کہا کہ مینے سُنا ہی کہ جو بال تم لائے تھے اونکی کچھ اصل ہے مدد ... کہا کہ اون بالون کو منگو لیجیے جب وہ بال آئے اونھون سنے آگ منگوائی اور چند بال ... ہوئی آگ مین ڈالدیے سو نہ جلے بلکہ اور اچھے ہوگئے تب اوس امیر نے اون علوی کے قدم چومے اور بہت تعظیم کی اور بہت کچھ اونکی نذر کیا **ف** ایک معجزہ متعلق بعالم آتش مثنوی مولاناے روم مین مرقوم ہی یہان بعینہ اشعار متبرکہ اونکے نقل کیے جاتے ہین ابیات

از انس فرزند مالک آمدست	که بمهمانی او شخصی شدست
او حکایت کرد کز بعد طعام	دید انس دستارخوان را زرد فام
چرکن و آلوده گفت ای خادمه	اندر افگن در تنورش یکدمه
در تنور پر ز آتش درفگند	آن زمان دستارخوان را هوشمند
جمله مهمانان دران حیران شدند	انتظار دود کاندر وے بدند
بعد یکساعت برآورد از تنور	پاک و اسفید و ازان اوساخ دور
قوم گفتند ای صحابی عزیز	چون نسوزید و منقی گشت نیز
گفت زانکه مصطفےٰ دست و دہان	بس بمالید اندرین دستارخوان
ای دل ترسنده از نار و عذاب	با چنان دست و لبی کن اقتراب
چون جمادی را چنین تشریف داد	جان عاشق را چها خواهد گشاد

فصل چہارم معجزات متعلقہ بہوا

معجزہ ۲۰۵ صحیحین مین انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین ایکبار قحط ہوا سو ایکبار آپ خطبہ جمعہ کا فرماتے تھے ایک اعرابی نے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ مال ہلاک ہوگیا اور عیال بھوکون مرتے ہین آپ مینہ کے واسطے دعا کیجیے آپنے دونون ہاتھ اوٹھائے اور اوسوقت آسمان پر کوئی ٹکڑا بھی ابر کا نتھا قسم خدا کی ہنوز آپ ہاتھ رکھنے نہین پائے تھے کہ ابر مانند پہاڑون کے ہر طرف سے گھر آیا آپ منبر سے اوترنے نہین پائے تھے کہ ریش مبارک سے قطرات مینہ کے گرنے لگے سو اوس دن سے دوسرے جمعے تک مینہ برسا پھر جمعے کے دن اوسی اعرابی نے

یا اور کسی شخص نے کھڑے ہوکر عرض کیا کہ مکانات گر پڑے اور مال ڈوب گیا آپ دعا
فرمائیے کہ مینہ تھم جاوے آپنے دونون ہاتھ اوٹھا کر فرمایا کہ یا اللہ گرد ہمارے برسے اور ہم پر
نہ برسے اور جدھر ابر کی طرف آپنے اشارہ کیا وہین کھل گیا سو مدینے پر تو بالکل پانی کا
برسنا موقوف ہو گیا اور گرد مدینے کے برستا رہا اطراف سے جو لوگ آتے تھے کثرت مینہ کی
بیان کرتے تھے **ف** اس حدیث مین دو معجزے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مذکور ہوئے
ایک عالم آب مین کہ آپ کی دعا سے پانی برسا دوسرے عالم ہوا اور کائنات الجو مین جدھر
آپ نے اشارہ کیا اودھر ابر ہٹ گیا اور اسی مناسبت سے یہ معجزہ اس فصل مین لکھا گیا

معجزہ ۲۰۶ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اذْکُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ اِذْ
جَاءَتْکُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْهِمْ رِیْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَکَانَ اللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرًا
ای ایمان والو یاد کرو احسان اللہ کا جو تم پر کیا جب آئین تم پر فوجین یعنی قریش اور غطفان
یہود قریظہ اور بنی النضیر اور بارہ ہزار آدمی تم پر چڑھ آئے تھے سو بھیجی ہم نے ان پر ہوا پروای
ٹھنڈی کہ خوب کڑاکے کا جاڑا پڑا اور ہوا نے اونکو نہایت عاجز اور تنگ کیا غبار اونکے
موہون پر ڈالا اور آگ اونکی بجھا دی اور ہانڈیان انکی اولٹ دین اور میخین اونکی اوکھڑ گئین
خیمے اونکے گر پڑے اور گھوڑے اونکے کھل کر آپس مین لڑنے لگے اور بھیجے ہم نے
اون پر ایسے لشکر کہ اونکو تم نے نہین دیکھا یعنی فرشتون کو اور انھون نے اون کافرون کے
دلون مین رعب ڈالا اور ایسی دہشت اونکے دلون مین ڈالی کہ وہ آن کے آن بھاگ گئے اور تھا
اللہ تمھارے کامون کو دیکھتا **ف** یہ معجزہ غزوۂ احزاب مین واقع ہوا کہ اوسے غزوۂ خندق
بھی کہتے ہین کافران قریش مع غطفان وغیرہ قبائل کے لشکر عظیم سے گرد مدینہ منورہ پر چڑھ
آئے تھے آپنے بصلاح سلمان فارسی گرد مدینے کے خندق کھدوائی تھی اور قریب ایک مہینے کے
لشکر کفار وہان ٹھہرا رہا اور تیر اور پتھر سے لڑتے رہے خدا نے تعالی نے ایک ہوا
سخت بھیجی کہ وہ سب کمال تکلیف وحیرانی سے پریشان ہو کر بھاگ گئے
آندھی نے ہوا کے صدمات کو دیکھ کر کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے تم پر جادو کیا ہے ٹھہرنا یہان صلاح نہین
یہان سے جلدی بھاگ چلو صحیح بخاری مین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نُصِرْتُ بِالصَّبَا وَاُهْلِكَتْ عَادٌ بِالدَّبُورِ یعنی میری
ہوئی پُروائی ہوا سے کہ اوسنے کافرون کو غزوۂ احزاب مین بھگا دیا اور ہلاک کی گئی قوم
عاد پچھوا ہوا سے یعنی یہ معجزہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مثل معجزہ ہود کے ہوا جسطرح اللہ
نے قوم ہود کو ہوا سے ہلاک کر دیا اسیطرح آپ کے مخالفین کو ہوا سے پریشان کر دیا

معجزہ ۲۰۷ بیہقی نے ابن عمرؓ سے روایت کی ہی کہ حضرت عمرؓ نے ایک لشکر بھیجا تھا اور اسکے
اوپر ایک شخص ساریہ نام امیر کیا تھا ایکبار حضرت عمرؓ خطبے مین چلّانے لگے کہ ای ساریہ پہاڑ کو لے بعد او
ایک آدمی اوس لشکر مین سے آیا اور اوسنے کہا کہ یا امیر المؤمنین ہمارا دشمن سے مقابلہ ہوا اور دشمن
نے ہمین بھگا دیا یکبارگی ہمنے ایک چلّانے والے کی آواز سُنی کہ کہتا تھا ای ساریہ پہاڑ کو لے ہمنے
پشت اپنی پہاڑ کی طرف کرکے لڑائی کی خدایتعالی نے دشمنون کو شکست دی **ف** یہ کرامت ہوئی
حضرت عمرؓ کی کہ لشکر کا حال اوسوقت اونپر منکشف ہوا اور اونکی آواز کو ہوا نے لشکر تک پہونچا دیا
چونکہ کرامت ولی کی معجزہ نبی کا ہوتا ہی اور یہ کرامت کتب احادیث مین مذکور ہی لہذا معجزات مین لکھی گئی

باب ساتوان بیان معجزات عالم جمادات مین

معجزہ ۲۰۸ ترمذی نے حضرت علیؓ سے روایت کی ہی کہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کے ساتھ مکّے مین تھا سو آپ بعض اطراف مکہ کی طرف نکلے اور مین بھی آپ کے ساتھ تھا سو جو پہاڑ یا درخت
سامنے آیا وہ یہ کہتا تھا کہ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللہِ صلی اللہ علیہ وسلم **ف** یہ معجزہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا
عالم جمادات مین اور بھی عالم نباتات مین ہوا کہ پہاڑون نے اور درختون نے آپ کو سلام کیا

معجزہ ۲۰۹ بیہقی نے دلائل النبوۃ مین ابوذرؓ سے روایت کی ہی کہ مین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے اوقات خلوت کے خیال کرکے جا پہونچتا تھا ایکدن آپ کو اکیلا پایا مینے خلوت کو
غنیمت جان کے آپکے حضور مین جا بیٹھا پھر ابوبکر صدیقؓ آئے اور سلام کرکے آپ کے داہنی
طرف بیٹھ گئے بعد اوسکے حضرت عمرؓ آئے اور سلام کرکے حضرت ابوبکرؓ کے داہنی طرف
بیٹھ گئے پھر حضرت عثمانؓ آئے اور سلام کرکے حضرت عمرؓ کے داہنی طرف بیٹھ گئے اور جناب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سات کنکریان تھین آپنے اوٹھا کر کف مبارک مین رکھین
وے کنکریان تسبیح خدا کی کرنے لگین اور اونکی آواز سبھون نے سُنی جیسے شہد کی مکھی آواز کرتی ہی

Marfat.com

پھر اون کنکریون کو آپنے رکھدیا وہ چپ ہوگئین بعد اوسکے اوٹھا کر حضرت ابو بکرؓ کے ہتھیلی پر رکھدین پھر وہ تسبیح کرنے لگین اور اونکی آواز مثل شہد کی مکھی کے سُنی گئی بعد اوسکے حضرت ابو بکر صدیقؓ نے رکھدین وہ چپ ہو رہین پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو لیکے حضرت عمرؓ کے ہاتھ پر رکھا پھر وہ تسبیح کرنے لگین ایسی آواز سُنی گئی گویا شہد کی مکھی بولتی ہی پھر حضرت عمرؓ نے اونھین رکھدیا اور وہ کنکریان چپ ہو رہین پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونھین اوٹھا کر حضرت عثمانؓ کے ہاتھ پر رکھا پھر وہ تسبیح کرنے لگین اور اونکی آواز مثل آوازِ مکھی شہد کے سُنی گئی پھر حضرت عثمانؓ نے اونھین رکھدیا اور وہ چپ ہو رہین پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ خلافت نبوت کی ہی انتہی حافظ ابو القاسم نے بھی یہ حدیث اپنی تاریخ مین انسؓ سے روایت کی ہی اور اتنا اور زیادہ لکھا ہی کہ پھر اون کنکریون کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حاضرین مین سے ہر ایک کے ہاتھ مین رکھا کسی کے ہاتھ مین اونھون نے تسبیح نکی **ف** بعضے شارحانِ حدیث نے لکھا ہی کہ اوسوقت حضرت علیؓ حاضر نتھے ورنہ کنکریان اونکے ہاتھ مین بھی تسبیح کرتین اسواسطے کہ وہ بھی خلیفہ تھے

معجزہ ۲۱۰ مسلم نے جابر بن سمرہؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ مین ورس پتھر کو پہچانتا ہون جو مکے مین مجکو سلام کیا کرتا تھا انتہی بیہقی اور اکثر محدثین نے کہا ہی کہ وہ پتھر حجر اسود ہی اور بعضون نے کہا ہی کہ ایک اور پتھر ہی کہ ابتک مکے مین موجود ہی اوس کو جسکو زقاق المرفق کہتے ہین اور اوسمین اثر ہی مرفق شریف کا اور لوگ اوسکی زیارت کیا کرتے ہین ابن حجر مکی نے لکھا ہی کہ یہ بات مکے مین قدیم سے بزرگون سے متواتر ہی

معجزہ ۲۱۱ بیہقی نے ابو اُسید ساعدیؓ سے روایت کی ہی کہ ایکبار جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباسؓ سے کہا کہ کل تم اور تمھاری اولاد مکان سے کہین مت جائیو جبتک مین آؤن کہ مجھے تم سے کچھ کام ہی سو وہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منتظر رہے آپ آئے اور خیر و عافیت پوچھی اونھون نے کہا کہ خیریت ہی بعد اسکے آپنے فرمایا کہ نزدیک ہوگئے پھر آپنے اون سب کو ایک کپڑے سے اوڑھالیا اور دعا کی کہ یا الٰہی یہ میرے چچا ہین باپ کے برابر اور یہ اونکی اولاد جسطرح مینے انھین اس کپڑے سے اوڑھا رکھا ہی تو انھین آتش دوزخ سے محفوظ رکھ سو اوس مکان کی چوکھٹ اور دیوارون نے آمین آمین کہا **ف** ابو نعیم نے بھی دلائل النبوة مین

یہ حدیث روایت کی ہے اور اوسمین لکھا ہے کہ اوسوقت حضرت عباسؓ کے ساتھ اونکی اولاد مین سات
شخص تھے فضل عبد اللہ عبید اللہ عبد الرحمن قثم سعید چھ بیٹے اور ام حبیبہ ایک بیٹی

معجزہ ۲۱۲ صحیحین مین عبد اللہ بن عباسؓ سے اور بزار اور طبرانی اور ابو یعلی نے جابر اور ابن مسعود
سے روایت کی ہے کہ کافران قریش نے تین سو ساٹھ بت گرد خانہ کعبہ کے رکھے تھے اور اونکے
پانون سیسے سے سخت مضبوط جما دیے تھے جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سال فتح مکہ مین مسجد
حرام مین داخل ہوئے آپ کے ہاتھ مین ایک لکڑی تھی اوس لکڑی سے آپ نے اون بتون کو
اشارہ کرنا شروع کیا اور یہ آیت آپ پڑھتے تھے جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ سو جس بت
کے مونہ کی طرف آپ نے اوس لکڑی سے اشارہ کیا وہ بت چت ہو کے گر پڑا اور جسکی پشت کی
طرف آپ نے لکڑی سے اشارہ کیا وہ بت اوندھا ہو کے گر پڑا یہان تک کہ کوئی اون بتون مین سے باقی نہ رہا

باب آٹھوان بیان معجزات عالم نباتات مین

اور اس باب مین تین فصلین ہین فصل اول معجزات متعلقہ باشجار فصل دوم معجزات متعلقہ بشاخہاے منفصلہ و دیگر اشیاے چوبی فصل سوم معجزات متعلقہ بثمار و طعام ساختہ شدہ از ثمرات و غلات

فصل اول معجزات متعلقہ باشجار

معجزہ ۱ صحیح مسلم مین حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ اونھون نے کہا کہ ہم ایک منزل
مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلے یہان تک کہ ایک چوڑے میدان مین اوترے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پائخانے کو تشریف لے گئے سو وہان کوئی چیز جسکی آڑ مین قضاے حاجت
کرین پائی اور دو درخت نظر آئے اوس وادی کے کنارے پر سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک
کے پاس تشریف لے گئے اور اوسکی ایک شاخ پکڑ کر فرمایا کہ میری فرمانبرداری بحکم خدا کر وہ درخت
آپ کے ساتھ ہو لیا جسطرح سے اونٹ مہار والا مہار پکڑنے والے کے ساتھ ہو لیتا ہے بعد
اوسکے دوسرے درخت کے پاس آپ تشریف لے گئے اور اوسکی بھی ایک شاخ پکڑ کر فرمایا کہ بحکم خدا
میری اطاعت کر وہ بھی ساتھ ہو لیا پھر اون دونون کو اوس جگہ پر ٹھہرایا جو بیچا بیچ مسافت کا درمیان
اون دونون درختون کے تھا اور فرمایا کہ دونون مل جاؤ بحکم خدا تعالی سو وہ دونون درخت مل گئے جابر کہتے
ہین کہ مین بیٹھا کچھ دل مین خیالات کرتا تھا اور اودھر سے میری نگاہ علحدہ ہو گئی پھر مینے دیکھا کہ

Marfat.com

انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لیے آتے ہین اور وہ دونون درخت علیحدہ ہوکر اپنی جگہہ جا کھڑے ہوئے

معجزہ ۲۱۴ دارمی نے ابن عمر رض سے روایت کی ہی کہ ہم جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر مین تھے ایک اعرابی آیا جب وہ متصل ہوا آپ نے اوس سے فرمایا کہ تو گواہی دیتا ہی کوئی معبود نہین مگر اللہ تنہا اور کوئی اوسکا شریک نہین اور محمد بندہ اوسکا اور رسول اوسکا ہی تو کہا اس بات پر تمھاری کون گواہ ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ درخت سلم کا اور اوس درخت کو آپ نے بلایا اور وہ اوس میدان کے کنارے پر تھا سو زمین چیرتا ہوا آکے آپ کے سامنے کھڑا ہوا آپ نے اوس سے تین بار گواہی چاہی اوس نے تین مرتبہ گواہی دی کہ آپ سچے ہین پھر اپنی جگہہ کو چلا گیا **ف** سَلَم بفتحتین ایک درخت ہوتا ہی بلند اور خاردار

معجزہ ۲۱۵ ترمذی نے ابن عباس رض سے روایت کی ہی کہ ایک اعرابی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آیا اور آپ سے کہا کہ مین کیسے جانون کہ آپ پیغمبر ہین آپنے فرمایا کہ اگر مین بلاؤن اس خوشے کو اس درخت خرما مین سے تو یہ گواہی دے گا کہ مین رسول خدا ہون پھر آپنے اوس خوشے کو بلایا وہ درخت پر سے جھکتا ہوا آیا یہان تک کہ آپ کے پاس گرا اور اوس نے آپ کی پیغمبری کی گواہی دی پھر آپ نے اوس سے فرمایا پھر جاوہ اپنی جگہہ پر پھر گیا اور وہ اعرابی مسلمان ہو گیا

معجزہ ۲۱۶ بزار نے بریدہ رض سے روایت کی ہی کہ ایک اعرابی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے معجزہ طلب کیا آپنے فرمایا کہ تو اس درخت سے جا کے کہہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تجھے بلاتے ہین اوس اعرابی نے جا کے کہا سو اوس درخت نے اپنے داہنے بائین اور آگے اور پیچھے سے حرکت کی اور زمین کو پھاڑتا ہوا اور اپنی جڑون کو گھسیٹتا ہوا چلا ہوا آپ کے آکے کھڑا ہوا اور کہا السلام علیک یا رسول اللہ اعرابی نے کہا کہ آپ اسے اجازت دیجیے اپنی جگہہ پر چلا جاوے آپ نے پھر جانے کا حکم دیا وہ پھر گیا اور جڑین اوسکی پھر زمین مین گڑ گئین اور وہ سیدھا کھڑا ہو گیا اعرابی مسلمان ہو گیا اور اوس نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت دیجیے کہ مین آپ کو سجدہ کرون آپنے فرمایا کہ اگر مین کسی کو حکم سجدہ کرنے کا دیتا تو مین عورت کو حکم دیتا کہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے پھر اوس نے کہا کہ اجازت دیجیے تو مین آپ کے ہاتھ اور پانون چومون آپ نے اجازت دی اور اوس نے ہاتھ اور

Marfat.com

پانون مبارک آپ کے چومے **ف** اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بزرگ دیندار کی پیشانی
ہاتھ پانون چومنا جائز ہی اگر براہ محبت دینی ہو چنانچہ امام نووی نے اپنی کتاب اذکار مین لکھا ہے

معجزہ ۲۱۷ بیہقی اور ابو یعلی نے حضرت اسامہ بن زید سے روایت کی ہی کہ جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ایک سفر جہاد مین فرمایا کہ کہین قضاے حاجت کے لیے جگہ ہی مینے عرض کیا کہ اس میدان مین آدمیون کی کثرت سے کہین ٹھکانا نہین ہی آپنے فرمایا کہ دیکھو کہین درخت یا پتھر ہین مینے عرض کیا کہ کچھ درخت پاس پاس نظر آتے ہین آپ نے فرمایا کہ جاکے اون درختون سے کہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمھین حکم کرتے ہین کہ اکٹھے ہوجاؤ اور پتھرون سے بھی اسیطرح کہو سو مینے جاکے کہا سو قسم خدا کی مینے دیکھا اون درختون کو کہ قریب ہوکے ایک جگہہ ہوگئے اور پتھر ملکے مثل دیوار کے ہوگئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پیچھے اونکے بیٹھہ کر قضاے حاجت کی جب آپ فارغ ہوئے تو مجھ سے فرمایا کہ انسے کہدو کہ علیحدہ ہوجاوین سو مینے کہدیا سو قسم خدا کی دیکھا مینے اون پتھرون کو اور درختونکو کہ جدا ہوکے اپنی اپنی جگہہ پر ہوگئے

معجزہ ۲۱۸ امام احمد اور بیہقی اور طبرانی نے یعلی بن سیابہ سے روایت کی ہی کہ اونھون نے کہا مین ایک سفر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ضرورت قضاے حاجت کی ہوئی آپنے چھوہارے کے دو چھوٹے درختونکو حکم کیا وہ دونون ملگئے آپنے قضاے حاجت اونکی آڑ مین چھپکر کی

معجزہ ۲۱۹ صحیحین مین عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہی کہ جب جن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر ہوئے تھے اونھونے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کون گواہی دیتا ہی کہ آپ رسول خدا ہین آپنے فرمایا کہ یہ درخت بعد اسکے آپنے اوس درخت کو بلایا کہ اے درخت چلا آ سو وہ درخت اپنی جڑون کو گھسیٹتا ہوا چلا آیا اور آکر اوسنے گواہی دی آپکی رسالت کی

معجزہ ۲۲۰ بیہقی اور ابو نعیم نے ابی امامہ سے روایت کی ہی کہ رکانہ پہلوان نے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے معجزہ طلب کیا آپنے ایک درخت سمرہ کو کہ آپ سے قریب تھا فرمایا کہ ادھر آ بحکم خدا وہ درخت آکر آپکے سامنے کھڑا ہوا بعد اوسکے آپنے فرمایا کہ پھر جا وہ درخت پھر گیا اور قصہ مفصل اسکا اسطرح پر ہی کہ رکانہ ایک بڑا زبردست پہلوان تھا قریش مین سے اور وہ ایک جنگل مین بکریان چرایا کرتا تھا ایکدن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دولتخانہ سے نکل کر اودھر کو گئے

Marfat.com

طرف تشریف لے گئے رکانہ ملا اور وہان کوئی نتھا سو اوسنے آپ سے کہا کہ ہمارے معبودون کو گالیان دیا کرتے ہو اور اپنے معبود عزیز کی عبادت کرتے ہو اگر میرے تمہارے قرابت نہوتی تو مین آج تمہین مار ڈالتا لیکن تم اپنے خدا سے کہو کہ خدا تمکو آج مجھ سے بچاوے اور مین تم سے ایک بات چاہتا ہون کہ تم مجھ سے کشتی لڑو اور تم اپنے خدا سے دعا مانگو اور مین اپنے لات و عُزیٰ سے دعا مانگون اگر تم مجھپر غالب آجاؤ تو میری ان بکریون مین سے دس بکریان پسند کرکے لے لو آپ اوس سے کشتی لڑے اور غالب آئے اوسنے کہا کہ تم نے تو مجھے نہین پچھاڑا مگر تمہارا خدا غالب آگیا اور لات و عُزیٰ نے میری مدد نکی اور میرا پہلو آج تک زمین پر کسی نے نہین لگایا لیکن اگر بار اور کشتی لڑو اگر ایکبار پچھاڑ دیگے تو دس بکریان اور دونگا آپ پھر اوس سے کشتی لڑے اور پھر اوسے پچھاڑا پھر اوسنے ویسی ہی تقریر کی اور پھر آپ اوس سے کشتی لڑے پھر اوسے تیسری بار بھی پچھاڑا تب اوسنے کہا کہ میری بکریون مین سے تیس بکری آپ پسند کر لیجیے آپنے فرمایا کہ مین بکریان نہ لونگا لیکن مین تجھے اسلام کی طرف دعوت کرتا ہون تو مسلمان ہوجا تو دوزخ سے نجات پاویگا اوسنے کہا کہ اگر کوئی معجزہ مجھے دکھاؤ تو البتہ مین مسلمان ہوجاؤن تب آپ ایک سمرہ کے درخت کو کہ متصل آپکے تھا فرمایا کہ ادھر آ بحکم خدا وہ چر کر دو ہوگیا اور ایک اوسمین سے چلکر آپکے اور رکانہ کے درمیان مین آ کھڑا ہوا اور رکانہ نے کہا کہ واقعی معجزہ تو آپ نے بڑا دکھایا اسے حکم کیجیے کہ پھر جاوے آپ نے فرمایا کہ اگر یہ میرے کہنے سے پھر جاوے تو تو مسلمان ہوجاویگا اوسنے کہا کہ ہان آپنے فرمایا درخت سے کہ پھر جا وہ پھر گیا اور اوسکے دونون ٹکڑے مل کر ایک ہوگئے پھر آپ نے رکانہ سے کہا کہ مسلمان ہوجا اوسنے کہا کہ مین اگر مسلمان ہوجاؤن تو عورتین کہینگی کہ رکانہ رعب کھا کے مسلمان ہوگیا بعد اسکے رکانہ سال فتح مکہ مین مسلمان ہوگیا

فصل دوم معجزات متعلقہ بشاخہاے منفصلہ و دیگر اشیاے چوبی

معجزہ ۲۲۱ بیہقی نے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ عکاشہؓ کو ایک خشک لکڑی دی پس وہ اوسکے ہاتھ مین تلوار ہوگئی لمبی غزوہ بدر مین اونھون نے قتال کیا پھر وہ تلوار ہمیشہ اونکے پاس رہی اور لڑائیون مین اوس سے قتال کرتے یہانتک کہ خلافت حضرت ابوبکر صدیقؓ مین قتال اہل ردت مین شہید ہوئے اور اوس تلوار کا نام عون ہوگیا تھا

Marfat.com

معجزہ ۲۲۲ بیہقی نے روایت کی ہی کہ عبد اللہ بن جحش کی تلوار غزوہ احد مین ٹوٹ گئی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شاخ خرما کی اونکے ہاتھ مین دی کہ وہ تلوار ہو گئی ف ابن سید الناس نے لکھا ہی کہ وہ تلوار اوس عبد اللہ بن جحش کی رہی اور بعد اونکی موت کے اون کے ترکے مین سے دو سو دینار کو بکی

معجزہ ۲۲۳ امام احمد نے ابو سعید خدری رضہ سے روایت کی ہی کہ ایکبار قتادہ بن نعمان رضہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشا کی نماز پڑھی اور رات اندھیری تھی اور ابر تھا اور بجلی چمک رہی تھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو ایک شاخ درخت دی اور یہ کہا کہ یہ ایسی روشن ہو جائے گی کہ دس آدمی تمھارے آگے اور دس آدمی تمھارے پیچھے اسکی روشنی مین چل سکیں اور جب تم گھر پونہچو گے ایک کالی چیز دیکھو گے اوسے مار کے نکال دیجیو قتادہ رضہ وہان سے چلے اور وہ شاخ روشن ہو گئی یہان تک کہ گھر پونہچے اور کالی چیز کو دیکھا اور اوسے مار کے نکال دیا ف وہ کالی چیز شیاطین مین سے کوئی شیطان تھا کہ اوس وقت وہان موجود ہوا تھا بحکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قتادہ رضہ نے اوسے نکال دیا ++

معجزہ ۲۲۴ صحیح بخاری مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ کے وقت ایک ستون مسجد پر کہ چھوہارے کے درخت کا تھا تکیہ لگا لیتے تھے جب منبر بنا تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر خطبہ پڑھنا شروع کیا یکبارگی وہ ستون چھوہارے کا چلا کے اس زور سے رونے لگا کہ قریب تھا کہ پھٹ جائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر سے اوترے اور اوس ستون کو اپنے بدن مبارک سے چپٹا لیا سو وہ ستون ہچکیان لینے لگا جسطرح سے وہ لڑکا جو رونے سے چپ کرایا جاتا ہی ہچکیان لیتا ہی یہانتک کہ تھم گیا آپ نے فرمایا کہ یہ ہمیشہ ذکر سنا کرتا تھا اب جو نہ سنا تو رونے لگا ف یہ معجزہ آپکا بہت سے اصحاب نے روایت کیا ہی اور ہر زمانے مین جماعت کثیر اسکی روایت کرتے رہے ہین یہان تک کہ علامہ تاج الدین سبکی نے لکھا ہی کہ صحیح میرے نزدیک یہ ہی کہ حدیث گریہ ستون کی متواتر ہی اور قاضی عیاض نے بھی اسیطرح لکھا ہی ف حضرت حسن بصری اس حدیث کو جب نقل فرماتے تو روتے اور کہتے کہ ای بندگان خدا جو خشک لکڑی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شوق مین رونے اور نالہ کرے تمھین اوس سے زیادہ مشتاق لقائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہونا چاہیے

Marfat.com

معجزہ ۲۲۵ مسلم اور نسائی اور امام احمد نے عبداللہ بن عمرؓ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر یہ آیت پڑھی وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ یعنی اللہ کی قدر کافرون نے نہین پہچانی جیسی کچھ کہ قدر پہچاننی چاہیے بعد اوسکے آپنے فرمایا کہ جبار اپنی بڑائی بیان کرتا ہی اَنَا الْجَبَّارُ اَنَا الْجَبَّارُ اَنَا الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ یعنی مین جبار ہون مین جبار ہون اور مین بڑا ہون بہت بلندی والا سو اس کلام کے سنتے ہی منبر خوب تھرتھرایا یہان تک کہ ہم لوگون کو یہ خیال ہوا کہ کہین آپ منبر پر سے گر نہ پڑین ف منبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لکڑی کا تھا سو یہ معجزہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا عالم نباتات مین ہوا کہ جسم نباتی آپکا کلام سمجھ کر خدا کی عظمت اور خوف سے تھرتھرانے لگا

معجزہ ۲۲۶ بخاری مین انسؓ سے روایت ہی کہ اُسیدؓ بن حضیر اور عبادؓ بن بشر ایک رات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور سے نکلے رات بہت اندھیری تھی اور دونون کے ہاتھ مین ایک ایک چھوٹی لکڑی تھی سو ایک کی لکڑی روشن ہو گئی سو وہ دونون اوسکی روشنی مین چلے جب دونون کی الگ ہوئی تو دوسرے کے ہاتھ کی لکڑی بھی روشن ہو گئی سو اپنی اپنی لکڑی کی روشنی مین دونون صاحب اپنے اپنے گھر پہونچ گئے

فصل سوم معجزات متعلقہ ثمار و طعام ساختہ شدہ از ثمرات و غلات

معجزہ ۲۲۷ بخاری مین جابرؓ سے روایت ہی کہ میرے والد جب مرے قرضدار تھے مینے قرض خواہون سے چاہا کہ سب چھوہارے جو ہمارے نخلستان مین حاصل ہو[ن] تھے قرض مین [لین] اونھون نے نہ مانا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہو کر عرض کیا کہ آپکو معلوم ہی کہ میرے والد جنگ اُحد مین شہید ہوئے اور بہت سا قرض چھوڑا سو مین چاہتا ہون کہ آپکو لے چلین تاکہ آپ کو دیکھکر قرض خواہ شاید کچھ رعایت کرین آپنے فرمایا کہ چلو جا کے ہر قسم کے چھوہارون کو علیحدہ علیحدہ خرمن کرو مینے ویسا ہی کیا اور آپ کو بلایا جب قرض خواہون نے آپ کو دیکھا تو مجھ سے اور بھی زیادہ تقاضا کرنے لگے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ حال دیکھکر بڑے خرمن کے گرد تین بار گھومے پھر اوسکے اوپر بیٹھ کر فرمایا کہ اپنے قرضخواہون کو بلاؤ اور اونکو پیمانہ کرنا شروع کیا یہان تک کہ سب قرض میرے والد کا ادا ہو گیا [اور] مین [راضی تھا] کہ چھوہارے صرف ہو جاوین اور ایک چھوہارا میری بہنون کے لیے بچے اور قرض ادا ہو جاوے سو اللہ تعالی نے سب خرمن بچا دیے یہان تک کہ جس خرمن پر آپ بیٹھے تھے اور اوسمین سے

Marfat.com

سب قرض ادا کیا تھا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ایک چھوہارا بھی اوس مین سے [illegible]

معجزہ ۲۲۸ ترمذی نے ابوہریرہ رضہ سے روایت کی ہی کہ مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کی خدمت مین تھوڑے چھوہارے لایا اور مینے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان
چھوہارون کے لیے دعاے برکت کیجیے آپنے اون چھوہارون کو اکٹھا کر کے اونمین دعاے برکت کی
اور مجھ سے فرمایا کہ انھین لیکے اپنے توشہ دان مین ڈال رکھو جب تمہارا جی چاہے اوسمین سے
ہاتھ ڈال کر نکال لیجیو مگر اوسے جھاڑیو مت ابوہریرہ رضہ کہتے ہین کہ اون چھوہارون مین ایسی
برکت ہوئی کہ مینے اتنے اتنے وسق اللہ کی راہ مین خرچ کیے اور ہمیشہ اوسمین سے ہم کھاتے
اور کھلاتے رہے اور وہ توشہ دان ہمیشہ میری کمر مین لگا رہتا تھا یہان تک کہ بروز شہادت
حضرت عثمان رضہ کے میری کمر مین سے کٹ کے کہین گر پڑا اور جاتا رہا **ف** سبحان اللہ
کیا برکت تھی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تھوڑے چھوہارون مین کہ ہمیشہ توشہ دان
مین حضرت ابوہریرہ رضہ کی کمر سے بندھے رہتے تھے ایسی برکت ہوئی کہ سینکڑون چھوہارے اونمین سے
اللہ کی راہ مین خرچ کیے اور قریب تیس برس کے اونمین سے کھاتے اور کھلاتے
رہے **ف** شامت اعمال خلائق اکثر باعث زوال برکت ہوتی ہی فتنہ قتل حضرت عثمان رضہ کا
کہ گناہ عظیم تھا اوسکی شامت سے ایک برکت والی کہ ابوہریرہ رضہ کو حاصل تھی جاتی رہی **ف**
ابوہریرہ رضہ سے اس توشہ دان کے گم ہوجانے مین ایک شعر منقول ہی **شعر** لِلنَّاسِ هَمٌّ وَ
لِي فِي الْيَوْمِ هَمَّانِ + فَقْدُ الْجِرَابِ وَقَتْلُ الشَّيْخِ عُثْمَانِ + یعنی سب لوگون کو ایک رنج ہی اور
مجھے آج دو رنج ہین ایک توشہ دان کھو جانے کا اور دوسرے حضرت عثمان رضہ کے قتل ہوجانے کا

معجزہ ۲۲۹ ابوداؤد نے دکین رضہ سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
حضرت عمر رضہ کو حکم دیا کہ چار سو سوارون کو قبیلہ احمس مین سے توشہ دیوین حضرت عمر رضہ نے
عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہ چھوہارے جنسے آپ توشہ دینے کو فرماتے ہین
چار صاع چھوہارے ہین اور یہ ان سبھون کا توشہ کیسے ہوگا آپنے فرمایا کہ جاؤ تو سہی حضرت عمر رضہ گئے اور اون چھوہارون
سے اون سب چار سو آدمیون کو توشہ بقدر کفایت دے دیا اور چھوہارے جتنے تھے اوتنے ہی باقی رہے

معجزہ ۲۳۰ صحیح مسلم مین ابوہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ غزوہ تبوک مین لوگون کو بھوک کی

تکلیف پہونچی یعنی توشہ کم تھا لوگ بھوکھے رہنے لگے تب حضرت عمرؓ نے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین عرض کیا کہ جو کچھ توشہ لوگون کے پاس باقی رہا ہے اوسے آپ منگا کر دعا برکت فرماوین آپنے ایک دسترخوان چرمی بچھوایا اور لوگون کو حکم دیا کہ جو کچھ توشہ بچا ہے لے آوین لوگ اپنے اپنے پاس سے جو کچھ باقی رہا تھا لے آئے یہان تک کہ بعضے آدمی ایک مٹھی بھر جوار لے آئے اور بعضے ایک مٹھی چھوہارے اور کوئی ٹکڑا روٹی کا یہان تک کہ اوس دسترخوان پر تھوڑا سا فراہم ہوا آپنے اوسپر دعاے برکت فرمائی اور لوگون سے کہا کہ اپنے اپنے برتن بھر لو سب لوگون نے سارے لشکر کے سب برتن بھر لیے اور سب لشکر نے سیر ہو کر کھایا اور بچ رہا تب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ یعنی گواہی دیتا ہون کہ نہین کوئی معبود برحق مگر اللہ تعالی اور گواہی دیتا ہون کہ مین بتحقیق رسول خدا کا ہون اور اس کلمے کو جو شخص بغیر شک کے کہے گا بہشت مین جائیگا

معجزہ ۲۳۱ صحیحین مین انسؓ سے روایت ہے کہ ابو طلحہؓ نے ام سلیمؓ سے کہا کہ مینے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز کو سبب بھوکھ کے ضعیف پایا ہے سو تمھارے پاس کچھ ہے ام سلیم نے کچھ روٹیان جو کی نکالین اور ایک اوڑھنی مین لپیٹ کر مجھے دین اور میرے ... کے تلے چھپا لیا اور وہ روٹیان لیکر مجھے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجا آپ مسجد مین تھے اور آپ کے ساتھ لوگ بھی تھے مینے سلام کیا آپنے فرمایا کہ تجھے ابو طلحہؓ نے بھیجا ہے مینے عرض کیا ہان آپنے فرمایا کہ کھانا لیکر مینے کہا کہ ہان آپنے حاضرین مجلس سے فرمایا کہ اوٹھو آپ چلے اور آپکے ساتھ سب حاضرین بھی چلے مینے آگے بڑھ کے ابو طلحہؓ کو خبر کی ابو طلحہؓ نے ام سلیمؓ سے کہا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگون کو لیے تشریف لاتے ہین اور ہمارے پاس تو کھانا اتنا نہین ہے کہ ... ام سلیم نے کہا کہ خدا اور خدا کا رسول دانا تر ہے پس ابو طلحہؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا استقبال کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ ابو طلحہؓ کے گھر مین آئے اور ام سلیم سے کہا کہ جو کچھ تمھارے پاس ہو سو لے آؤ ... روٹیان پیش کین آپنے فرمایا کہ انکے ٹکڑے کر ڈالو پھر ام سلیم نے ... گھی ... چھڑک دیا بعد اسکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسپر ... پڑھا ... دس آدمی آئے اور پیٹ بھر کھا کر اوٹھے پھر دس آدمی ... آپ ... اور بلائے ... سے دس دس آتے گئے اور پیٹ بھر کے کھاتے گئے سبھون نے پیٹ بھر کے کھا لیا اور وہ لوگ ستر یا اسی آدمی تھے

باب نوان بیان معجزات عالم حیوانات مین

اور اس باب مین تین فصلین ہین فصل اول معجزات متعلقہ حلال جانورون سے فصل دوم معجزات متعلقہ درندہ وغیرہ غیر ماکول جانورون سے فصل سوم معجزات متعلقہ اون اشیاے خوردنی سے کہ شیر وغیرہ اجزاے حیوانات سے حاصل ہوتی ہین

فصل اول معجزات متعلقہ حلال جانورون سے

معجزہ ۲۳۲ صحیح بخاری مین انس رضہ سے روایت ہی کہ ایکبار اہل مدینہ کو خطرہ دشمن کا ہوا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابو طلحہ رضہ کے ایک گھوڑے پر کہ سست رو اور تنگ قدم تھا سوار ہوے جب پھر کے آئے تب آپنے فرمایا کہ تمھارے اس گھوڑے کو مینے دریا پایا پھر بعد اسکے وہ گھوڑا ایسا تیز رفتار ہوگیا کہ کوئی گھوڑا اوس سے آگے نہین جاسکتا تھا ف سبحان اللہ کیا اثر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوار ہونے کا ہوا کہ گھوڑا سست رفتار کم قدم آپکی سواری کی برکت سے نہایت قدم باز تیز رفتار ہوگیا

معجزہ ۲۳۳ صحیحین مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ مین ایک سفر جہاد مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور میرا اونٹ سواری کا ایسا تھک گیا تھا کہ چل نہین سکتا تھا آپ مجھے ملے اور مجھسے فرمایا کہ تمھارے اونٹ کو کیا ہوگیا ہی مینے کہا کہ تھک گیا ہی آپنے پھر کے اوس اونٹ کو ہانکا اور اوسکے لیے دعا کی پس چال ہوگیا اوس اونٹ کا کہ سب اونٹون سے آگے چلتا تھا پھر آپنے مجھسے پوچھا کہ کیا حال ہی تمھارے اونٹ کا مینے عرض کیا کہ اچھا حال ہی آپکی برکت اوسے پہونچی ہی آپنے فرمایا کہ چالیس درم کو اوسے میرے ہاتھ بیچتے ہو مینے بیچ دیا اور مدینے تک اوسکی سواری کی اجازت لے لی جب آپ مدینے مین پہونچے مین اونٹ کو لیکر حاضر ہوا آپنے مجھے اوسکی قیمت عنایت فرمائی اور اونٹ بھی مجھے پھیر دیا

معجزہ ۲۳۴ شرح السنہ مین یعلی بن مرۃ ثقفی رضہ سے روایت ہی کہ انھون نے کہا کہ مینے تین چیزون آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دیکھین ہم ساتھ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چلے جاتے تھے ایک اونٹ آبکش پر گذرے سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھکر اونٹ نے اپنے گلے مین کچھ آواز کی اور گردن زمین پر رکھی آپ ٹھہر گئے اور فرمایا کہ اس اونٹ کا مالک کہان ہی اونٹ کا مالک حاضر ہوا اوس سے آپنے کہا کہ اس اونٹ کو ہمارے ہاتھ بیچ ڈالو اوسنے کہا کہ ہم اس اونٹ کو ویسے ہی آپ کی نذر کرتے ہین مگر یہ اونٹ اون لوگون کا ہی جنکے سوا کوئی معاش

Marfat.com

اِسی سے ہی آپنے فرمایا کہ جب تم نے اِس اونٹ کا یہ حال بیان کیا تو مین اُسے نہین لیتا مگر اِس نے مجھہ سے شکایت کی ہی اِس بات کی کہ محنت اِس سے زیادہ لی جاتی ہی اور دانہ چارہ اِسے کم ملتا ہی سو تم اِسے اچھی طرح سے رکھو یعلی رضی کہتے ہین کہ پھر ہم چلے آپکے ساتھہ یہان تک کہ ایک جگہ اوترے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سو رہے ایک درخت زمین چیرتا ہوا متصل آپکے آیا یہان تک کہ آپ کو ڈھک لیا پھر اپنے مکان کو چلا گیا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جاگے سینے اوس درخت کا حال بیان کیا آپ نے فرمایا کہ اوس درخت نے خدا یتعالی سے اجازت لی اِس بات کی کہ رسول خدا پر سلام کرے اللہ تعالی نے اوسے اجازت دی سو وہ میرے سلام کو آیا تھا پھر ہم چلے سو ایک ندی گذر ہوا وہان ایک عورت اپنے بیٹے کو لائی جسے جنون تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے نتھنے کو پکڑ کر فرمایا نکل جا کہ مین محمد رسول اللہ ہون صلی اللہ علیہ وسلم پھر ہم لوگ سب چلے گئے جب اوس سفر سے پھرے اور پھر اوس ندی پر پہنچے اوس عورت سے آپ نے اوسکے بیٹے کا حال پوچھا اوسنے کہا کہ قسم اوس خدا کی جسنے آپ کو پیغمبر کرکے بھیجا اوس دن سے ہم نے اوس لڑکے مین کچھہ آثار مرض کے نہین دیکھے

معجزہ ۲۲۵ شرح السنہ مین حُبَیش بن خالد برادر ام معبد رض سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت کیے ہوئے مکے سے مدینے کو جاتے تھے آپ اور ابوبکر صدیق اور حضرت ابوبکر کا غلام آزاد عامر بن فہیرہ رض اور عبداللہ لیثی کہ راہ بتلانے کے لیے آپکے ساتھہ تھا ام معبد کے خیمے پر گذرے اور اوس سے گوشت اور چھوہارے چاہے تاکہ خرید کرین اوسکے پاس نہ ملے اور اون ایام مین وہان قحط تھا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام معبد کے خیمے مین ایک بکری کو دیکھا آپنے پوچھا کہ یہ کیسی بکری ہی ام معبد نے کہا کہ لاغری کے سبب سے اور بکریون کے ساتھہ جنگل نہین جا سکتی اِس سبب سے یہان بندھی ہی آپنے فرمایا کہ اِسکے دودھ ہی اوسنے کہا کہ یہ اِس قابل نہین رہی کہ اِسکے دودھ ہو آپنے فرمایا کہ مجھہ کو تم اجازت دوگی دوہنے کی اوسنے کہا کہ اگر آپ اِسمین دودھ دیکھین تو اسے دوہ لین جناب رسول اللہ نے دعا کی اور اوس بکری کے تھن پر ہاتھہ پھیرا اور بسم اللہ کہی اور اوس بکری کے باب مین دعا کی اوسنے پانوں دوہنے کے لیے پھیلا دیے اور دودھ اوسکے تھنون مین بھر آیا اور جگالی کرنی شروع کی پھر آپنے ایک بڑا برتن منگوایا جسمین آٹھہ نو آدمی سیراب ہوسکے پی لیوین اور

اوس مین دودھ دوہا اور وہ سارا برتن بھر گیا پھر آپ نے پہلے ام معبد کو دیا انھون نے خوب سیر ہو کے پیا پھر اپنے ہمراہیون کو آپ نے پلایا یہان تک کہ وہ بھی خوب چھک گئے پھر سب سے پیچھے آپ نے پیا بعد اوسکے پھر دوہ کے آپ نے وہ برتن بھر دیا اور ام معبد پاس چھوڑا اور ام معبد مسلمان ہو گئی اور آپ نے وہان سے کوچ کیا

معجزہ ۲۳۶ بیہقی نے خالد بن عبد العزی سے روایت کی ہی کہ اونھون نے ایک بکری آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ذبح کی اور خالد کا کنبا بہت تھا جب کبھی بکری حلال کرتے تو اونکے کنبے کو کفایت نکرتی بلکہ ایک ایک ہڈی بھی اونھین نہ پہونچتی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس بکری مین سے کھایا اور جو بچا اوسکو خالد کے ڈول مین کر دیا اور اوس کے واسطے دعاے برکت کی خالد نے آکر اوس ڈول مین کا گوشت اپنے کنبے کے سامنے نکالا سبھون نے سیر ہو کے کھایا اور بیچ رہا

معجزہ ۲۳۷ بیہقی نے دلائل النبوۃ مین روایت کی ہی کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کو گھیرا بعضے قلعہ خیبر سے آپ لڑ رہے تھے ایک شخص آکر مسلمان ہوا اور وہ خیبر والون کی بکریان چراتا تھا اوسنے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان بکریون کو مین کیا کرون آپ نے فرمایا کہ تو انکے موہنہ پر کنکریان مار دے اللہ تیری امانت ادا کر دیگا اور ان سب بکریون کو اپنے اپنے گھر پونہچا دے گا سو اوس شخص نے ویسا ہی کیا اور وہ سب بکریان اپنے اپنے گھر پہونچ گئین

معجزہ ۲۳۸ امام احمد اور بزار نے انس بن مالک رض سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر اور حضرت عمر اور ایک شخص انصاری ایک انصاری کے باغ مین تشریف لیگئے وہان کچھ بکریان تھین انھون نے آپ کو سجدہ کیا حضرت ابو بکر رض نے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر زیادہ آپکی تعظیم واجب ہی ہم بھی آپکو سجدہ کیا کرین آپنے فرمایا کہ سوا خدا کے اور کسی کو سجدہ کرنا نچاہیے

معجزہ ۲۳۹ مسلم اور ابوداود نے عبد اللہ بن جعفر رض سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک باغ مین تشریف لے گئے وہان ایک اونٹ تھا بڑا شریر جو کوئی باغ مین جاتا اوس پر دوڑتا اور اوسکا ٹنے کے لیے جھپٹتا آپنے اوسے بلایا اور وہ آیا اور اوسنے آپکے لیے سجدہ کیا اور آپ کے سامنے بیٹھ گیا آپنے اوسکی ناک مین مہار ڈالی اور فرمایا کہ جتنی چیزین آسمان و زمین مین ہین سب جانتی ہین کہ مین رسول خدا ہون سوا نافرمان جن و انس کے ف حدیث اور بھی

سجدہ کرنے کی حضرت ابوہریرہ اور جابر بن عبداللہ اور یعلی بن مرہ اور عبداللہ بن جعفر اور عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہم سے بطرق متعددہ مروی ہی اور محدثین مین سے مسلم اور ابوداؤد اور ابونعیم اور بیہقی اور حاکم اور امام احمد اور دارمی اور بزار نے اپنے اپنے طریقے سے روایت کی ہی کذا فی نسیم الریاض

معجزہ ۲۴۰ ۹ طبرانی اور بیہقی اور ابونعیم اور بزار اور ابن سعد نے زید بن ارقم اور مغیرہ بن شعبہ سے روایت کی ہی کہ جس رات مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر صدیق غار ثور مین جا چھپے تھے خدا تعالی نے ایک درخت کو حکم دیا تھا کہ وہ غار پر اسطرح آجا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اوسنے ڈھک لیا اور خدا تعالی نے حکم کیا دو کبوترون کو کہ وہ آکر غار کے مونہہ پر ٹھہرے اور وہان گھونسلا بناکر انڈے دیے اور مکڑی نے آکر غار کے دروازے پر جالا پور دیا جب قریش کے لوگ آپ کے ڈھونڈھنے کو آئے اور غار تک پوہنچے غار پر کبوترون کو اور مکڑی کے جالے کو دیکھ کر کہنے لگے کہ اگر وہ اسمین ہوتے تو کبوتر اسکے دروازے پر نہ ٹھہرتے اور مکڑی کا جالا اسطرح نہوتا اور اتنا قریب پہونچ گئے تھے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اونکی باتین سنتے تھے اور اگر نیچی نظر کرتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھ لیتے پر وہ پھر گئے **ف** اللہ تعالی نے اپنے حبیب کو شر اعدا سے محفوظ رکھا اور کبوتر اور مکڑی اور درخت کو پردہ دار کیا **ف** بعضے علما نے لکھا ہی کہ حرم مین جو اب کبوتر ہین سو وہ اوسی کبوتر کے جوڑے کی اولاد مین ہین

معجزہ ۲۴۱ ۱۰ حاکم اور طبرانی اور ابونعیم نے روایت کی ہی کہ پانچ یا چھہ یا سات اونٹ عید کے دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین قربانی کے واسطے لائے گئے سو سب وہ اونٹ آپ کی طرف کو جھپٹے اور ہر ایک چاہتا تھا کہ مجھے پہلے قربانی کرین

معجزہ ۲۴۲ ۱۱ طبرانی اور بیہقی نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنگل مین تھے ایک ہرنی نے آپ کو پکار کر کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپنے دیکھا کہ ایک ہرنی بندھی ہوئی ہی اور ایک اعرابی وہان سو رہا تھا آپنے اوس ہرنی سے پوچھا اوسنے کہا کہ مجھے اس اعرابی نے شکار کیا ہی اور میرے اس پہاڑ مین دو بچے ہین آپ مجھے چھوڑ دین مین اونھین دودھ پلاکے پھر آونگی آپ نے فرمایا کہ تو بیشک پھر آوے گی اوسنے کہا کہ ہان بیشک پھر آونگی آپنے اوسے کھول دیا وہ گئی اور بچون کو دودھ پلاکے پھر آگئی آپ نے

Marfat.com

اوسے پھر باندھ دیا بعد اوسکے وہ اعرابی جاگا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہاں دیکھا اور کہا کہ کچھ آپکو ارشاد فرمانا ہی جو آپ یہاں تشریف رکھتے ہیں آپ نے فرمایا کہ تو اس ہرنی کو چھوڑ دے اوسنے چھوڑ دیا ہرنی وہان سے چلی اور کہتی تھی اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ **ف** یہ حدیث کئی سندوں سے روایت کی گئی ہی و لہذا ابن حجر نے اسے صحیح کہا ہی

معجزہ ۲۴۳ بیہقی اور ابن عدی نے سعد مولی ابی بکرؓ اور اور اصحاب سے روایت کی ہی کہ اونھوں نے کہا کہ ایک سفر میں ہم ساتھ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چار سو آدمی تھے سو ایک جگہ اوترے جہان پانی نتھا سب لوگ گھبرائے اور اس بات کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی اتنے مین ایک چھوٹی سی بکری سینگوں والی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دوہانے کے لیے کھڑی ہوگئی آپ نے اوسکا دودھ دوہا اور پیا یہان تک کہ خوب سیر ہوگئے اور ہم سبھوں کو آپنے پلایا یہان تک کہ سب خوب سیر ہوگئے بعد اسکے آپ نے رافع سے کہا کہ اسے رات بھر تھام رکھو اور فرمایا کہ مجھے نہین نظر آتا کہ تمھارے پاس یہ بکری تھم رہے رافع نے اوسے باندھ رکھا اور سو رہے پھر رات مین جو اونکی آنکھ کھلی تو اوس بکری کو نہ پایا اونھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی آپنے فرمایا کہ جو اوسے لایا تھا وہی اوسے لیگیا یعنی خدا تعالی

معجزہ ۲۴۴ بیہقی نے روایت کی ہی کہ عبد اللہ بن مسعودؓ لڑکپن مین بکریاں عقبہ بن ابی معیط کی چگاتے تھے جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکرؓ اونکے پاس ہوکے گذرے اور اون سے پوچھا کہ تمھارے پاس دودھ ہی اونھوں نے عرض کیا کہ ہی لیکن مین امانت دار ہوں آپ نے فرمایا کہ ایسی بکری لاؤ جس پر نر نہ پھاندا ہو یعنی کوئی پٹھیا لے آؤ جو بچی ہو اور دودھ اوسکے تھنوں میں کبھی نہ ہوا ہو ابن مسعودؓ نے ایک پٹھیا سامنے کی آپ نے اوسکے تھنوں پر ہاتھ پھیرا اور اللہ تعالی کی جناب مین دعا کی اور حضرت ابو بکرؓ ایک بڑا پیالہ لے آئے اوس مین آپ نے دودھ دوہا اور حضرت ابو بکرؓ سے کہا کہ پیو پھر آپ نے تھنوں سے کہا کہ سمٹ جاؤ وہ تھن جیسے تھے ویسے ہی ہوگئے اور یہی معجزہ عبد اللہ بن مسعودؓ کے اسلام کا سبب ہوا

معجزہ ۲۴۵ ابو یعلی اور طبرانی نے بسند حسن روایت کی ہی کہ جب جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حلیمہ سعدیہ واسطے دودھ پلانے کے اپنے گھر لے گئین وہان قحط تھا اور کھیت جل گئے تھے سو حلیمہ کی بکریان جب چگنے کو

Marfat.com

جاتی تھیں تو پیٹ بھر کے آتی تھیں اور اونکے تھنوں میں دودھ بھرا ہوا ہوتا اور لوگوں کی قوم کی بکریاں جنگل سے بھوکھی پھرتی تھیں اور تھن اونکے خشک ہوتے اور یہ بات بسبب برکت جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تھی

معجزہ ۲۴۶ بیہقی نے جُعَیل اشجعی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ اونھوں نے کہا کہ مین ایک سفر جہاد مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھہ ایک گھوڑی دُبلی ضعیف پر سوار تھا اور لشکر کے پچھلے لوگوں کے ساتھہ تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھسے پوچھا کہ کیا حال ہے مینے کہا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ گھوڑی ضعیف دُبلی ہے آپ نے آہستہ سے کوڑا جو آپ کے ہاتھہ مین تھا اوس گھوڑی کے مارا اور آپ نے فرمایا کہ خداے تعالی تجھے اس گھوڑی مین برکت دے سو وہ گھوڑی ایسی تیز رفتار ہو گئی کہ تھامنا اوسکا مشکل تھا اور اوس کی نسل کی گھوڑی مین نے بارہ ہزار

فصل دوم معجزات متعلقہ درندہ وغیرہ غیر ماکول جانوروں کے

معجزہ ۲۴۷ شرح السنہ مین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک بھیڑیا ایک چرواہے کی بکریوں مین سے ایک بکری لے گیا چرواہے نے جھپٹ کر بکری اوس سے چھوڑا لی وہ بھیڑیا ایک ٹیلے پر چڑھکر جا بیٹھا اور اوسنے چرواہے سے کہا کہ خداے تعالی نے مجھے جو رزق دیا تھا وہ تو نے مجھسے چھوڑا لیا چرواہے نے کہا کہ بڑے تعجب کی بات ہے ایسی بات مینے کبھی نہین دیکھی کہ بھیڑیا باتین کرتا ہے بھیڑیے نے کہا کہ اس سے زیادہ تعجب کی بات ہے کہ ان چھوہارے کے درختوں مین درمیان دو پتھریلی زمین کے ایک شخص تمھین پچھلی اگلی باتوں کی خبر دیتا ہے یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینے مین کہ نخلستان ہے اور درمیان دو سنگستان کے واقع ہے احوال گذشتہ اور اخبار آیندہ بیان فرماتے ہین ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ وہ چرواہا یہودی تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوکے اوسنے سارا قصہ بیان کیا اور مسلمان ہو گیا

معجزہ ۲۴۸ طبرانی اور بیہقی نے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے مجمع مین تشریف رکھتے تھے ایک اعرابی ایک سوسمار کو شکار کیا تھا سو اوسنے اصحاب پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ یہ کون ہین اصحاب نے کہا کہ یہ پیغمبر خدا ہین اوسنے کہا کہ قسم ہے لات و عُزی کی تم پر ایمان نہ لاونگا جب تک سوسمار ایمان نہ لاوے اور اوس سوسمار کو آپکے روبرو ڈال دیا آپنے اوس سوسمار کو پکارا کہ اے

سو جاو اوسنے زبان فصیح صاف سے کہ سب لوگون نے سنا [illegible] زینت اون لوگون کی جو قیامت مین موجود ہونگے آپنے پوچھا [illegible] کہ اوس خدا کی جسکا آسمان مین عرش ہے اور زمین مین اوسکا حکم ہے اور دریا مین [illegible] بہشت مین اوسکی رحمت ہے اور دوزخ مین اوسکا عذاب ہے آپنے پوچھا کہ مین کون ہون [illegible] کہا کہ تم رسول ہو پروردگار عالم کے اور خاتم النبیین ہو جو کوئی تمہاری تصدیق کرے اوسنے فلاح پائی اور جو کوئی تمہاری تکذیب کرے وہ نا امید رہا پس وہ اعرابی مسلمان ہو گیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو نماز اور قراءت سکھائی اور سورۂ اخلاص یاد کرا دی اوسنے جا کر یہ حال اپنی قوم سے بیان کیا وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین آئے اور سب مسلمان ہو گئے

معجزہ ۲۴۹ بیہقی نے سفینہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ اونھون نے کہا کہ مین دریائے شور مین تھا جہاز ٹوٹ گیا مین ایک تختے پر بیٹھ لیا بہتے بہتے ایک نیستان مین پہونچا وہان مجھے ایک شیر ملا اور وہ میری طرف آیا مینے کہا کہ مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام آزاد ہون وہ شیر میری طرف بڑھ آیا اور اپنا کندھا میرے بدن مین مارا پھر میرے ساتھ چلا یہان تک مجھے راہ پر کھڑا کر دیا اور تھوڑی دیر تک باریک باریک کچھ آواز کرتا رہا اور میرے ہاتھ سے اپنی دُم چھوا دی مین سمجھا کہ مجھے رخصت کرتا ہے **ف** سفینہ غلام تھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام اونکا رومان یا مہران یا طہمان تھا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونھین آزاد کر دیا تھا ایک سفر مین جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اونھین بہت سا اسباب اوٹھائے ہوئے دیکھا آپنے فرمایا کہ تو تو سفینہ ہے یعنی کشتی تب سے لقب اون کا سفینہ ہو گیا

فصل سوم

معجزات متعلق اون اشیائے خوردنی سے کہ شہد وغیرہ اجزائے حیوانات سے حاصل ہوتی ہین

معجزہ ۲۵۰ صحیح مسلم مین جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ام مالک ایک ظرف مین گھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا کرتی تھین سو جب کبھی اون کے بیٹے روٹی کے ساتھ گھی [illegible] کھانے کو مانگتے اور گھر مین کچھ ایسی چیز نہوتی تو وہ اوس برتن مین سے تلاش کرتین [illegible] ہمیشہ اون کے گھر کے لیے اوس برتن مین سے نان خورش ہوتی تھی یہان تک کہ [illegible] ایکدن برتن کو نچوڑ لیا اور آکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حال [illegible]

بیان کیا آپ نے فرمایا کہ اگر تم نہ چھوڑتین تو ہمیشہ تمھین اوس مین سے گھی ملا کرتا

معجزہ ۲۵۱ صحیحین مین حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا جب نکاح حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے ہوا تب میری مان ام سلیم نے چھوہارے اور گھی اور پنیر کو اکٹھا کر کے اوسکا حیس بناکر اوسکو ایک پیالے مین رکھ کے مجھ سے کہا کہ ای انس اسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین لے جا اور جا کے عرض کر کہ میری مان نے یہ آپکے پاس بھیجا ہی اور آپ کو سلام کہا ہی اور عرض کیا ہی کہ یہ تھوڑی سی چیز ہی آپکے واسطے سو مین وہ کھانا لے گیا اور جسطرح میری مان نے کہدیا تھا مینے عرض کیا آپنے فرمایا کہ رکھدو اور جا کے فلانے اور فلانے اور فلانے کو کہ چند آدمیون کا آپنے نام لیا بُلا لاؤ اور فرمایا کہ اور جو تمھین ملے اوسے بُلا لاؤ سو مین اون آدمیون کو جنکا نام آپنے لیا تھا اور جو ملے بُلا لایا اور سارا مکان بھر گیا قریب تین سو آدمی کے تھے اور مینے دیکھا کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دست مبارک اوس کھانے مین رکھا اور کچھ زبان سے فرمایا بعد اوسکے دس دس آدمیون کو آپ بُلاتے تھے اور فرماتے تھے کہ خدا کا نام لو اور اپنے متصل سے کھاؤ ایک گروہ نکلتا تھا اور دوسرا گروہ داخل ہوتا تھا یہانتک کہ سب کھا چکے پھر مجھ سے آپنے فرمایا کہ ای انس اس پیالے کو اوٹھا مینے اوٹھایا مین نہین کہہ سکتا کہ جب مینے رکھا تھا تب زیادہ تھا یا جب اوٹھایا تب زیادہ تھا ف حیس ایک قسم کا کھانا ہوتا ہی بطور حلوے کے کہ چھوہارے اور گھی اور پنیر سے بناتے ہین اور کبھی بجائے پنیر کے آٹا اور ستو بھی ڈال دیتے ہین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ایک پیالہ حیس مین تین سو آدمیون نے کھایا

معجزہ ۲۵۲ بخاری مین حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ اونھون نے کہا ایکدن مین بھوکھا تھا سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے ساتھ لیا اور آپنے دولتخانے مین ایک قدح دودھ کا پایا کہ کہین سے ہدیہ آیا تھا آپ نے مجھے حکم دیا کہ اصحاب صفہ کو بُلا لاؤ مینے کہا اپنے دل مین کہ اتنا دودھ اون سب آدمیون مین کیا ہوگا کاش آپ یہ سب دودھ مجھکو دیتے کہ مین سیر ہو کے پیتا اور مجھے قوت حاصل ہوتی بعد اوسکے مینے اون سب کو بلایا آپنے ارشاد کیا کہ انھین دودھ پلاؤ سو مینے پلانا شروع کیا ایک آدمی کو وہ پیالہ دے دیتا تھا جب وہ سیر ہو کے پی لیتا تھا تب دوسرے کو دے دیتا تھا یہانتک کہ سبھون نے سیر ہو کے پیا پھر آپنے

Marfat.com

پیالہ اپنے ہاتھ مین لیا اور مجھ سے کہا کہ ہم اور تم باقی رہے سو تم بیٹھ جاؤ اور پیو مین بیٹھ گیا اور پیا اور آپنے فرمایا کہ اور پیو اور مین پیتا جاتا تھا یہانتک کہ مینے کہا کہ قسم ہے اوسکی اب پیٹ مین جگہ نہین
پھر آپ نے پیالہ اپنے ہاتھ مین لیا اور حمد خدا کی کی اور بسم اللہ کہی اور باقی دودھ کو پیا

خاتمہ

ہزاران ہزار شکر بجناب رب رحمٰن و رحیم کہ یہ رسالہ معتبر کہ انجام کو پونہچا اور قریب تین سو کے معجزات جناب رحمۃ للعالمین باسناد معتبرہ اس رسالے مین مندرج ہوئے فقیر نے بڑی محنت اوسمین کی کہ بقید نام محدثین مخرجین معجزات لکھے اور اون ہی روایات کو درج کیا جو نزدیک محققین محدثین کے معتبر ہین اور کوئی حدیث کہ حسب تحقیق نقادان فن حدیث کے موضوع ہو اس رسالے مین مندرج نہین کی گئی الحمد للہ ثم الحمد للہ اب چند فوائد مناسبہ لکھے جاتے ہین

ف ۱ اس رسالے مین جسقدر معجزات کہ مشکوۃ شریف سے لکھے ہین اونمین لفظ معجزے کے متصل نام باب مشکوۃ شریف کا اور بعد اوسکے علامت فصل کے لیے مدف کھینچکے اوسپر ہندسہ فصل کا لکھدیا ہی اور کہین باب معجزات کی علامت **مع** لکھی ہی اور **ن** علامت ہی نسیم الریاض شرح شفاے قاضی عیاض کی اور **صع** علامت ہی صواعق محرقہ کی اور **قر** علامت ہی قرۃ العینین کی اور **مظ** علامت تفسیر مظہری کی اور **عز** علامت تفسیر عزیزی کی اور **مب** علامت مواہب لدنیہ کی اور اوپر لفظ معجزہ کے ہندسہ باعتبار کل کتاب کے لکھا ہی اور نیچے اوسکے داہنی طرف باعتبار فصل کے اور بائین طرف باعتبار قسم کے باب اعل مین اور ساری کتاب مین نیچے اگر ایک ہندسہ ہی باعتبار باب کے ہی اور اگر دو ہین داہنی طرف باعتبار باب کے ہی اور بائین طرف باعتبار فصل کے

ف ۲ ہر چند کہ ہندسہ معجزۂ اخیرہ کا ۲۵۲ ہی لیکن بنظر واقع کے معجزات اس رسالے مین قریبا تین سو ہین اسواسطے کہ اکثر ایک معجزے کی حدیث مین دو یا تین معجزے مذکور ہین

ف ۳ یہ بات بھی جان لینی چاہیے کہ متکلمین کی جو اصطلاح ہی کہ خوارق عادات جو قبل نبوت کے صادر ہوے ہون اونھین ارہاصات کہتے ہین معجزات نہین کہتے ہین [illegible] ہی خوارق کہتے ہین جو بعد نبوت کے ظاہر ہون سو اس رسالے مین اس اصطلاح کی پابندی نہین [illegible] ہر خارق عادت پر خواہ قبل نبوت ہو خواہ بعد نبوت اطلاق لفظ معجزہ کیا ہی اسواسطے کہ صدق نبی پر دونون جو ایکوالی [illegible]

کرامت ولی معجزہ نبی ہوتی ہی باین جہت جو کرامت اس رسالے مین مذکور ہوئی ہی اوسکو بعنوان معجزہ لکھنا
مناسب تھا لیکن باین وجہ کہ اس رسالے مین التزام تحریر اون ہی معجزات کا ہی جو بسند کتب حدیث مین مذکور ہین
لہذا صرف بعضی کرامات اصحاب کو جو کتب حدیث مین بسند مذکور ہین بعنوان معجزہ لکھا ہی

فائدہ اثناے تصنیف اس کتاب مین یہ بات معلوم ہوئی کہ جملہ اقسام عوالم کے معجزات قرآن مجید مین
بھی مذکور ہین سو مختصر اشرح اوسکی کی جاتی ہی مقدمے مین یہ بات معلوم ہو چکی ہی کہ اقسام تفصیلی عالم
کے ۹ ہین عالم معانی اور ۲ عالم ملائکہ اور ۳ عالم جن اور ۴ عالم انس اور ۵ عالم علوی اور ۶ عالم بسائط اور ۷ عالم
جمادات اور ۸ عالم نباتات اور ۹ عالم حیوانات سو عالم معانی مین خود قرآن مجید معجزہ ہی اور معجزہ تحدی
بقرآن مجید قرآن مجید مین مذکور ہی اور بھی قرآن مجید بہت پیشین گوئیون پر مشتمل ہی چنانچہ اس رسالے
کے باب اول فصل اول مین مذکور ہو چکا ہی اور عالم ملائکہ کے معجزات کی طرف اون آیات مین اشارہ ہی
جنمین ملائکہ کے نازل کرنے کا ذکر ہی مثلاً قرآن مجید مین ذکر ہی کہ خداے تعالی نے بروز بدر فرشتون کو
نازل کیا پس باب معجزات ملائکہ مین جسقدر معجزات مشاہدہ ملائکہ کے غزوہ بدر مین مذکور ہوئے ہین
یعنی معجزہ دوم سے ہفتم تک سب قرآن مجید مین مذکور ہین اور عالم انسان کے معجزات مین سے
مثلاً معجزہ محفوظی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قتل سے آیہ وَاللّٰہُ یَعْصِمُکَ مِنَ النَّاسِ مین مذکور ہی
اور دلالت کرتا ہی اس تصرف عام پر نسبت سب انسانون کے کہ کوئی آپ کے قتل پر قادر نہوگا اور
عالم جنات کے معجزات کی طرف آیہ وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَیْکَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ
الآیہ مین اشارہ ہی پس جو معجزات باب عالم جنات مین اس رسالے مین حاضری جنات کے حضور اقدس مین
مذکور ہوئے ہین سب قرآن مجید مین مذکور ہین اور عالم علوی مین معجزہ شق القمر آیہ اِقْتَرَبَتِ
السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ مین بتصریح مذکور ہی اور عالم بسائط مین معجزہ عنصر خاک آیہ وَمَا رَمَیْتَ
اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی مین اور معجزہ عنصر آب آیہ وَیُنَزِّلُ عَلَیْکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً
لِّیُطَہِّرَکُمْ بِہٖ مین اور معجزہ عنصر ہوا آیہ فَاَرْسَلْنَا عَلَیْہِمْ رِیْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْہَا
اقسام تفصیلی عالم مین سے فقط عوالم موالید ثلثہ یعنی جمادات نباتات حیوانات
ہمارے اونکے معجزات قرآن مجید مین مذکور نہین ہوئے اور اونکے مذکور نہونے کی یہ وجہ ہو سکتی ہی
کہ جب عالم انسان کے معجزات مذکور ہوئے اور وہ بھی منجملہ موالید ثلثہ از قبیل حیوانات ہی اور اونپہ

صفات تینون سوالیہ کے مشتمل ہین حاجت ذکر معجزات سوالیہ ثلثہ کی نرہی پس ثابت ہوا کہ جملہ اقسام عالم کے معجزات قرآن مجید مین مذکور ہین اور چونکہ قرآن مجید کتاب تواریخ کی نہین ہے کہ اوسمین قصہ ہر معجزہ مفصل مذکور ہو بلکہ مقصود نزول قرآن مجید سے ہدایت خلق اور بیان عظمت الٰہی اور تعداد نعمائے الٰہی ہے لہذا قرآن مجید مین ذکر معجزات کا بطور بیان عظمت الٰہی و تعداد نعمائے الٰہی ہوا اور وضع کلام الٰہی سے یہی بات مناسب ہے نہ قصہ خوانی و روزنامچہ نویسی پس موافق وضع کلام الٰہی کے بیشک جملہ اقسام عالم کے معجزات قرآن مجید مین مذکور ہین وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْهَادِيْنَ الْمُهْتَدِيْنَ وَعُلَمَاءِ اُمَّتِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ٥

تمت

خاتمۃ الطبع اندنون موجب مزید اعتقاد مومنین اور مزیل اوہام و شکوک منکرین رسالہ الکلام المبین فی آیت رحمۃ للعٰلمین یعنی بیان معجزات حضرت سرور کائنات علیہ التسلیمات تاریخ دسوین شوال سنہ ۱۲۸۴ ہجری حسب فرمائش مخدومی مکرمی جناب قاضی محمد ا... صاحب بن قاضی نور محمد صاحب باہتمام امیدوار غفران **محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان** افاض علیہ سجال العفو والغفران سے مطبع نظامی واقع کانپور مین چھپی

وجہ ختم خاتمے پر

واسطے سند اس بات کے کہ یہ کتاب چھپی ہوئی مطبع نظامی واقع کانپور ہے دستخط اور مہر مہتمم ثبت کیے گئے فقط ۵

اشتہار

یہ کتاب بموجب قانون بستم سنہ ۱۸۴۷ عیسوی کے داخل ہی رجسٹری گورنمنٹ مین ہے کوئی شخص بدون اجازت فقیر قصد چھاپنے کا نکرے

محمد روشن خان حنفی
محمد عبد الرحمن بن حاجی

العبد
عبد الرحمن عفی عنہ بن حاجی محمد روشن خان حنفی بقلم خود

محمد اقبال مجددی ذخیرہ

ماشاء اللہ لا قوة الا باللہ

بفضلیت بخشائی آخر زمان تمامی ہیران ادوم حسب ایمائے معتلی جناب قاضی محمد ابراہیم بن قاضی محمد صاحب طبع اشاعت

رحمة للعالمین
حجة فی امتین
الکلام المبین

باہتمام راجی غفران محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان مغفور بیت یافتہ خدمت برادر معظم جناب محمد مصطفیٰ خان

در مطبع صمدی واقع … کانپور